ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 55 بدھ 09 جمادی الاول 1448ھ 21 اکتوبر 2026ء صفحات 08 شمارہ 100
رجسٹرڈ BC-m-1 قیمت 40 روپے PTCL 081-2827345 081-2827344 Email. mashriqqta2008@gmail.com

کاؤنٹر ٹیرازم پالیسی پر عملدرآمد ممکن بنایا، دہشتگردی کیخلاف 14 ارب روپے سے زائد سرمایہ کاری، 60 ہزار آپریشن کئے، ضیا لانگو

حکومت نے نیشنل وصوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد کرتے ہوئے 18 نئے قوانین منظور کئے اور 17 نئے ادارے وشعبے قائم کئے، 1100 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے 450 کو گرفتار کیا گیا

کارروائیوں کے دوران رواں برس 101 پولیس اہلکار، سیکورٹی فورسز کے 551 جوان شہید ہوئے، کوئٹہ ر کھنی شاہراہ پر سفر کو محفوظ بنانے کے لئے اقدامات اٹھائے، جلد صورتحال بہتر ہوگی

سیف سٹی منصوبے، فرانزک ایجنسی، ڈرون یونٹ، ایکسی لینس سنٹر کا قیام، کوئٹہ سیکورٹی بورڈ، جدید کیمروں کی تنصیب اور شاہراہوں پر امن سمیت کئی منصوبوں پر کام جاری ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون خصوصی برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نیشنل ایکشن پلان، کاؤنٹر ٹیرازم پالیسی اور صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد کرتے ہوئے 18 نئے قوانین منظور اور 17 نئے ادارے وشعبے قائم کر کے دہشت گردی کے خلاف 14 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کرتے ہوئے 60 ہزار آپریشن کر کے 1100 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے 450 کو گرفتار کیا ان کارروائیوں میں اس سال 101 پولیس کے جوان شہید ہوئے جبکہ سیکورٹی فورسز کے 551 جوان شہید ہوئے ہیں کوئٹہ ر کھنی شاہراہ پر سفر کو محفوظ بنانے کے لئے اقدامات اٹھائے گئے ہیں کوئٹہ کراچی اور کوئٹہ تفتان شاہراہ پر آئندہ 3 سے 4 ماہ میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو سکندر آڈیٹوریم ہال میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات نے کہا کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران بلوچستان حکومت نے دہشت گردی کے خلاف متعدد عملی اقدامات کرتے ہوئے نیشنل ایکشن پلان، کاؤنٹر ٹیرازم پالیسی اور صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد کو ممکن بنایا ہے جبکہ دہشت گردی کے تدارک کے لیے 18 نئے قوانین منظور کیے اور 17 نئے ادارے وشعبے قائم کیے ہیں۔ جن کی بدولت حالات اور چیزوں کو بہتر بنانے میں مدد مل رہی ہے جس میں ڈیٹینشن سینٹر کا عمل بھی وجود میں لایا......

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ای پاسپورٹس کے لازمی اجراء کی تاریخ میں توسیع

23 اکتوبر 2026 سے صرف ای پاسپورٹس جاری ہونگے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مشین ریڈیبل پاسپورٹس کی جگہ ای پاسپورٹس کے لازمی اجراء کی تاریخ میں 22 اکتوبر تک کی توسیع کردی گئی۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف امیگریشن اینڈ پاسپورٹس نے ملک بھر میں مشین ریڈیبل پاسپورٹ کو ختم کر کے جدید ترین ای پاسپورٹ پر منتقل ہونے......

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات کر رہے ہیں

کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی معدنیات پر کنٹرول کیلئے ہے، فضل الرحمن

اس وقت کسی کے کہنے پر طاقت کا استعمال ہو رہا ہے، ہمیں یا کسی کو شکایات ہیں تو پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے

دہشت گردی کے باعث ہم نے بھی ڈیڑھ سو سے زائد لاشیں اٹھائیں، ہمیشہ بندوق کی سیاست کی نفی کی، سربراہ جمعیت

گورنر راج بلاجواز، کونسل کی تشکیل میں ہمارا کوئی رکن شامل نہیں ہوگا، اقتدار بنانا طاقت کے بجائے آئین کے مطابق ہونا چاہیے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے لیے حکومتی بیانیہ بے بنیاد ہے، یہ سب صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کے لیے ہے۔ پارٹی کی مجلس شوریٰ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے ا......

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو، شاہد رند اور حمزہ شفقات ایڈیشنل پریس کانفرنس کر رہے ہیں

دہشتگردی کے معاملے میں کے پی اور بلوچستان کا موازنہ درست نہیں، رانا ثناء اللہ

بلوچستان کی صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف فوج اور وفاق سے مکمل تعاون کر رہی ہے، مشیر برائے سیاسی امور

دہشت گردی کیخلاف تمام جماعتیں مل کر بیٹھیں تو وزیراعظم آج بھی مذاکرات کیلئے تیار ہیں، سینیٹ میں خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف بلوچستان حکومت فوج اور وفاق سے مکمل تعاون کر رہی ہے جبکہ سہیل آفریدی نے کے پی میں آپریشن ہونے سے صاف انکار کر دیا تھا، اگر تمام سیاسی جماعتیں اس معاملے پر مل کر بیٹھنے کے لیے تیار ہیں تو وزیراعظم آج بھی بیٹھنے کو تیار ہیں۔ یہ بات انہوں نے سینیٹ کے اجلاس میں خطاب......

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل کا بیوٹمز یونیورسٹی اور بلوچستان وویمن پروموٹ ٹیلنٹ کے منتظمین اور ایوارڈز وصول کرنے والوں کیساتھ گروپ فوٹو

پاکستان امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی کی کوششیں جاری رکھے گا، اسحاق ڈار، امریکہ سات شرائط پوری کرنے تک ہمارا اعتماد حاصل نہیں کر سکتا، قالیباف

خطے میں امن کیلئے فیلڈ مارشل کی ایران آمد، مذاکرات کی میز پر لانے کی کوشش

صدر مسعود پزشکیان، سپیکر باقر قالیباف سے اہم ملاقاتیں

سید عاصم منیر ایران کے اعلیٰ حکام سے بات چیت کے لیے منگل کو تہران پہنچے، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی بھی ان کے ہمراہ ہیں، چیف آف ڈیفنس فورسز کا ایران کا یہ چوتھا سرکاری دورہ ہے

فیلڈ مارشل عاصم منیر ایران اور امریکہ کے درمیان ثالثی میں مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں، ایرانی صدر سے ملاقات میں ایران امریکہ کشیدگی، دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

ایران جنگ پسند نہیں لیکن وطن اور قومی وقار کے دفاع کے لیے تیار ہے، دھمکیاں اور فوجی مشقیں ایران کے سٹریٹجک فیصلوں پر اثر انداز نہیں ہو سکتیں، سپیکر ایرانی پارلیمنٹ کی بات چیت

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ساتھ ہونے والی بات چیت میں مذاکرات سے متعلق امور زیر بحث آئیں گے لیکن توجہ زیادہ تر دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے پر مرکوز رہے گی، ایرانی وزارت خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کے چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل عاصم منیر تہران دورے پر پہنچ گئے ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے تہران میں پاکستان کے چیف آف ڈیفنس فورسز اور آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر سے......

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

معاشرے میں حوصلہ افزائی کے رجحان کو فروغ دینا ہوگا، گورنر بلوچستان

کسی کی صلاحیت، خدمت کا اعتراف بڑی سماجی خدمت ہے، حوصلہ افزائی کیلئے زندگی کے آخری حصے کا انتظار نہیں کرنا چاہیے

ایوارڈ حاصل کرنیوالے ریسرچرز اور ٹیچرز اعزاز کو اپنی آخری منزل کی بجائے ایک نئی ذمہ داری سمجھیں، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ معاشرے میں کسی کی صلاحیت کو پہچاننا، اس کی محنت یا خدمت کا اعتراف بذات خود ایک بڑی سماجی خدمت ہے۔ ایوارڈ حاصل کرنے والے ریسرچرز اور ٹیچرز اس اعزاز کو اپنی آخری......

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر راج، ایمرجنسی کے خلاف وفاقی آئینی عدالت میں درخواست دائر

وفاق، صدر، گورنر خیبر پختونخوا، حکومت خیبر پختونخوا اور دیگر متعلقہ حکام کو فریق بنایا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت میں خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف آئینی درخواست دائر کر دی گئی۔ محمد یوسف جاوید......

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

مند: مشیر کھیل مینا مجید کے بھائی اورنگزیب مجید اغواء

پولیس وسیکورٹی فورسز نے علاقہ کی ناکہ بندی کر دی، تلاش شروع

میر ضیاء، میر شعیب ودیگر کی مشیر کھیل کو جلد بازیابی کی یقین دہانی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما و مشیر کھیل وامور نوجوانان مینا مجید کے بھائی کو مند کے علاقے سے نامعلوم مسلح افراد نے اغواء کر لیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز مشیر کھیل مینا مجید کا بھائی اورنگزیب مجید کو نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے اغواء کر لیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے مغوی کی تلاش......

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

محمود اچکزئی کی مائنس نہیں ہو رہے، عمران خان کو ان پر مکمل اعتماد ہے، بیرسٹر گوہر

دہشتگردی کیخلاف ریاست کیساتھ ہیں، دہشتگردی تو بلوچستان میں بھی ہے، ہمارے مینڈیٹ کا قلعہ ہم سے لیا گیا

ایک ٹولہ ہے جو پی ٹی آئی میں اور دیگر سیاسی جماعتوں میں غلط فہمیاں پیدا کر رہا ہے، اس سے نفرت بڑھ رہی ہے، چیئرمین

پشاور (م ڈ) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ محمود اچکزئی مائنس نہیں ہو رہے، عمران خان کا ان پر مکمل اعتماد ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہمارے پاس کوئی اختیار نہیں کہ ہم اپوزیشن لیڈر کو مانتے ہیں یا نہیں، بانی پی ٹی آئی نے کہا محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس لیڈر رہیں، پارٹی ان کی رہنمائی میں آگے بڑھیں گے، انہوں نے کہا ہے کہ ہم دہشتگردی کے خلاف ریاست کے ساتھ ہیں لیکن دہشتگردی......

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے پٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا

پیٹرول کی قیمت میں 88 پیسے، ڈیزل 53 پیسے فی لیٹر مہنگا

پٹرولیم ڈویژن کی جانب آج کیلئے قیمتوں کا نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا۔ پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق پیٹرول کی قیمت......

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

اسماء و لائبہ کیس تحقیقات شفاف انداز میں مکمل کی جائیں، عبدالخالق اچکزئی

ایسے واقعات بار بار اسمبلی میں زیر بحث آنا تشویشناک، پولیس بنیادی ذمہ داری شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنائے

متاثرہ خاندانوں کی حفاظت محض رسمی نہیں ہونی چاہیے، عملی اقدامات کے ذریعے ان کا اعتماد بحال کیا جائے، اسپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی زیر صدارت اسپیکر چیمبر میں اجلاس ہوا، جس میں رکن صوبائی اسمبلی علی مدد جتک، میر جہانزیب مینگل، میر ظفر اللہ خان زہری، سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ اور اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل پولیس آصف خان نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسماء جتک اور ضلع قلات سے تعلق رکھنے والی لائبہ ستار کے......

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

طالبہ لائبہ اعجاز فراڈ کیس کا نامزد ملزم مبینہ مقابلے میں ہلاک

ملزم محمد نعمان اپنے ہی ساتھیوں کی گولیوں کا نشانہ بن کر مارا گیا، پولیس

اسلام آباد (دنیا نیوز) وفاقی دارالحکومت کے تھانہ رمنا کی حدود میں زیر حراست ملزم محمد نعمان زخمی ہونے کے بعد ہسپتال میں دم...... پولیس ٹیم پر فائرنگ کے واقعے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں، بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجہ بھی ہمراہ ہیں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس کل طلب

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس کل جمعرات 22 اکتوبر 2026 کو صبح 11:00 بجے طلب کر لیا گیا ہے۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق اس سے قبل 22 اکتوبر 2026 بروز جمعرات کو ہونے......

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی، پاکستان کا فضائی نظام متاثر

ملک کے دیگر ایئرپورٹ سے ریاض جانے والی تمام پروازیں منسوخ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور سمیت ملک کے دیگر ایئرپورٹ سے جانے اور آنے والی پچاس سے زائد پروازیں متاثر ہوئیں......

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر راج و ایمرجنسی کیخلاف کیس، اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری، جواب طلب

ہمارے اراکین کو اٹھایا جا رہا ہے، صوبے کے اندر بے امنی کا کہا گیا اور ایمرجنسی لگائی گئی

صوبائی حکومت کی اجازت کے بغیر گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ نہیں کی جا سکتی، سلمان اکرم راجہ

پشاور (م ڈ) پشاور ہائی کورٹ نے گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف درخواستوں پر اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ منگل کو پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس اعجاز انور اور جسٹس فہیم ولی پر مشتمل بنچ نے گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف پی ٹی آئی کی درخواستوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت بیرسٹر گوہر نے عدالت سے ایمرجنسی اور گورنر راج معطل کرنے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ ایک ہی دن میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ ہوئی......

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

وکلاء نے قانون کی بالادستی کیلئے جانیں قربان کیں، ہائیکورٹ بار

ذاتی کی بجائے ہمیشہ اجتماعی مفاد کو ترجیح دی ہے، عطاء اللہ لانگو، ملک امین و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائیکورٹ بار کے صدر میر عطاء......

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

سپیکر بلوچستان عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں اراکین اسمبلی کو اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل پولیس آصف خان اسماء جتک اور لائبہ کیس کے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

سیاست میں نو ریٹرن والی کوئی پالیسی نہیں ہوتی، خواجہ آصف

پی ٹی آئی کے اندر سے آوازیں اٹھ رہی ہیں کہ مزاحمت نہیں سیاست کی جائے

کل کے دوست آج کے دشمن، کل کے دشمن آج کے دوست ہو جاتے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ سیاست میں نو ریٹرن والی کوئی پالیسی نہیں ہوتی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں جیو نیوز سے گفتگو......

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا دہشت گردوں کیلئے بھارت کی حمایت پر اظہار تشویش

پاکستانی جوہری مشیر نے بھارت کی جوہری پالیسی پر بھی سوالات اٹھا دیئے

لندن (م ڈ) پاکستان نے ملک میں سرگرم دہشت گرد گروہوں کے لیے بھارت کی جانب سے مبینہ طور پر بڑھتی ہوئی حمایت پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ لندن......

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

آبنائے ہرمز میں ایرانی حملے بند ہونے چاہئیں، قطر

بحران کا جلد پرامن حل نکلنا خطے کے تمام ممالک کے مفاد میں ہے

دوحہ (م ڈ) قطر نے ایران سے آبنائے ہرمز میں غیر ذمہ دارانہ حملے فوری بند کرنے اور عالمی جہازرانی کی آزادی یقینی بنانے کا مطالبہ کرتے ہوئے......

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

بی ایس ڈی آئی پروگرام، 32 ہزار سے زائد روزگار کے مواقع فراہم

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی جاری ہے۔ بلوچستان سپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو پروگرام کے تحت صوبے میں ترقی اور روزگار کا عمل......

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیکس نیٹ کا دائرہ کار بڑھانا ناگزیر ہے، وزیر خزانہ

نظام میں بہتری کیلئے اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو بڑھانا ناگزیر ہے، پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح ہے۔ وزارت خزانہ کے زیر اہتمام ٹیکس نظام میں اصلاحات سے متعلق ورکشاپ سے خطاب کرتے......

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے آل پارٹیز کانفرنس بلائیں، لیاقت بلوچ

عوام خط غربت سے نیچے چلے گئے، اپوزیشن جماعتوں کی آل پارٹیز کانفرنس کے انعقاد میں تاخیر انہیں مزید کمزور کر رہی ہے

قومی سیاسی اور جمہوری قیادت بلوچستان اور اسکے مسائل سے اپنے آپ کو بالکل لاتعلق نہ رکھے، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (بیورو رپورٹ) رہنما جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔ منصورہ انسٹیٹیوٹ کے قومی ڈائیلاگ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ......

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر: پاک چین مشترکہ منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

شہزاد اینڈ شاہ فارم پر 5 کروڑ 20 لاکھ چینی یوآن کی سرمایہ کاری متوقع

گوادر (این این آئی) پاکستان اور چین کے سرمایہ کاروں کے مشترکہ منصوبے شہزاد اینڈ شاہ فارم کا سنگ بنیاد گوادر فری زون میں رکھ دیا گیا۔ اس منصوبے کو دوطرفہ اقتصادی تعاون کے فروغ، مقامی پیداوار، پراسیسنگ اور برآمدات میں اضافے کی......

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ کا سعودی عرب کیلئے دفاعی مشن شروع کرنے کا فیصلہ، لڑاکا طیارے تعینات ہونگے

برطانوی ٹائفون لڑاکا طیارے سعودی شہروں اور تنصیبات کو حوثی حملوں سے بچانے میں مدد دیں گے، دفاعی ذرائع

حوثیوں کی جانب سے داغا گیا ایک بیلسٹک میزائل فضا میں ہی روک کر تباہ کر دیا ہے، ترجمان سعودی فوجی اتحاد

لندن، ریاض (م ڈ) برطانیہ نے سعودی عرب کے لیے دفاعی مشن شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سعودی عرب میں دفاعی مشن پر رائل ایئرفورس کے لڑاکا طیارے تعینات کرے گا۔ بلومبرگ کی رپورٹ کے مطابق برطانوی ٹائفون لڑاکا طیارے سعودی شہروں......

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

اوور 50 ورلڈ کپ 2027: پاکستان کا شرکت سے انکار

آئندہ ورلڈ کپ بھارت میں شیڈول، حکومتی فیصلے کا احترام ہے، فواد اعجاز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت پاکستان نے بھارت میں شیڈول اوور 50 کرکٹ ورلڈ کپ 2027 میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ چیئرمین......

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پل کے نیچے نصب بارودی مواد کا دھماکہ، 5 جوان زخمی

دھماکہ کے وقت پولیس کی گاڑی گزر رہی تھی، گاڑی کو شدید نقصان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے میاں غنڈی میں پل کے نیچے نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے 5 پولیس اہلکار زخمی ہوگئے جبکہ گاڑی کو شدید نقصان پہنچا زخمیوں کو......

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیا دفاعی صنعتی تعاون مضبوط بنائینگے، معاہدہ آج متوقع

چار ملکی دفاعی صنعتی تعاون کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط آج دوحہ میں ہوں گے، اہم شخصیات کی دوحہ آمد کا سلسلہ جاری

پاکستان اور قطر کا داخلی سیکورٹی تعاون اور دفاعی پارٹنرشپ مضبوط بنانے پر اتفاق، محسن نقوی سے قطری وزیر کی ملاقات

انقرہ، دوحہ (م ڈ) ترکیہ، قطر، پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان دفاعی صنعتی تعاون کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ انقرہ سے ترک میڈیا کے مطابق چار ملکی دفاعی صنعتی تعاون کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط آج بدھ کو دوحہ میں متوقع ہیں۔ ترک میڈیا کے مطابق ترک......

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں، صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع بھی موجود ہیں

عدالتوں نے کردار ادا نہ کیا تو پھر فیصلے سڑکوں پر ہونگے، محمود اچکزئی

ہماری کسی سے کوئی ذاتی دشمنی نہیں، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے ساتھ جو ہوا یہ چار کروڑ انسانوں کی رائے دہی کیساتھ مذاق تھا

ہم سیاسی لوگوں نے ذمہ داریاں پوری نہیں کیں تو یہ بربادی سب کو نگل لیگی، اپوزیشن لیڈر کی دیگر کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو

پشاور (م ڈ) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے پشاور ہائیکورٹ......

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کے خلاف متحد ہونا پڑے گا، طارق فضل چوہدری

مذاکرات میں بھرپور کوشش تھی کہ دہشت گردی کے خلاف ہم ایک پیج پر آئیں

صوبائی سطح پر موثر تعاون کے بغیر دہشت گردی کا مقابلہ کرنا عملاً ممکن نہیں تھا، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خاتمے اور امن کے قیام کیلئے......

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

میرانشاہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایڈیشنل ایس ایچ او شہید

ڈیرہ اسماعیل خان (م ڈ) شمالی وزیرستان میں میرانشاہ بائی پاس روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایڈیشنل ایس ایچ او شہید ہو گئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں تھانہ میرانشاہ کے ایڈیشنل ایس ایچ او......

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

35 ارب کے جعلی امریکی ڈاک ٹکٹ فروخت کرنیوالا ملزم گرفتار

ملزم نے آن لائن جعلی امریکی ڈاک ٹکٹ بیچے، 16 بینک اکاؤنٹس استعمال کیے

35 مقامات پر چھاپے مارے اور 47 افراد سے پوچھ گچھ کی، افسر وفاقی ادارہ

لاہور (م ڈ) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے لاہور میں کارروائی کر کے جعلی امریکی ڈاک ٹکٹوں کے آن لائن فراڈ میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے عاطف امیر نے بتایا کہ ملزم فہیم اکرم نے امریکی ٹکٹوں کی آن لائن فروخت سے 35 ارب روپے کا فراڈ کیا۔ عاطف امیر کے مطابق ملزم نے اگست 2023 سے ستمبر 2026 تک آن لائن جعلی امریکی ڈاک ٹکٹ بیچے، ملزم نے 16 بینک اکاؤنٹس استعمال کیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملزم نے بھائی، بیوی، بہن اور خالہ کے بینک اکاؤنٹس بھی استعمال......

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بیٹی کی سزائے موت پر عملدرآمد کی اطلاع نہیں دی گئی، اہلخانہ

علم نہیں بیٹی نے سعودیہ میں کیا ایسا جرم کیا جس پر موت کی سزا ہوئی، والد

ریاض (م ڈ) سعودی عرب میں مبینہ منشیات 'حرکات' کے الزام میں سزائے موت پانے والی بنگلہ دیشی خاتون جس پر سزائے موت دی جا چکی ہے اور یہ کہ سعودی عرب میں ان کی بیٹی کی ایک دوست نے خاندان

خاتون کے اہلخانہ کا دعویٰ ہے کہ انہیں یہ معلوم نہیں تھا کہ آیا ان کی بیٹی نے کوئی ایسا جرم کیا تھا کوئی فون کر کے یہ اطلاع دی بھی کہ سزائے موت پر عملدرآمد کیا......

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

مالی سال کے پہلے 3 ماہ، بیرونی قرضوں میں 200 فیصد اضافہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت کے قرضوں کے اعداد و شمار سامنے آ گئے۔ دستاویز کے مطابق مالی سال کے پہلے 3 ماہ میں بیرونی قرضوں میں 200 فیصد اضافہ ہو گیا، جولائی تا ستمبر 5 ارب......

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

یکم جنوری سے بجلی کا نیا ٹیرف 27.30 روپے فی یونٹ کرنے کی تجویز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں یکم جنوری 2027 سے بجلی کا نیا ٹیرف 27.30 روپے فی یونٹ ہونے کا امکان ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے سال 2027 کیلئے بجلی کی خریداری......

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ سے اغواء ہونیوالے 22 پولیس اہلکار بازیاب ہو گئے

دوران حراست تشدد اور پولیس کی نوکری چھوڑنے پر دباؤ ڈالا گیا، اہلکار

مستونگ (یو این اے) مستونگ سے اغوا ہونے والے 22 پولیس اہلکار بازیاب ہو کر اپنے گھروں کو پہنچ گئے۔ بازیاب اہلکاروں نے دوران حراست تشدد، بھوکا......

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

سہ فریقی سیریز، پاکستان نے انگلینڈ کو 87 رنز سے شکست دیدی

پاکستان کی جانب سے دیے گئے 303 رنز کے ہدف کے تعاقب میں انگلینڈ کی ٹیم 215 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی

پاکستان کی ٹورنامنٹ میں مسلسل دوسری فتح، بہترین آل راؤنڈر کارکردگی پر عرفات منہاس مین آف دی میچ قرار

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے سہ فریقی سیریز کے دوسرے میچ میں پاکستان نے عرفات منہاس کی آل راؤنڈ پرفارمنس کی بدولت انگلینڈ کو 87 رنز سے شکست دے دی۔ پاکستان کی جانب سے دیے گئے 303 رنز کے ہدف کے تعاقب میں......

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

مقتول وسیم کے بہن بھائی بھی یتیم خانے میں زیر کفالت تھے

بہن کو بھی چند ماہ کے لیے وہاں رکھا، واقعہ کے بعد واپس گھر لے آئے، اہلخانہ

ملتان (م ڈ) ملتان میں 15 سال کے یتیم بچے وسیم عباس کو کار سے کچل کر قتل کرنے کے واقعہ کے حوالے سے ریکارڈ کے مطابق ملتان کے غیر رجسٹرڈ یتیم خانے میں اس وقت 122 بچے زیر کفالت ہیں۔ مظفرگڑھ سے اہلخانہ کے مطابق وسیم کا بھائی، کزن اور چھوٹی بہن بھی یتیم خانہ میں زیر کفالت تھی۔ اہلخانہ......

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کے بنیادی مسائل کا حل سیاست کا بنیادی مقصد ہے، زرک مندوخیل

شہریوں کے مسائل کو سنجیدگی سے سنا اور ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ رکھا جائے

تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی عوام کا بنیادی حق ہے

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی خدمت، علاقے کی ترقی اور بنیادی مسائل کا حل ان کی سیاست کا بنیادی مقصد ہے۔ عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ اور ترقیاتی عمل کو عوامی ضروریات کے مطابق آگے بڑھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ یہ بات انہوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ عوام نے اپنے نمائندوں کو اس امید کے ساتھ منتخب کیا ہے کہ ان کے مسائل متعلقہ فورم پر اٹھائے جائیں گے اور ان کے حل کے لیے عملی کوششیں کی جائیں گی۔ عوامی نمائندگی ایک بڑی ذمہ داری ہے جس کا تقاضا ہے کہ شہریوں کے مسائل کو سنجیدگی سے سنا جائے اور ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ رکھا جائے۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ علاقے میں تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی عوام کا بنیادی حق ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کی منصوبہ بندی میں عوامی ضروریات کو ترجیح دی جانی چاہیے تاکہ ان کے ثمرات عام شہریوں تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کا عمل کسی خاص طبقے یا گروہ تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ تمام شہریوں کو بلا رنگ و نسل یکساں مواقع اور سہولیات فراہم کرنا ضروری ہے۔ عوامی مسائل کے حل کے لیے سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر کردار ادا کرنا وقت کا تقاضا ہے۔ رکن بلوچستان اسمبلی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مسائل کو متعلقہ حکام کے سامنے اجاگر کرنے اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کا اعتماد ان کے لیے اہمیت رکھتا ہے اور اس اعتماد پر پورا اترنے کے لیے عوامی خدمت کے جذبے سے کام کرنا ناگزیر ہے۔

چیف کیسکو 22 اکتوبر کو صارفین کی شکایات براہ راست سنیں گے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر مرزا اعزاز بیگ 22 اکتوبر 2026 کو (بروز جمعرات) صبح 10 بجے سے دن 12 بجے تک صارفین کی بجلی سے متعلق شکایات ٹیلی فون پر براہ راست سنیں گے۔ کیسکو کے تمام صارفین ٹیلی فون نمبر 08192040 پر رابطہ کر کے بجلی سے متعلق اپنے مسائل کے حل کیلئے براہ راست چیف ایگزیکٹو آفیسر سے رابطہ کریں۔ آن لائن کچہری میں تمام آپریشن سرکلز کے صارفین کی شکایات کیسکو کے سینئر افسران کی موجودگی میں معلوم کیے جائیں گے اور موقع پر ہی ان کے ازالے کیلئے اقدامات اُٹھائے جائیں گے۔ کیسکو اپنے تمام صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ بروز جمعرات صبح 10 بجے سے دن 12 بجے تک بجلی کی شکایات اور ان کے حل کیلئے بذریعہ ٹیلیفون 08192040 پر رابطہ کریں

کوئٹہ، کمانڈنٹ بی سی اشفاق احمد اقوام متحدہ و بچوں کے فنڈ یونیسف کے پاکستان میں کنٹری آفس کے سیکورٹی مینیجر بی سی او سید احمد عبداللہ کو بی سی ہیڈ کوارٹر کے دورے کے موقع پر شیلڈ دے رہے ہیں

یونیسف کے پاکستان میں سیکیورٹی مینیجر سید احمد کا بی سی ہیڈ کوارٹر کا دورہ

امن و امان کے قیام فورس کی عملی استعداد کار کے حوالے سے بریفنگ دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) اقوام متحدہ کے بچوں کے فنڈ (یونیسف) کے پاکستان میں کنٹری آفس کے سیکیورٹی مینیجر بی سی او سید احمد عبداللہ نے بلوچستان کانسٹیبلری ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا، جہاں کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد اور ڈپٹی کمانڈنٹ ڈی آئی جی پولیس شہلا قریشی نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی ہیڈکوارٹر کمال خان کبزئی بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران انہیں بلوچستان کانسٹیبلری کے تنظیمی ڈھانچے، پیشہ ورانہ ذمہ داریوں، امن و امان کے قیام، اہم تنصیبات اور سرکاری و عوامی مقامات کی سیکیورٹی کے لیے کیے جانے والے اقدامات اور فورس کی عملی استعداد کار کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد نے فورس کے فرائض، ترجیحی سرگرمیوں، نظم و ضبط، پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ سیکیورٹی انتظامات کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہیں بلوچستان کانسٹیبلری کی جانب سے امن و امان کے قیام، حساس مقامات کی حفاظت اور دیگر اہم سیکیورٹی ذمہ داریوں کی انجام دہی کیلئے کیے جانے والے اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا۔

بلدیاتی اداروں کو مالی وسائل سے محروم رکھنا ناقابل قبول ہے

تاحال نان سیلری اور ترقیاتی فنڈز جاری نہ کرنا تشویش ناک ہے

شہری سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبے شدید متاثر ہو رہے ہیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) لوکل کونسل فنانس کمیشن کا اجلاس ہونے کے باوجود نان سیلری اور ترقیاتی فنڈز کا اجرا کیوں نہیں؟ بلدیاتی اداروں کو مالی وسائل سے محروم رکھنا ناقابل قبول ہے، صوبائی ترجمان آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کے صوبائی ترجمان نے کہا ہے کہ لوکل کونسل فنانس کمیشن کا اجلاس منعقد ہونے کے باوجود بلوچستان بھر کے بلدیاتی اداروں کو تاحال نان سیلری اور ترقیاتی فنڈز جاری نہ کرنا انتہائی تشویش ناک ہے۔ اس صورت حال کے باعث بلدیاتی اداروں کے روزمرہ امور، شہری سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبے شدید متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ موجودہ مالی سال کے ترقیاتی فنڈز لیپس ہونے کا خدشہ بھی بڑھ رہا ہے صوبائی ترجمان نے کہا کہ بلدیاتی ادارے عوام کے منتخب نمائندوں کے ذریعے مقامی مسائل حل کرنے، صفائی ستھرائی، نکاسی آب، گلیوں اور سڑکوں کی بہتری اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ لیکن مالی وسائل کی بروقت فراہمی کے بغیر ان اداروں سے مؤثر کارکردگی کی توقع رکھنا ممکن نہیں۔ لوکل کونسل فنانس کمیشن کا اجلاس منعقد ہونے کے باوجود فنڈز کا اجرا نہ ہونا کئی اہم سوالات کو جنم دیتا ہے، جن کا متعلقہ حکام کو واضح جواب دینا چاہیے۔

پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی، میر قدیم محمد حسنی، حافظ محمد اویس مغل، سید حبیب اللہ شاہ، نوابزادہ مظفر شاہوانی و دیگر زید کے ایپاکس ویلاز نوحصار میں بیوہ خواتین اور یتیم بچوں کو مفت پلاٹ کی فائل دے رہے ہیں

حاجی محبوب خان بڑیچ عرف بابو خان انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی کونسل کے رکن اور حلقہ پی بی 43 سے پشتونخوا نیپ کے سابق امیدوار حاجی روزی خان بڑیچ کے بڑے بھائی حاجی محبوب خان بڑیچ عرف بابو خان انتقال کر گئے۔ وہ مرحوم حاجی صاحب خان، حاجی حیات خان لالا، حاجی محمد خان، دلاور خان، سی اینڈ ڈبلیو کے ایکسین انجینئر عبدالقدوس بڑیچ کے بھائی، عثمان بڑیچ کے والد اور ڈاکٹر ناصر خان بڑیچ کے چچا تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ اور تجہیز و تدفین کے مراسم میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر و سابق رکن صوبائی اسمبلی نصراللہ خان زیرے، سردار ادریس خان بڑیچ، دوددو جمال، مفتی عبدالباقی بڑیچ، انجینئر آرین خان، صادق زلان، علاقے کے معتبرین، علمائے کرام، قبائلی عمائدین اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے اپنے بیان میں حاجی محبوب خان بڑیچ عرف بابو خان کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے

گیس کی بندش نے شہریوں کی زندگی کو متاثر کر دیا ہے، نیشنل پارٹی

مغرب تک گیس کی مکمل بندش سے گھریلو امور مفلوج ہو کر رہ گئے ہیں

گیس حکام کی عوامی مسائل سے چشم پوشی انتہائی افسوسناک ہے، عالم جان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما عالم جان ہنگورئی نے کہا کہ سریاب کوئٹہ میں جاری گیس کی طویل لوڈشیڈنگ اور کم پریشر کے شدید بحران پر عالم جان ہنگورئی نے گہری تشویش ہے کہ گیس کی مسلسل بندش نے شہریوں کی روزمرہ زندگی کو شدید متاثر کر دیا ہے عالم جان ہنگورئی نے کہا کہ گیس حکام کا عوامی مسائل سے چشم پوشی کرنا اور غفلت برتنا انتہائی افسوسناک ہے۔ عالم جان ہنگورئی نے کہا کہ روزانہ صبح 9 بجے سے دوپہر اور پھر ظہر سے لے کر مغرب تک گیس کی مکمل بندش سے گھریلو امور مفلوج ہو کر رہ گئے ہیں۔ عوامی مشکلات: طویل اور غیر یقینی بندش کے باعث شہریوں بالخصوص خواتین کو کھانا پکانے اور دیگر ضروری کاموں میں شدید دشواری کا سامنا ہے۔ عالم جان ہنگورئی نے کہا کہ سریاب کوئٹہ کے عوام باقاعدگی سے گیس کے بل ادا کرتے ہیں، اس کے باوجود انہیں اس بنیادی سہولت سے محروم رکھا جا رہا ہے اور سردی میں گیس کی لوڈشیڈنگ سمجھ سے بالاتر ہے۔ روایتی غفلت: ہر سال سردیوں کی آمد پر یہی بحران پیدا ہوتا ہے، مگر متعلقہ حکام مستقل حل تلاش کرنے کے بجائے صرف عارضی تدابیر اور روایتی یقین دہانیوں پر ہی اکتفا کرتے ہیں

مرحوم کیپٹن (ر) عبدالرحمن ترین کی رسم سوئم آج ادا کی جائے گی

کوئٹہ (پ ر) سابق سیکریٹری / کمشنر سندھ و بلوچستان (مرحوم کیپٹن (R) عبدالرحمن ترین کی رسم سوئم آج بروز بدھ بوقت ظہر ادا کی جائیگی۔ مرحوم، سابق ڈپٹی سیکریٹری (ہوم) پنجاب ملک اختر محمد ترین مرحوم کے صاحبزادے، سابق ڈی۔جی (ہیلتھ) و سیکریٹری ویمن ڈویلپمنٹ، پاپولیشن ویلفیئر ڈاکٹر عبدالرشید ترین (مرحوم) اور سابق ایڈیشنل کمشنر مرحوم عبدالغنی ترین کے چھوٹے بھائی۔ دو عمران ترین، سلمان ترین اور عدنان ترین کے والد۔ سابق UBL Bank کے سینئر برانچ مینیجر ندیم خان ترین سابق چیف انجینئر اریگیشن شعیب خان ترین کے بہنوئی، سابق ایم ایس فیڈرل گورنمنٹ ہاسپٹل ڈاکٹر حق داد ترین کے ہمزلف، سابق ڈائریکٹر ایگریکلچر مرحوم عبیداللہ خان بازئی اور سابق ڈی سی عبیداللہ شیرانی کے برادر نسبتی تھے۔ فاتحہ خوانی: مرکزی جامع مسجد جناح ٹاؤن میں جاری ہے۔ خواتین کی فاتحہ خوانی رہائش گاہ) ہاؤس نمبر (A-18 جناح ٹاؤن، سمنگلی روڈ پر ہو رہی ہے۔

اسپیشل سیکرٹری خزانہ عارف اچکزئی محکمہ خزانہ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

افسر شاہی کی بدولت ریل کا نظام تباہی کے دہانے پر ہے، چوہدری نوید

کوئٹہ شہر کی خوبصورت ترین رہائشی کالونی آثار قدیمہ کا منظر پیش کر رہی ہے

وزیر ریلوے بیوروکریسی کو مزدور دشمن کارروائیوں سے روکے، ن لیگ لیبر ونگ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ بلوچستان کے صدر چوہدری نوید احمد نے ریلوے بیوروکریسی پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں ریلوے کی کرپٹ اور مزدور دشمن افسر شاہی کی بدولت ایک طرف تو ریل کا نظام تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے دوسری طرف ریلوے کی اربوں روپے کی زمین کوڑیوں کے بھاؤ بیچ کر اپنی جیبوں کو بھرنے کی صف بندی کی جا رہی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ریلوے افسر شاہی کی نااہلی اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے کوئٹہ شہر کی خوبصورت ترین رہائشی کالونی آثار قدیمہ کا منظر پیش کر رہی ہے اس وقت محکمہ ریلوے کا صفائی کا نظام نہ ہونے کی وجہ سے جگہ جگہ کالونی میں گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں پوری کالونی کے مکانات کے گٹر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں حالانکہ ریل کے مزدوروں سے سینیٹیشن کے لیے ان کی تنخواہوں سے پیسے کاٹے جاتے ہیں غضب یہ ہے کہ ریلوے مزدور نے باقاعدہ آفیسر شاہی اجازت لیکر کیسی ریلوے ملازم اپنی مدد آپ کے تحت اپنے کوارٹر کے ساتھ چھوٹا سا کچن یا باتھ روم بناتا ہے تو سے بھی مسمار کرنے کا کہا جاتا ہے اور اب تو ظالم آفسر شاہی ان مزدوروں کے کوارٹر توڑنے کے در پے ہیں بہانہ بنایا جا رہا ہے کہ ریلوے کالونی سے انکروچمنٹ کو ختم کریں گے

مکران کو معاشی زوال، پسماندگی کی جانب دھکیلا جا رہا ہے، فدا دشتی

افغانستان بارڈر ایک سال سے بند ہے، روزگار کے ذرائع متاثر ہو رہے ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) چیمبر آف کامرس کوئٹہ کے سابق صدر اور سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل کیچ حاجی فدا حسین دشتی نے ایران بارڈر کی بندش پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان، بالخصوص مکران کو معاشی زوال اور پسماندگی کی جانب دھکیلا جا رہا ہے۔ چوری، ڈکیتی، اغوا برائے تاوان اور بھتہ خوری جیسے مسائل نے عوام، تاجروں اور کاروباری طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان بارڈر ایک سال سے زائد عرصے سے بند ہے، جبکہ ایران بارڈر بھی بند کیے جانے سے مکران کے عوام کے روزگار اور کاروبار کے اہم ذرائع متاثر ہو رہے ہیں۔ اگر حکومت کی پالیسیاں اسی طرح جاری رہیں تو خطے میں معاشی مشکلات مزید شدت اختیار کر سکتی ہیں۔ اسلام آباد میں بنائی جانے والی ایسی پالیسیوں پر نظرثانی ضروری ہے جو بلوچستان کے عوام کو مزید مشکلات سے دوچار کر رہی ہیں۔ حاجی فدا حسین دشتی نے کہا کہ ایران ایک برادر اور ہمسایہ ملک ہے اور اس کے ساتھ تجارتی و اقتصادی تعلقات خراب کرنا پاکستان بالخصوص بلوچستان کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا۔ سردیوں کی آمد کے پیش نظر ایل پی جی کی ضروریات پوری کرنا بھی ایک اہم مسئلہ ہے۔

ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے کھلی کچہری کے موقع پر ایڈیشنل ڈی سی جنرل محمد انور کاکڑ لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

کوئٹہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن کے اینٹی انکروچمنٹ آفیسران سریاب روڈ پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

ایپکا اریگیشن یونٹ کے وفد کی سیکرٹری سہیل الرحمن سے ملاقات

ملازمین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے، غلام قادر زہری

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایپکا) اریگیشن یونٹ کے صدر غلام قادر زہری کی قیادت میں ایک وفد نے آج سیکرٹری اریگیشن بلوچستان سہیل الرحمن سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں ایپکا ضلع کوئٹہ کے صدر رحمت اللہ زہری، جنرل سیکرٹری بسم اللہ خان کاکڑ، عبدالرزاق نوشیروانی اور رحمت اللہ بڑیچ شامل تھے۔ ملاقات کے دوران ایڈیشنل سیکرٹری ظہیر بلوچ، سیکشن آفیسر انجم بشیر اور ایگزیکٹو انجینئر ندیم دہوار بھی موجود تھے۔ ملاقات میں وفد نے ملازمین کو درپیش مسائل تفصیل کے ساتھ سیکرٹری کے سامنے پیش کیے، جن میں درج ذیل اہم نکات شامل تھے۔ ملازمین کی اپ گریڈیشن اور ترقیوں کے التوا کا خاتمہ چیف آفس کی کار پارکنگ کا مناسب انتظام سرکاری کوارٹرز کی مرمت و بحالی کے لیے فنڈز کی فراہمی کلاس فور ملازمین کے 20 فیصد پروموشن کوٹے پر عملدرآمد اسٹاف بس کے لیے فیول کی فراہمی اور مرمت کے لیے فنڈز اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر سروس رولز کی منظوری گیس اور بجلی کے واجبات کی ادائیگی کے لیے فنڈز پوسٹنگ و ٹرانسفر کا ٹینور کے مطابق کیا جانا ملازمین کو اقساط پر موٹر سائیکل کی فراہمی دیگر دفتری امور سے متعلق مسائل سیکرٹری اریگیشن سہیل الرحمن نے وفد کے تمام مطالبات کو انتہائی توجہ اور تحمل سے سنا اور ملازمین کے جائز مسائل کے فوری حل کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ملازمین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر جلد از جلد حل کیا جائے، تاکہ ملازمین دلجمعی اور اطمینان کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے سکیں۔ وفد نے سیکرٹری صاحب کو ملازم دوست، دیانت دار اور مخلص آفیسر قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے افسران بہت کم ملتے ہیں۔ اریگیشن ملازمین کی خوش قسمتی ہے کہ انہیں سہیل الرحمن جیسا قابل اور ہمدرد سیکرٹری ملا ہے۔ وفد نے سیکرٹری صاحب کے مثبت رویے، تعاون اور مسائل کے حل میں دلچسپی پر ان کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ ان کے اقدامات سے محکمہ میں کام کا ماحول مزید بہتر اور ملازمین کا مورال بلند ہوگا۔

مولانا عبدالواسع آج پریس کانفرنس سے خطاب کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع بدھ 21 اکتوبر 2026 کو شام 4 بجے اپنی رہائش گاہ سروے نمبر 144 میں صوبائی مجلس عاملہ کے ہمراہ اہم پریس کانفرنس سے خطاب کریں گے۔

ضلعی انتظامیہ شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے پرعزم ہے، ڈی سی کوئٹہ

کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر ریلیف فراہم کرنا، مسائل کا بروقت حل یقینی بنانا ہے

عوامی شکایات کو سنجیدگی سے لیا جائے، غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے، مہر اللہ بادینی کی متعلقہ افسران کو ہدایت

تمام درخواستوں پر میرٹ کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے، کھلی کچہری سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت ڈی سی آفس کمپلیکس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ کھلی کچہری میں تمام انتظامی افسران سمیت گیس، واپڈا، صفا کوئٹہ، پولیس، ٹریفک پولیس، میٹروپولیٹن کارپوریشن، نادرا، پی ڈی ایم اے، محکمہ صحت، تعلیم، واسا، پی ایچ ای، اریگیشن، اسسٹنٹ کمشنرز، تحصیلداران اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران شریک ہوئے۔ شہریوں نے گیس، بجلی، لوکل و ڈومیسائل، ریونیو، نادرا اور دیگر عوامی مسائل سے متعلق درخواستیں پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے موقع پر حل ہونے والے مسائل کے فوری ازالے کے احکامات جاری کیے، جبکہ دیگر شکایات کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات دیتے ہوئے ان پر عملدرآمد یقینی بنانے کی تاکید کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر ریلیف فراہم کرنا، سرکاری محکموں تک شہریوں کی رسائی آسان بنانا اور ان کے مسائل کا بروقت حل یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کو سنجیدگی سے لیا جائے، غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے اور تمام درخواستوں پر میرٹ کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت اور شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے، اور اس سلسلے میں تمام متعلقہ محکموں کی کارکردگی اور اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔

بی آر اے نے ٹیکس انتظامی نظام کو جدید ڈیجیٹل خطوط پر استوار کر لیا

ٹیکس دہندگان کو آن لائن رجسٹریشن، ٹیکس ریٹرنز، ادائیگیوں، درخواستوں کی پروسیسنگ کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں

کم ٹیکس ادا کرنے والے ٹیکس دہندگان کی نشاندہی، واجب الادا رقوم کی نگرانی، احکامات کا الیکٹرانک اجرا ممکن ہو رہا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے جدید، شفاف اور مؤثر طرز حکمرانی کے وژن، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی رہنمائی اور چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی قیادت میں بی آر اے نے اپنے ٹیکس انتظامی نظام کو جدید ڈیجیٹل خطوط پر استوار کر لیا ہے، جبکہ اس میں مزید بہتری کے لیے اقدامات بھی جاری ہیں۔ بی آر اے کے ڈیجیٹل نظام کے ذریعے ٹیکس دہندگان کو آن لائن رجسٹریشن، ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے، ٹیکس ادائیگیوں اور درخواستوں کی پروسیسنگ کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ڈیجیٹل نظام کی مدد سے محصولات کا تجزیہ، ٹیکس ریٹرنز جمع نہ کرانے والوں اور کم ٹیکس ادا کرنے والے ٹیکس دہندگان کی نشاندہی، واجب الادا رقوم کی نگرانی اور قانونی نوٹسز و احکامات کا الیکٹرانک اجرا ممکن ہو رہا ہے۔ یہ اقدامات بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS)، بلوچستان ڈویلپمنٹ اینڈ مینٹیننس آف انفراسٹرکچر سیس (BDMIC) اور دیگر متعلقہ محصولات کے انتظام کو مؤثر بنانے میں معاون ہیں۔ آئندہ مرحلے میں اتھارٹی ڈیٹا کے تجزیے کو مزید مضبوط بنانے، ٹیکس قوانین پر عملدرآمد کی ڈیجیٹل نگرانی بہتر کرنے، محصولات میں ممکنہ کمی کی نشاندہی اور ٹیکس دہندگان کے لیے آن لائن سہولیات میں مزید بہتری پر توجہ دے گی۔ ان اقدامات کا مقصد دستی کارروائیوں پر انحصار کم کرنا، شفافیت بڑھانا اور ٹیکس انتظامیہ کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کے ذریعے ٹیکس دہندگان کو سہولیات فراہم کرنے، ٹیکس قوانین پر عملدرآمد مضبوط بنانے اور صوبائی محصولات کے تحفظ و اضافے کے لیے پرعزم ہے۔ اس نظام کو مزید جامع اور مؤثر بنا کر آن لائن سہولیات کو نمایاں کر سکیں۔

کوئٹہ، ایپکا سول انڈسٹریز یونٹ کے انتخابات کے موقع پر پولنگ ایجنٹ حبیب اللہ، نازیہ خان، حافظ امان اللہ و دیگر کی نگرانی میں ملازمین ووٹ کاسٹ کر رہے ہیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ویسٹ کوئٹہ محمد حنیف نورزئی محکمہ جنگلات اور نیشنل ہائی وے کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام حکومت کے مثبت اقدامات کی حمایت کرتے ہیں، صائمہ کاکڑ

کھیلوں کے میدان آباد اور نوجوانوں کو سہولیات میسر آرہی ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سماجی کارکن صائمہ خان کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت کے مثبت اقدامات اور پالیسیوں کی وجہ سے کھیلوں کے میدان آباد اور نوجوانوں کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق سہولیات میسر آرہی ہے عوام حکومت کے مثبت اقدامات کی حمایت کرتے ہوئے ان منصوبوں سے مستفید ہوں تاکہ ان کا مستقبل روشن ہو سکے۔ ہمیں قومی اثاثوں کو نقصان پہنچانے کی بجائے ان کی حفاظت کرنا ہوگی یہ ہمارا قیمتی اثاثہ ہے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت میں پہلی بار وزراء کوئٹہ اور صوبہ میں موجود اور لوگوں کے مسائل کے حل میں اپنا مثبت کردار ادا کر رہے ہیں۔ عوام کو چاہیے کہ تنقید برائے اصلاح کر کے کسی غلطی کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنے سے گریز کر کے مثبت اقدامات کو اجاگر کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جب سے اقتدار سنبھالا ہے تعلیم کی بہتری اور کھیلوں کے میدان آباد کرنے اور ان پروگراموں میں شامل ہو کر نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو نجی تعلیمی اداروں کی چھٹیوں کی فیسوں کے حوالے سے بیان دینے سے قبل ان کی فیسوں اور بلڈنگز کے حوالے سے معلومات حاصل کرنے کی ضرورت ہے اگر کوئی بھی سکول 3 ہزار یا اس سے زائد فیس وصول کرتا ہے اور عمارت بھی اس کی اپنی ہے تو اس کو چھٹیوں کی فیس وصولی کی ضرورت نہیں اگر کوئی سکول کم فیس اور عمارت بھی کرایہ کا ہے تو اس کیلئے رعایت ہونی چاہیے۔

کوئٹہ، سماجی کارکن صائمہ کاکڑ پریس کانفرنس کر رہی ہیں

اسپیشل سیکرٹری لیبر اینڈ ایچ آر ڈی حبیب الرحمن کاکڑ کامریڈ یونس زہری کو ملازمین کی اپگریڈیشن کا نوٹیفکیشن دے رہے ہیں

کوئٹہ، سمنگلی روڈ پر ایک بچہ اپنے مال مویشیوں کے ہمراہ جا رہا ہے

اشتہار شوروغوغا لاوارث نعشیں

بمطابق پولیس رولز باب 23 فقرہ 18

نامعلوم الاسم دہشتگرد مقدمہ فرد نمبر 173/2026 زیر دفعہ (2) 7 - 7 (1) (b) (ff) (h) (i) -11F (1) (2) (6) -11G - 11H-11I -11J -11K - 11N /ATA ,3,4,5 Exp Act پولیس تھانہ سی ٹی ڈی کوئٹہ بذریعہ اشتہار ہذا تحریر ہے کہ مقدمہ فرد نمبر 173/2026 زیر دفعہ 7 (1) (b) (ff) (h) (i) - 7 (2) -11F (1) (2) (6) -11G - 11H-11I -11J -11K - 11N /ATA ,3,4,5 Exp Act پولیس تھانہ سی ٹی ڈی کوئٹہ رجسٹر درج ہو کر زیر تفتیش ہے مقدمہ ہذا میں پانچ (02) نامعلوم الاسم دہشتگردوں کی نعش ہائے مردہ خانہ سول ہسپتال کوئٹہ میں موجود ہے۔ جن کی ورثاء کی تلاش جاری ہے اور ورثاء، ارشتہ دار کی تلاش کیلئے دہشتگردوں کی تصاویر شائع کی جا رہی ہے۔ لہذا عوام الناس میں اگر کوئی متذکرہ بالا دہشتگردوں یا ان کے ورثاء، ارشتہ داروں کے متعلق معلومات رکھتا ہو یا رکھتے ہوں تو ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔ **فون نمبر**: ڈی آئی جی آفس 081-9213463 / 081-9213460 پولیس کنٹرول 081-9202777 / 081-9202555



ایس ایس پی انوسٹیگیشن سی ٹی ڈی بلوچستان کوئٹہ

PRQ No1966/20-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (87 ض ف) (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997ء FIR نمبر 87/026 پولیس تھانہ صدر مسمی (1) مسماۃ بختاور ولد زوجہ عبدالرحمن قوم قمبرانی سکنہ بائی پاس کوئٹہ (2) رضوانہ زوجہ احسان اللہ قوم قمبرانی سکنہ بائی پاس کوئٹہ (3) اربی بی زوجہ رحمت اللہ قوم قمبرانی سکنہ بائی پاس کوئٹہ (4) رحمت اللہ ولد عبدالرحمن قوم سکنہ بائی پاس کوئٹہ (5) عبدالرحمن قوم قمبرانی سکنہ بائی پاس کوئٹہ (6) زیب ولد ہیبت خان قوم نقیب سکنہ کوئٹہ (7) محمد شریف ولد ہیبت خان نقیب سکنہ کوئٹہ (8) صحبت ولد ہیبت خان قوم نقیب سکنہ کوئٹہ (9) شاہ بی بی زوجہ ہیبت خان قوم نقیب سکنہ کوئٹہ (10) سلیمہ بنت ہیبت خان قوم نقیب سکنہ کوئٹہ جرم زیر دفعہ 34,365 -A /AF 337 ت پ کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہر گاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان (1) عبدالخالق (2) عبدالغفار (3) عبدالمنان کو لازم ہے بتاریخ 26-10-2026 کو عدالت انسداد دہشتگردی خضدار بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار

PRQ No1968/20-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار شوروغوغا لاوارث نعشیں

بمطابق پولیس رولز باب 23 فقرہ 18

نامعلوم الاسم دہشتگرد مقدمہ فرد نمبر 132/2026 زیر دفعہ 7 (1) (a) (b) (c) (d) (ff) (h) (i) -11F (1) (2) (5) (6) - 11H-11I -11J - 11K -11-N /ATA, 3 Exp Act پولیس تھانہ سی ٹی ڈی کوئٹہ بذریعہ اشتہار ہذا تحریر ہے کہ مقدمہ فرد نمبر 132/2026 زیر دفعہ 7 (1) (a) (b) (c) (d) (ff) (h) (i) -11F (1) (2) (5) (6) - 11H-11I -11J - 11K -11-N /ATA, 3 Exp Act پولیس تھانہ سی ٹی ڈی کوئٹہ رجسٹر درج ہو کر زیر تفتیش ہے مقدمہ ہذا میں پانچ (01) نامعلوم الاسم دہشتگردوں کی نعش ہائے مردہ خانہ سول ہسپتال کوئٹہ میں موجود ہے۔ جن کی ورثاء کی تلاش جاری ہے اور ورثاء، ارشتہ دار کی تلاش کیلئے دہشتگردوں کی تصاویر شائع کی جا رہی ہے۔ لہذا عوام الناس میں اگر کوئی متذکرہ بالا دہشتگردوں یا ان کے ورثاء، ارشتہ داروں کے متعلق معلومات رکھتا ہو یا رکھتے ہوں تو ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔ **فون نمبر**: ڈی آئی جی آفس 081-9213463 / 081-9213460 پولیس کنٹرول 081-9202777 / 081-9202555

ایس ایس پی انوسٹیگیشن سی ٹی ڈی بلوچستان کوئٹہ

PRQ No1965/20-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Medical Superintendent DHQ Hospital Awaran invites bids from eligible Bidders for supply of following items. TSE-2627101210731 **Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** **Tender Fee** Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Medicine & related items (Total Item(s) Count: 25)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 2,316,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 2,316,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Valid / Renewed Copy of Drug Sale License Must unconditionally agree with all the instructions, terms & conditions specified in the bidding documents & contract agreement Maximum Days for supply of items = 30 days Affidavit of non-Litigation on 100 Rs Stamp paper, duly attested by 1st Class Magistrate he supplier /contractor/company has settled all there tax obligations & has no pendingdemands or disputes with the FBR tax authorities. Shelf-life must be 75% & 70% (from the date of supply of medicine) for local products & Imported products respectively Last three years Audit Reports, duly issued by audit firms registered with Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP) **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 02 November, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 02 November, 2026till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM

Address: Awaran Phone no: 0856511239

Email: drameer@gmail.com

Medical Superintendent District Headquarter Hospital District Awaran

DPRQ/PRQ No.1960/20-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE-Corrigendum

With reference to advertisement published in daily newspapers vide **DPRQ/PRQ No. 1826/9-10-2026** The Director Archives invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627101206052 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Invitation of Management/Event Management (Total Item(s) Count: 8)	2%

Changed Area

S.No	Step Name	Remarks
1	Case Particular	Observation raised by BPPRA
2	Case Schedule	By Default

Note: The Remaing Terms & Conditions shall Remain Same.

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 26 October, 2026till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 17 October, 2026 are required to download the ammended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same. Address: Balochistan

Phone no: 0332454458Fax no: 0819213197

Email: nil29@gmail.com

System Analyst/DDO Balochistan Archives

PRQ No.1957/20-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE - Corrigendum

With reference to advertisement published in daily newspapers vide **DPRQ/PRQ No. 1829/9-10-2026** The Director Archives invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627101206122 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Invitation of Management/Event Management (Total Item(s) Count: 7)	2%

Changed Area

S.No	Step Name	Remarks
1	Case Particular	Observation Raised by BPPRA
2	Case Schedule	By Default

Note: The Remaing Terms & Conditions shall Remain Same.

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 26 October, 2026till 11:30 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:30 PM on EPPS System The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 17 October, 2026 are required to download the ammended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same. Address: Balochistan

Phone no: 0332454458Fax no: 0819213197

Email: nil29@gmail.com

System Analyst/DDO Balochistan Archives

PRQ No.1956/20-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع برائے رجسٹرڈ مزدوران

ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان کی جانب سے لیبر فلیٹس واقع لیبر کالونی نواں کلی اور لیبر کالونی ایسٹرن بائی پاس کوئٹہ میں ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر الاٹمنٹ کے لئے شائع شدہ اشتہار نمبر: AB NO 331/14/09/2026 کے مطابق قرعہ اندازی کی تاریخ 22 اکتوبر 2026 مقرر کی گئی تھی۔ جو چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر اب تمام درخواست گزاران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ قرعہ اندازی کی نئی تاریخ 26 نومبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔

سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان

AB No448/20-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

وزیر اعلیٰ کی ہدایت ترقیاتی فنڈز سے شروع کیے گئے منصوبوں کے ثمرات عوام تک پہنچائے جائیں اعلیٰ افسران

تعمیراتی کاموں کا معیار برقرار رکھا اور منصوبوں کی تکمیل میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے، کام مقررہ وقت میں مکمل کرنے کیلئے عوامی وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے، عبدالروف بلوچ

عوامی فنڈز کے استعمال میں غفلت، ناقص تعمیراتی کام اور معیار پر سمجھوتے کو کسی صورت برداشت نہیں، بشیر احمد بنگلزئی، ہاشم غلزئی و دیگر اعلیٰ افسران کا سوئی میں معائنے کے دوران اظہار خیال

لینا، جاری تعمیراتی کاموں کے معیار کو جانچنا اور عوامی مفاد کے منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنانا تھا۔ دورے میں سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالروف بلوچ، چیئرمین سی ایم آئی ٹی بشیر احمد بنگلزئی، سیکرٹری کالجز ہاشم غلزئی، سیکرٹری پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) شاہ زیب کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ صحت شفیق بلوچ اور دیگر اعلیٰ حکام شامل تھے۔ دورے کے دوران متعلقہ ترقیاتی منصوبوں پر جاری کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا گیا اور تعمیراتی سرگرمیوں کی رفتار، استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل اور کام کے معیار کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر منصوبوں پر عمل درآمد کی صورت حال کا مشاہدہ کرتے ہوئے اس امر پر توجہ دی گئی کہ ترقیاتی کام مقررہ معیار کے مطابق مکمل ہوں اور عوامی وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کے تحت ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ عوامی فنڈز سے شروع کیے گئے منصوبوں کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچیں، تعمیراتی کاموں میں معیار برقرار رہے اور منصوبوں کی تکمیل میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کی کارکردگی اور منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینا بھی اہمیت کا حامل ہے تاکہ ترقیاتی عمل میں کسی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر کی حوصلہ شکنی کی جا سکے۔ اس موقع پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ عوامی فنڈز کے استعمال میں غفلت، ناقص تعمیراتی کام اور معیار پر سمجھوتے کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ عوام کے پیسے کا ایک ایک روپیہ ان کی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقے کی پائیدار ترقی پر خرچ ہونا چاہیے۔ ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی کے ذریعے اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ سرکاری وسائل شفاف انداز میں استعمال ہوں اور منصوبے اپنے مقررہ مقاصد کے مطابق عوام کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور شفافیت پر خصوصی توجہ اس عزم کی عکاسی کرتی ہے کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں بنیادی سہولیات کی بہتری، عوامی ضروریات کی تکمیل اور پائیدار ترقی کے لیے جاری اقدامات کی مسلسل نگرانی کی جائے تاکہ عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے حکومتی وژن کو عملی جامہ پہنایا جا سکے۔

شہید ساجد حسین کی آٹھویں برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی

چھتر (یو این اے) پاک فوج کے سپاہی ساجد حسین بھنگر شہید کی آٹھویں برسی آج منائی جا رہی ہے، وطن کے دفاع میں جان قربان کرنے والے سپوت کو خراج عقیدت جنوبی وزیرستان کے علاقے احمد وام میں 19 اکتوبر 2018ء کو شہید ہوئے، تعلق نصیر آباد کی تحصیل میر حسن خان کھوسہ سے تھا تفصیلات کے مطابق پاک فوج کی 69 بلوچ رجمنٹ (محافظ) سے وابستہ سپاہی ساجد حسین بھنگر شہید ولد محمد یوسف کی شہادت کی آٹھویں برسی کے موقع پر ان کی قربانی، فوجی خدمات اور وطن کے دفاع کیلئے دی جانے والی عظیم قربانی کو یاد کیا جا رہا ہے۔

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

آڈٹ کارروائیوں کو مؤثر شفاف اور نتائج پر مبنی بنایا جائے عبداللہ خان

چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی زیر صدارت اجلاس، آڈٹ نظام کو مزید مؤثر بنانے پر غور

بی آر اے صوبے میں ٹیکس انتظامیہ کی کارکردگی مؤثر بنانے کیلئے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) میں چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں آڈٹ کارروائیوں کا جائزہ لینے، آڈٹ نظام کو مزید مؤثر بنانے اور صوبائی محصولات میں موجود ممکنہ فرق کی نشاندہی سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں آڈٹ کے عمل کو مزید مضبوط بنانے، ٹیکس قوانین پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے اور محصولات کی وصولی میں موجود خامیوں اور ممکنہ کمی کی نشاندہی کے لیے مربوط حکمت عملی اپنانے پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر اس امر پر توجہ دی گئی کہ آڈٹ کارروائیوں کو مؤثر، شفاف اور نتائج پر مبنی بنایا جائے تاکہ ٹیکس دہندگان کی جانب سے درست ٹیکس رپورٹنگ کو یقینی بنانے، عدم تعمیل کی نشاندہی کرنے اور واجب الادا محصولات کی وصولی بہتر بنانے میں مدد مل سکے۔ چیئرپرسن نے آڈٹ نظام کو مزید مستحکم بنانے اور محصولات کے فرق کی نشاندہی کے لیے متعلقہ افسران کی مربوط کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ دستیاب معلومات اور ریکارڈ کو مؤثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے ٹیکس قوانین کے مطابق کارروائیوں کو آگے بڑھایا جائے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے میں ٹیکس تعمیل کو بہتر بنانے، محصولات کے ممکنہ نقصانات کی نشاندہی اور ٹیکس انتظامیہ کی کارکردگی مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا اداروں کی ذمہ داری ہے محمد خان لہڑی

قانون کی بالادستی اور منشیات و جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں، پارلیمانی سیکرٹری

منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل کے لیے اجتماعی کوششوں اور ذمہ دارانہ طرز عمل کی ضرورت ہے

کوئٹہ (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ قانون کی بالادستی، عوام کے جان و مال کا تحفظ اور معاشرے کو منشیات سمیت دیگر سماجی برائیوں سے پاک کرنے کے لیے مربوط اقدامات ضروری ہیں۔ صوبے میں امن و امان کے قیام اور قانون پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ منشیات ایک سنگین معاشرتی مسئلہ ہے جو نوجوان نسل کے مستقبل کو متاثر کرتا ہے۔ اس لعنت کی روک تھام کے لیے صرف کارروائیاں کافی نہیں بلکہ عوامی آگاہی، والدین کی توجہ، تعلیمی اداروں کا کردار اور متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ بھی ضروری ہے۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں اور ان کی صلاحیتوں کو مثبت سرگرمیوں، تعلیم اور ہنر کے فروغ کے لیے استعمال کرنا چاہیے۔ منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل کے لیے اجتماعی کوششوں اور ذمہ دارانہ طرز عمل کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ریاستی اداروں کی اہم ذمہ داری ہے۔ متعلقہ محکموں کو چاہیے کہ وہ اپنی کارکردگی بہتر بنائیں اور عوامی مفاد سے متعلق امور میں شفافیت اور جواب دہی کو یقینی بنائیں۔ پارلیمانی سیکرٹری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مفاد، قانون کی بالادستی اور سماجی برائیوں کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کی حمایت جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایک محفوظ، پرامن اور منشیات سے پاک بلوچستان کی تشکیل کے لیے حکومت اور عوام کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔

بلوچستان پولیس کی صوبہ بھر میں اشتہاریوں اور مطلوب ملزمان کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران گرفتار ملزمان، برآمد اسلحہ اور منشیات میڈیا کو دکھایا جا رہا ہے

پولیس کی خصوصی مہم 50 اشتہاری 279 مفرور ملزمان گرفتار 12 مغوی بازیاب

صوبے کی 9 رینجز میں جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی، قانون شکن عناصر کیخلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن جاری، مختلف جرائم میں ملوث 459 افراد کو بھی حراست میں لیا گیا

91 پسٹل و ریوالور، 2 کلاشنکوف اور 13 شارٹ گن رائفلیں اور گولیاں برآمد، منشیات کے خلاف کارروائیوں کے دوران 106 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا، بلوچستان پولیس

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایت پر صوبہ بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران بلوچستان پولیس نے گزشتہ تین ہفتوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرتے ہوئے 50 اشتہاریوں اور 279 مفرور ملزمان کو گرفتار کر لیا، اس دوران 12 مغویوں کو بھی بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا ہے جبکہ مختلف جرائم میں ملوث 459 افراد کو بھی حراست میں لیا گیا۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق صوبے کی 9 رینجز میں جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اور قانون شکن عناصر کے خلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے۔ جبکہ 97 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد کیا گیا۔ پولیس کے مطابق برآمد کیے گئے اسلحے میں 91 پسٹل وریوالور، 2 کلاشنکوف اور 13 شارٹ گن رائفلیں شامل ہیں۔ اسی طرح منشیات کے خلاف کارروائیوں کے دوران 106 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا اور ان کے قبضے سے 154 کلوگرام سے زائد چرس اور 10 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ ترجمان نے بتایا کہ پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران 4 مسروقہ گاڑیاں، 12 موٹر سائیکلیں، 4 موبائل فون، ایک تولہ سونا اور 50 ہزار روپے نقدی بھی برآمد کر کے متعلقہ مالکان کے حوالے کرنے کے اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے سلسلے میں 2733 گاڑیوں سے کالے شیشے اتار دیے گئے، جبکہ عوامی شکایات کے بروقت اور شفاف ازالے کے لیے متعلقہ افسران کو خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ ترجمان بلوچستان پولیس نے کہا کہ عوامی تحفظ، امن وامان کا قیام اور قانون پسند شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جرائم کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کو مزید تیز کیا جائے گا اور صوبے بھر میں امن کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

اسلام آباد، ربجا کے زیر اہتمام تعزیتی اجلاس میں مرحومین کے لیے دعا مغفرت کی جا رہی ہے

تفتان بارڈر کو پاک ایران تجارت کیلئے فوری طور پر کھولا جائے پی آئی بی ایف

سرحدی علاقوں کے عوام کی بڑی تعداد کا روزگار بارڈر ٹریڈ سے وابستہ ہے، میر محمد عاصم خان سنجرانی

بارڈر کی بندش سے مزدوروں اور سرحدی تجارت سے وابستہ ہزاروں افراد کا روزگار متاثر ہو رہا ہے

کوئٹہ (آئی این پی) پاک انٹرنیشنل بزنس فورم بلوچستان کے صوبائی صدر میر محمد عاصم خان سنجرانی، جنرل سیکرٹری سید آیت اللہ آغا، سینئر نائب صدر اکبر علی شاہ، ایگزیکٹو ممبر نور محمد مینگل اور سیکرٹری اطلاعات مجیب مینگل نے تفتان بارڈر کی بندش پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بارڈر کو فوری طور پر کھولا جائے تاکہ پاک ایران تجارت بحال ہو اور متاثرہ افراد کو ریلیف مل سکے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ تفتان بارڈر بلوچستان کی تجارتی سرگرمیوں اور پاک ایران تجارت کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ بارڈر کی بندش سے تاجروں، ٹرانسپورٹرز، مزدوروں اور سرحدی تجارت سے وابستہ ہزاروں افراد کا روزگار متاثر ہو رہا ہے، جبکہ کاروباری سرگرمیاں معطل ہونے سے معاشی مشکلات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرحدی علاقوں کے عوام کی بڑی تعداد کا روزگار بارڈر ٹریڈ سے وابستہ ہے، اس لیے حکومت کو متاثرہ تاجروں اور عوام کی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے فوری اور مؤثر اقدامات کرنے چاہئیں۔ میر محمد عاصم خان سنجرانی اور دیگر عہدیداران نے حکومت پاکستان اور متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ تفتان بارڈر کھولنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں تاکہ تجارت بحال ہو، تاجروں کے نقصانات میں کمی آئے اور سرحدی علاقوں کے عوام کو درپیش معاشی مشکلات کا ازالہ ممکن ہو سکے۔

دربار سلطان باہو پر ہزاروں پاکستانیوں نے مکہ معاہدے کا انسانی ماڈل بنا دیا

مکہ معاہدے کا انسانی ماڈل اتحاد، امن، دشمن کے سلامتی کے پیغام کی علامت بن گیا، سلطان احمد علی

کوئٹہ (اے این این) مسلم انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام دربار حضرت سلطان باہو پر ہزاروں پاکستانیوں نے مکہ معاہدے کا انسانی ماڈل کی تشکیل دے کر اتحاد، یکجہتی اور اجتماعی سلامتی کا منفرد پیغام دیا۔ مکہ معاہدے کی علامت کے طور پر ترتیب دیے گئے اس انسانی ماڈل کو تینوں متعلقہ ممالک کے قومی پرچموں سے مزین کیا گیا، جبکہ شرکاء کے قومی ترانوں اور "[illegible]" کے نعروں سے فضا گونجتی رہی۔

حکومت قیام امن میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ملک سکندر

عوام کی جان، مال اور عزت داؤ پر لگی ہوئی ہے جبکہ متعدد علاقے عدم تحفظ کی وجہ سے شدید بحران کا شکار ہیں

بلوچستان کے مسئلے کا حل طاقت نہیں بلکہ مذاکرات اور سیاسی تدبر میں ہے، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری جمعیت

کوئٹہ، سیکرٹری سہیل الرحمن بلوچ سے اپیکا کے صدر رحمت اللہ زہری کی قیادت میں اپیکا ایریگیشن یونٹ کا وفد ملازمین کے مسائل سے متعلق ملاقات کر رہے ہیں

شہری 24 گھنٹے ماہر ڈاکٹروں سے طبی مشاورت حاصل کر سکتے ہیں، ایپ متعارف

پلاسٹک بیگز کیخلاف کارروائی، 371 کلو پلاسٹک ضبط، دو صنعتی یونٹس سیل

کارروائی کے دوران حفیظ ڈسپوزیبل، مولانا ہول سیل اسٹورز، امدادی شاپنگ مال اور دیگر کاروباری مراکز سے مجموعی طور پر 60 کلوگرام ممنوعہ پلاسٹک ضبط کیا گیا، جس میں امدادی شاپنگ مال سے ضبط ... افسران و اہلکاروں نے حصہ لیا۔ تاجروں اور دکانداروں کو ممنوعہ پلاسٹک کے نقصانات، قانونی پابندیوں اور ماحول دوست متبادل کے استعمال سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔ ... کے مطابق مہم کا مقصد صرف تنبیہی اور قانونی کارروائی نہیں بلکہ عوامی رویوں میں مثبت تبدیلی، کاروباری طبقے کی حوصلہ افزائی اور ماحولیاتی قوانین پر مستقل عمل درآمد کو فروغ دینا ہے۔

درآمدات برآمدات آسان بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جائیں حاجی حنیف اچکزئی

تاجروں کیلئے چیمبر آف کامرس کے رکنیت سازی آسان کرنے پر صدر چیمبر کی کاوشیں قابل ستائش ہیں، چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی

تاجروں کے مسائل کے حل اور شہر کی تجارتی ترقی کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے، مدثر خان، مقصود کاکڑ، گلبدین نورزئی و دیگر

چمن (پ ر) چیمبر آف کامرس کے صدر حاجی حنیف اچکزئی اور ان کی کابینہ نے مرکزی انجمن تاجران و دکانداران رجسٹرڈ چمن کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انجمن تاجران کے چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی اور دیگر رہنماؤں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر چیمبر آف کامرس کے صدر اور ان کی کابینہ نے انجمن تاجران کے رہنماؤں سے ملاقات کی، جس میں چمن کے تاجروں کو درپیش مسائل، تجارتی سرگرمیوں کے فروغ، کاروباری مشکلات کے حل اور شہر کی تاریخی تجارتی حیثیت کی بحالی کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ چمن کی تاجر برادری کے مسائل کے حل، کاروباری ماحول کو بہتر بنانے اور تاجروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے چیمبر آف کامرس اور مرکزی انجمن تاجران باہمی تعاون اور مشترکہ جدوجہد جاری رکھیں گے۔ رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ تاجر برادری کے اتحاد اور یکجہتی کے ذریعے درپیش مشکلات پر قابو پایا جا سکتا ہے اور چمن کی تجارتی سرگرمیوں کو مزید فروغ دیا جا سکتا ہے۔ ملاقات کے اختتام پر مرکزی انجمن تاجران و دکانداران رجسٹرڈ چمن کی جانب سے چیمبر آف کامرس کے صدر حاجی حنیف اچکزئی کو تجارتی شعبے میں خدمات اور بہترین کارکردگی کے اعتراف میں بیسٹ پرفارمنس ایوارڈ سے نوازا گیا۔ اس موقع پر انجمن تاجران کے رہنماؤں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ چمن کی تاجر برادری کے وسیع تر مفاد میں چیمبر آف کامرس کے ساتھ تعاون جاری رکھا جائے گا۔

رفاہ انٹرنیشنل اور شانڈونگ ٹونگ شان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اشتراک کا مقصد سماجی خدمات کے شعبوں میں پاک چین تعاون کو فروغ دینا ہے، احسن محمد

اسلام آباد (نمائندہ اسلام آباد) رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی نے چین کے شانڈونگ ٹونگ شان چلڈرن ویلفیئر اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر کے ساتھ مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے ہیں، جس کا مقصد تعلیم، نوجوانوں کی ترقی، ثقافتی تبادلوں اور سماجی خدمات کے شعبوں میں پاک چین تعاون کو فروغ دینا ہے۔ اس شراکت داری کا مقصد دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روابط کو مزید مستحکم کرنا اور طلبہ، نوجوان پیشہ ور افراد کے لیے مشترکہ تعلیمی سرگرمیوں، ثقافتی تبادلوں اور رضاکارانہ خدمات کے پروگراموں میں شرکت کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ "مفاہمت کی یادداشت پر رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے ڈپٹی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر یاور حیات خان اور شانڈونگ ٹونگ شان چلڈرن ویلفیئر اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر کے ڈائریکٹر مسٹر ژیاؤ نے دستخط کیے۔" اس معاہدے کے تحت رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی میں YoutPakistaChina CenteTeamServiceVolunteer قائم کیا جائے گا، جو نوجوانوں کو رضاکارانہ خدمات، سماجی ترقی اور کمیونٹی کی بہتری کے مشترکہ پروگراموں میں حصہ لینے کے مواقع فراہم کرے گا۔

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت اجلاس

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت اہم اجلاسوں کا انعقاد۔ آئی جی اسلام آباد نے سکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، جدید پولیسنگ اور عوامی سہولیات کا ... کو آرڈینیشن سینٹر (4C) کا دورہ کرتے ہوئے پولیس آپریشنز اور امن و امان کی صورتحال کی نگرانی کا معائنہ بھی کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔

کوئٹہ، اہلسنت وجماعت کے رہنما ذوالفقار طارق صالح بلڈ بینک کے چیئرمین صالح محمد سے ملاقات کر رہے ہیں

اطلاع عام

دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ چھاؤنی

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پراپرٹی نمبر A-27 شہباز ٹاؤن فیز II کوئٹہ کینٹ ہمارے ریکارڈ کے مطابق جعفر خان ولد نادر خان کی ملکیت ہے اور اب جعفر خان ولد نادر خان مذکورہ جائیداد کو بذریعہ سیل ڈیڈ عبدالحلیم ولد خیر محمد کو فروخت کرنے کیلئے درخواست دفتر ہذا میں جمع کروائی ہے۔ اس پراپرٹی کے بارے میں کسی شخص یا ادارے کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ میں 15 یوم کے اندر تحریری طور پر درخواست دے۔ میعاد گزرنے کے بعد دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئی اعتراض قبول نہیں کریگا۔

المشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کوئٹہ چھاؤنی، فون نمبر 081-9201443

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ۔ مسل نمبر 72/26 درخواست گارڈین۔

محمد نادر ولد مرحوم عبدالظاہر سکنہ کلی ترخہ اسپنی روڈ کوئٹہ۔ بنام

1۔ گلسیمہ، بیوہ مرحوم عبدالظاہر، والدہ نابالغان، سکنہ کلی ترخہ اسپنی روڈ کوئٹہ (2)۔ عوام الناس

(1) یونس خان، (2) بی بی گل جمعہ (3) بی بی شاہدہ (4) عائشہ (5) بی بی راحیلہ (6) موہینہ تمام پسران اینڈ دختران مرحوم عبدالظاہر سکنہ کلی ترخہ اسپنی روڈ کوئٹہ۔ عنوان اشتہار بنام عوام الناس۔

ہرگاہ مقدمہ عنوان عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جسکی آئندہ تاریخ سماعت 04-11-2026 مقرر ہو چکی ہے، بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضری عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اشتہار ہذا آج بمورخہ 19-10-2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

فیملی جج (2) کوئٹہ۔

Modren Advt

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (87 ض ف) (10) 19 انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997ء، FIR نمبر 128/2026 CTD خضدار مسمی (1) ترجمان اختر ندیم عرف میجر گہرام بلوچ ولد بخش قوم بلوچ سکنہ آواران (2) اللہ نذر ولد نبی بخش قوم محمد حسنی سکنہ مشکے جرم زیر دفعہ ATA 11W-21(i) 11G (2) 7- (i) (b) (a) (1) 7 کے مرتکب ہوئے ہیں بیان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان (1) اختر ندیم ولد لعل بخش (2) اللہ نذر ولد نبی بخش کو لازم ہے بتاریخ 26-10-2026 کو عدالت انسداد دہشتگردی خضدار بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار

PRQ No1969/20-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مسل نمبر 103/26 درخواست گارڈین مسعود احمد ولد عبدالصمد پتہ ہاؤس نمبر 80-20/23G عثمان روڈ کوئٹہ **بنام** (1) عوام الناس (2) فہمیدہ زوجہ عبدالقادر، پتہ ائیرپورٹ روڈ شلیٹی ہاؤس کلی گل محمد کوئٹہ عنوان اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جسکی آئندہ تاریخ سماعت 23-10-2026 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضری عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی اشتہار ہذا آج بمورخہ 20-10-2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

فیملی جج (4) کوئٹہ

PAKISTAN AIRPORTS AUTHORITY (PAA)
پاکستان ائیر پورٹس اتھارٹی

PROCUREMENT NOTICE
PROCUREMENT OF WORKS
CONSTRUCTION OF AVIATION COMPLEX AT BLUE AREA, ISLAMABAD

تصحیح نمبر 2

مذکورہ بالا عنوان کے تحت قومی اور بین الاقوامی اخبارات اور ای پیڈز ورژن 2.0، پاکستان ائیرپورٹس اتھارٹی اور پی پی آر اے (PPRA) کی ویب سائٹس پر 02 ستمبر 2026 کو شائع ہونے والی بولیوں کی درخواست اور بعد ازاں 01 اکتوبر 2026 کو شائع ہونے والے تصحیح نمبر 1 کے حوالے سے، مذکورہ کاموں کے لیے بولیوں کی درخواست کی سیریل نمبر 4 کو مندرجہ ذیل سیریل نمبر 4 سے تبدیل کیا گیا ہے:

4۔ الیکٹرانک بولی کی دستاویزات میں دی گئی ہدایات کے مطابق تیار کردہ ای بولیاں ای پیڈز ورژن 2.0 کے ذریعے جمعرات، 05 نومبر 2026، صبح 11:00 بجے تک یا اس سے قبل جمع کرانا ضروری ہیں۔ بولیاں اسی روز جمعرات، 05 نومبر 2026، صبح 11:30 بجے کھولی جائیں گی۔

02 ستمبر 2026 کو شائع ہونے والی بولی کی دستاویزات اور بعد ازاں 01 اکتوبر 2026 کو شائع ہونے والے تصحیح نمبر 1 سے متعلق تصحیح نمبر 2 کی مزید تفصیلات کے لیے براہ کرم ای پیڈز ورژن 2.0 ملاحظہ کریں۔

ڈائریکٹر (D&P)
پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈائریکٹوریٹ،
پاکستان ائیرپورٹس اتھارٹی، ٹرمینل-1، جناح انٹرنیشنل ائیرپورٹ، کراچی
فون نمبر: 99242773 (21-92) ایکسٹینشن: 2081
فیکس نمبر: 99242683 (21-92)
ای میل: director.pdev@paa.gov.pk
contmgntbranch@gmail.com
www.paa.gov.pk

PID-K-1318/26

PAKISTAN AIRPORTS AUTHORITY
پاکستان ائیرپورٹس اتھارٹی

بولیاں مطلوب ہیں

درج ذیل دفتر کی جانب سے پی پی آر اے رول نمبر 36(b) کے مطابق درج ذیل ضروریات کے لیے EPADS ورژن 2.0 کے ذریعے پاکستانی روپے میں بولیاں مطلوب ہیں:

S. No.	EPADS No.	Description & Bid No.	Fixed Bid Security (PKR)	Bid Submission Date & Time	Bid Opening Date, Time & Place	Basis PKR (Price)
01	P-157539	PROCUREMENT OF IT EQUIPMENT FOR P & D DIRECTORATE AND CATI HYDERABAD I.T.No.HQPAA/1984/407/XXLA	(Lot-1) 269,404/- (Lot-2) 600,444/-	02-11-2026 1100 Hours	02-11-2026 1130 Hours Log. Center (S) (Log. APS Branch)	F.O.R

EPADS ورژن 2.0 پر رجسٹرڈ تمام دلچسپی رکھنے والے بولی دہندگان کے لیے تفصیلی شرائط و ضوابط، تصریحات اور ضروریات وغیرہ کی حامل برقی بولی دستاویزات ای پاک ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (EPADS) https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements پر موجود ہیں۔ بولی دہندگان کا بولی کے عمل میں شرکت کے لیے EPADS ورژن 2.0 پر رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔

برقی بولی دستاویزات کے مطابق تیار کی گئیں برقی بولیاں ای پاک ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (EPADS) ورژن 2.0 کے ذریعے لازمی جمع کروائی جائیں۔ دستی بولیوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔ جو بیڈرز اب تک نئے EPADS ورژن 2.0 پر رجسٹرڈ نہیں ہوئے ہیں وہ https://vendors.epads.gov.pk پر خود کو رجسٹر کر سکتے ہیں۔ رجسٹریشن پروسس کی وضاحت کے لیے https://www.youtube.com/watch?v=MNW6T38v7tc پر ایک ٹیوٹوریل موجود ہے۔

[نوٹ: تمام ممکنہ بولی دہندگان فوری طور پر پی اے اے کو بولی کھلنے کی تاریخ/وقت سے قبل آگاہ کریں گے اور فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (100 فیصد عمل درآمد کے ساتھ) کا ثبوت اور ایف بی آر کے جی ایس ٹی/این ٹی این سرٹیفکیٹس درج ذیل پتے پر جمع کروائیں گے یا azeem.sarwar@paa.gov.pk پر ای میل کریں گے۔]

اصل بولی ضمانت لازماً بنام پاکستان ائیرپورٹس اتھارٹی (NTN#1945826) جاری شدہ ہونی چاہیے اور بولی جمع کروانے کی آخری تاریخ اور وقت سے قبل درج ذیل پتے پر موجود بڈ باکس میں ڈالی جائے گی اور بولی ضمانت کی ایک نقل (پے آرڈر/بینک گارنٹی) بذریعہ EPADS آن لائن سبمشن بھی منسلک کی جائے گی۔

معاہدے کی کارکردگی کے لیے مہلت: معاہدے اور ضمانتی عرصے کی اطمینان بخش تکمیل تک ہے۔

پی اے اے معقول وجوہات کی بنا پر کسی یا تمام بولیوں کو منظور/مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے جو بولی دہندگان کی درخواست پر بتادی جائیں گی۔

یہ اشتہار پی اے اے کی ویب سائٹ www.paa.gov.pk اور پی پی آر اے کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی موجود ہے۔

انتباہ: بولی دہندہ کی جانب سے جمع کردہ کسی قسم کا مالی انسٹرومنٹ، اگر جعلی نکلا یا کسی مرحلے پر دس آرڈر ہوگا تو اس کا نتیجہ بلیک لسٹ قرار پانے کی صورت میں برآمد ہوگا اور اس کے خلاف قانون کے مطابق عدالتی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر لاجسٹکس (اے پی ایس)
لاجسٹکس سینٹر (ساؤتھ)، ہیڈکوارٹرز پاکستان ائیرپورٹس اتھارٹی، جناح انٹرنیشنل ائیرپورٹ، کراچی، پاکستان
ٹیلیفون: 021-9907-2689 فیکس: 021-9924-2784
www.paa.gov.pk

PID(K)1316/26

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 21 اکتوبر 2026ء

بلوچستان میں میرٹ اور شفافیت کی بالادستی......اعتماد کی بحالی کا راستہ !!

بلوچستان اسمبلی کے فلور پر گزشتہ روز ایک بار پھر سرکاری ملازمتوں کی بھرتیوں پر سنگین نوعیت کے الزامات ابھرے ہیں اور ایسی باتیں اسمبلی کے ریکارڈ پر آئی ہیں جن پر غور و فکر کرنے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ پوائنٹ آف آرڈر پر یہ مسئلہ کسی اپوزیشن رکن نے نہیں بلکہ خود حکومت اور حکومت میں بھی حکمران جماعت کے پارلیمانی سیکرٹری نے اٹھایا ہے یہ کوئی پہلی بار نہیں ہوا گزشتہ ڈیڑھ سال کے دوران سرکاری ملازمتوں میں قواعد و ضوابط کی پامالی اور سنگین خلاف ورزی کی شکایات پہلے بھی اسمبلی فلور پر سامنے آتی رہی ہیں یقیناً حکومت کا یہ موقف اپنی جگہ اہم ہے کہ سرکاری ملازمتوں میں بھرتیاں مقررہ طریقہ کار کے مطابق کی جاتی ہیں اور بے ضابطگی کی شکایت ملنے پر کارروائی بھی ہوتی ہے، لیکن یہاں بنیادی سوال یہ ہے کہ اگر معاملات واقعی مکمل طور پر شفاف ہیں تو اسمبلی کے فلور پر بار بار ایسی شکایات کیوں سامنے آ رہی ہیں؟ کیا ان شکایات کو محض سیاسی اختلاف یا الزام تراشی قرار دے کر نظرانداز کر دیا جانا چاہئے، یا انہیں حکومتی نظام کی بہتری کے لئے ایک سنجیدہ موقع سمجھنا چاہئے؟ ایک ذمہ دار حکومت سے یہی توقع کی جاتی ہے کہ وہ ان سوالات کا جواب صرف بیانات سے نہیں بلکہ ایسے اقدامات کے ذریعے دے جن کے نتائج قابل تصدیق ہوں۔ حکمران جماعت کا کوئی رکن، جو پارلیمانی سیکرٹری بھی ہے، اپنے ہی ضلع میں سرکاری ملازمتوں کی تقسیم پر اعتراض اٹھاتا ہے اور تحقیقات کا مطالبہ کرتا ہے تو حکومت کے لئے اس آواز کو معمول کی سیاسی بیان بازی سمجھ کر نظرانداز کرنا مناسب نہیں۔ اس شکایت سے کسی بے ضابطگی کا حتمی ثبوت اخذ نہیں کیا جا سکتا، لیکن یہ ضرور واضح ہوتا ہے کہ بھرتیوں کے عمل پر ایسے سوالات موجود ہیں جن کا غیر جانبدارانہ جواب ضروری ہے۔ حکومتی رکن کی جانب سے اٹھایا گیا سوال اپنی نوعیت میں اس لئے بھی اہم ہے کہ اس کا تعلق محض حکومت اور اپوزیشن کی سیاسی کشمکش سے نہیں بلکہ حکومتی کارکردگی اور انتظامی شفافیت سے ہے۔ حکومتی حلقوں اور ترجمانان حکومت کا یہ کہنا کہ اگر کسی کے پاس ثبوت ہیں تو وہ سامنے لائے بظاہر ایک مناسب موقف محسوس ہوتا ہے، لیکن سرکاری معاملات میں جواب دہی کی ذمہ داری صرف شکایت کرنے والے پر عائد نہیں ہوتی۔ بالخصوص جب معاملہ سرکاری ملازمتوں، عوامی وسائل اور شہریوں کے بنیادی حقوق سے متعلق ہو تو متعلقہ محکمے اور حکومت پر بھی لازم ہے کہ وہ اپنے فیصلوں کی شفافیت ثابت کرنے کے لئے قابل اعتماد ریکارڈ اور طریقہ کار سامنے لائیں۔ اسمبلی میں شکایات اٹھنے کے بعد حکومت کا کام صرف ثبوت طلب کرنا نہیں بلکہ شکایات کی غیر جانبدارانہ جانچ کا راستہ ہموار کرنا بھی ہے۔ یہ بھی سمجھنے کی ضرورت ہے کہ میرٹ کا مسئلہ محض کسی ایک محکمے یا ایک ضلع تک محدود نہیں رہتا۔ گزشتہ دو برس کے دوران بلوچستان میں تعلیم، صحت، سماجی بہبود، اطلاعات، ثقافت اور اب محکمہ کھیل میں بھرتیوں کے عمل کی شفافیت سے متعلق مختلف نوعیت کے سوالات اور اعتراضات سامنے آتے رہے ہیں۔ ان تمام معاملات کی نوعیت اور ان کے ثبوت یکساں نہیں، اس لئے انہیں ایک ہی پیمانے سے جانچنے یا کسی محکمے کو پیشگی قصوروار قرار دینے کے بجائے ہر معاملے کی الگ اور غیر جانبدارانہ تحقیقات ضروری ہیں۔ تاہم مختلف محکموں کے حوالے سے بار بار سامنے آنے والے سوالات اس بات کا تقاضا ضرور کرتے ہیں کہ حکومت بھرتیوں کے مجموعی نظام کا جائزہ لے اور یہ معلوم کرے کہ کہیں طریقہ کار، نگرانی یا جواب دہی کے نظام میں کوئی ایسی خامی تو موجود نہیں جو شکوک و شبہات کو جنم دے رہی ہو۔ سرکاری ملازمت ایک خاندان کے معاشی مستقبل، بچوں کی تعلیم اور بنیادی ضروریات کی تکمیل سے جڑا ہوا معاملہ ہے۔ بلوچستان میں روزگار کے محدود مواقع، نجی شعبے کی کمزور وسعت اور معاشی مشکلات کے باعث سرکاری ملازمت کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ ایسے ماحول میں اگر کسی نوجوان کو یہ محسوس ہو کہ اس کی قابلیت اور اہلیت کے بجائے مبینہ لین دین، سفارش، تعلقات یا اثر و رسوخ ملازمت کے حصول میں فیصلہ کن کردار ادا کرتے ہیں تو اس کا نقصان صرف ایک امیدوار تک محدود نہیں رہتا۔ اس سے پورے نظام پر اعتماد متاثر ہوتا ہے، اہل نوجوانوں کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے اور معاشرے میں ناانصافی کا احساس مزید گہرا ہوتا ہے۔ اس لئے بھرتیوں میں شفافیت حکومت کی انتظامی ذمہ داری ہونے کے ساتھ ساتھ ایک سماجی ضرورت بھی ہے۔ بلوچستان میں اچھی طرز حکمرانی کی اشد ضرورت ہے صوبے کو درپیش مسائل کا حل صرف ترقیاتی منصوبوں کے اعلانات، بجٹ میں اضافے یا نئی اسکیموں کے آغاز سے ممکن نہیں۔ ان اقدامات کی افادیت کا انحصار اس بات پر ہے کہ منصوبوں پر عمل درآمد کس معیار کے مطابق ہوتا ہے، وسائل کہاں اور کیسے خرچ کئے جاتے ہیں، اداروں میں تقرریاں کس بنیاد پر کی جاتی ہیں اور حکومتی فیصلوں کی نگرانی کا عمل کس قدر موثر اور فعال ہے اگر ان بنیادی معاملات میں شفافیت نہ ہو تو اچھے منصوبے بھی مطلوبہ نتائج دینے میں ناکام رہتے ہیں۔ اس کے برعکس مضبوط ادارے، اہل افرادی قوت اور جواب دہی کا موثر نظام محدود وسائل کو بھی عوامی مفاد کے لئے زیادہ نتیجہ خیز بنا سکتے ہیں۔ موجودہ صورت حال میں حکومت کے لئے مناسب راستہ یہ ہے کہ وہ بھرتیوں کے حوالے سے اٹھنے والے سوالات کو اپنی کارکردگی پر تنقید سمجھنے کے بجائے اصلاح کا موقع قرار دے۔ تنقید سے بچنے کی کوشش کسی حکومت کو زیادہ مضبوط نہیں بناتی اس کے برعکس تنقید کو سننا، جائز شکایات کا ازالہ کرنا اور غلطیوں کی اصلاح کرنا حکومت کی سنجیدگی اور ادارہ جاتی پختگی کا ثبوت ہوتا ہے۔ اگر حکومت یہ سمجھتی ہے کہ گزشتہ دو برس کے دوران ہونے والی بھرتیاں قواعد کے مطابق اور میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہیں تو اسے اس موقف کو ریکارڈ، دستاویزات اور آزادانہ جانچ کے ذریعے مزید مستحکم کرنا چاہئے۔ اس سے نہ صرف شکوک و شبہات دور ہوں گے بلکہ ان اہل امیدواروں کو بھی اطمینان ملے گا جو واقعی میرٹ کی بنیاد پر ملازمت کے حصول کے خواہش مند ہیں۔ اسی مقصد کے لئے ایک موثر اور قابل عمل تجویز یہ ہے کہ گزشتہ دو برس کے دوران صوبے کے تمام متعلقہ محکموں میں ہونے والی بھرتیوں کا جامع فرانزک آڈٹ کرایا جائے۔ یہ آڈٹ کسی ایک محکمے یا کسی ایک ضلع تک محدود نہ ہو بلکہ تعلیم، صحت، سماجی بہبود، اطلاعات، ثقافت، کھیل اور دیگر محکموں میں ہونے والی تقرریوں کا احاطہ کرے۔ اس عمل کے لئے ایسے آزاد اور غیر جانبدار ماہرین یا ادارے کی خدمات حاصل کی جائیں جو سیاسی اور انتظامی دباؤ سے آزاد ہوں۔ آڈٹ میں بھرتیوں کے اشتہارات، منظور شدہ اسامیوں، کوٹے کی تقسیم، درخواست گزاروں کی اہلیت، امتحانات اور انٹرویوز کے ریکارڈ، میرٹ لسٹوں، تقرری کے احکامات اور متعلقہ قواعد کی پابندی کا جائزہ لیا جائے اگر کہیں بے ضابطگیاں ثابت ہوں تو قواعد و قانون کے مطابق کارروائی کی جائے، جبکہ درست طریقہ کار کے تحت کی گئی تقرریوں کو بلاوجہ متنازع بنانے سے بھی گریز کیا جائے۔ اس طرح ایک طرف اہل افراد کے حقوق کا تحفظ ہوگا تو دوسری طرف حکومت کے خلاف بے بنیاد الزامات کا موثر جواب بھی سامنے آ سکے گا۔ یہ حقیقت بھی تسلیم کرنی چاہئے کہ اچھی طرز حکمرانی کا مطلب صرف درست فیصلے کرنا نہیں بلکہ درست فیصلوں کو قابل اعتماد انداز میں عوام کے سامنے ثابت کرنا بھی ہے۔ عوامی اعتماد محض دعووں سے قائم نہیں ہوتا اس کے لئے مسلسل شفافیت، منصفانہ طریقہ کار اور جواب دہی ضروری ہے۔ اسمبلی میں اٹھنے والے سوالات کو سنجیدگی سے لینا، ان کی تحقیقات کرانا اور نتائج کی روشنی میں اصلاحات کرنا ہی اعتماد کی بحالی کا راستہ ہے۔

خیبر پختونخوا: مفاہمت، امن اور ترقی میں آفتاب شیرپاؤ کا ممکنہ کردار

منظر نامہ

بڑی طاقتوں کی کشمکش میں سی پیک 2.0 کا مستقبل

نکتہ نظر

اعزاز احمد چوہدری

مسلم دشمنی پھیلانے میں ٹرمپ اور وینس بھی شامل

برملا

نصرت جاوید

پی ٹی آئی کی ڈیجیٹل محدودیت

وفاق نامہ

رشید صافی

سانحہ کارساز: جمہوریت کی تاریخ جو خون سے لکھی گئی (3)

اظہار خیال

شرجیل انعام میمن

یمن سعودی جنگ، نقصان کس کا؟

تاثرات

سید مجاہد علی

کابل کی خاموشی اور سلگتا ہوا پڑوس

پیامبر

قادر خان یوسف زئی

چمن: نومبر کی انسداد پولیو مہم کی تیاریاں تیز، ڈی سی کا ہر بچے تک رسائی یقینی بنانے کی ہدایت

چمن (آن لائن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت آج ڈپٹی کمشنر آفس چمن میں ایک اہم رابطہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO)، مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن (M & E) ای پی آئی، این اسٹاپ (NSTOP) آفیسر، سی سی او اور ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر آغا خان یونیورسٹی (AKU) نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران نومبر 2026ء میں منعقد ہونے والی ذیلی قومی انسداد پولیو مہم (SNID) کے لیے جاری پیشگی تیاریوں اور آنے والے یونین کونسلز میں موبلائزیشن سرگرمیوں پر پیش رفت سے ڈپٹی کمشنر چمن کو آگاہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر چمن نے انسداد پولیو مہم کی موثر تیاریوں، متعلقہ اداروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری، فیلڈ سرگرمیوں کی موثر نگرانی اور ویکسین سے محروم رہ جانے والے بچوں تک رسائی یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔

چمن: کیسکو کی کارروائی، نادہندگان سے 2 لاکھ 25 ہزار روپے وصول

پولیس کے تعاون سے ناپ ڈیفالٹرز کے خلاف ریکوری مہم، واجبات کی وصولی

کیسکو حکام کی صارفین کو بجلی چوری سے اجتناب اور بل بروقت جمع کرانے کی ہدایت

چمن (محمد اصغر اچکزئی) کیسکو چمن کی جانب سے پولیس کے تعاون سے بجلی کے نادہندگان کے خلاف ریکوری مہم کے تحت کارروائی کی گئی۔ کارروائی کے دوران کیسکو چمن کے ٹاپ ڈیفالٹرز سے تقریباً 2 لاکھ 55 ہزار روپے کے واجبات وصول کیے گئے۔ کیسکو حکام نے صارفین پر زور دیا ہے کہ بجلی چوری سے اجتناب کریں اور اپنے بجلی کے بل مقررہ وقت پر جمع کروائیں، تاکہ قانونی کارروائی سے بچا جا سکے اور واجبات کی بروقت وصولی اور بجلی چوری سے اجتناب کے ذریعے ہی لوڈشیڈنگ میں کمی لانے میں مدد مل سکے۔ کیسکو چمن کی جانب سے بجلی چوری اور واجبات کی عدم ادائیگی کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

مل: بل ادائیگی کے باوجود کلی جانبیک بجلی سے محروم

2 سال سے تھری فیز کی بجلی بند، ٹرانسفارمر جلنے سے صارفین کو لاکھوں کا نقصان

اہل علاقہ کا اپنی مدد آپ کے تحت نیا ٹرانسفارمر نصب، تھری فیز بحالی کا مطالبہ

اوستہ محمد: انتظامیہ کا گراں فروشوں کیخلاف کارروائی، عوامی حلقوں کا خیر مقدم

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد کے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں نے اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون کی جانب سے گراں فروشوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خوش آئند اقدام قرار دیا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے اس دور میں بعض دکاندار اشیائے خورونوش من مانے نرخوں پر فروخت کر کے عوام کو مشکلات سے دوچار کر کے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے تھے جس کا تدارک ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کی جانب سے گراں فروشوں کے خلاف کارروائی سے شہریوں کو ریلیف مل سکتا ہے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ سرکاری نرخنامے پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رکھی جائے تاکہ عوام کو اشیائے ضروریہ مناسب قیمتوں پر دستیاب ہوسکیں۔

چھتر: قبائلی تنازعات امن کی راہ میں رکاوٹ، ایس ایچ او کا قبائلی عمائدین سے کردار ادا کرنے کی اپیل

... ہے کہ چھتر کی سرزمین سرسبز و شاداب اور قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، تاہم قبائلی تنازعات علاقے میں امن و امان کے قیام اور پائیدار امن کی راہ میں رکاوٹ بن رہے ہیں۔ علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے اور قبائلی جھگڑوں کے حل کے لیے تمام معززین، قبائلی عمائدین اور ممتاز شخصیات کو اپنا موثر کردار ادا کرنا چاہیے اور پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا چاہیے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او روشن خان کاسی نے کہا کہ کسی بھی علاقے میں امن و امان کا قیام صرف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ اس مقصد کے حصول کے لیے معاشرے کے تمام طبقات، بالخصوص قبائلی عمائدین اور بااثر شخصیات کا تعاون بھی اہمیت رکھتا ہے۔

میری اڈہ، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی سے اے این پی کی قائد رہنما نسرین ارشد کر رہی ہیں

چمن: 20 گھنٹے لوڈشیڈنگ، تاجر سراپا احتجاج

شہری علاقوں میں انیس سے بیس گھنٹے، دیہی علاقوں میں بجلی کی شدید قلت

انجمن تاجران کا جرمانوں کے نام پر شہریوں کو تنگ کرنے کا سلسلہ بند کرنے کا مطالبہ

چمن (محمد اصغر اچکزئی) چمن کے مختلف علاقے بدترین بجلی بحران کی زد میں دنوں کے حساب سے ناروا لوڈشیڈنگ، انجمن تاجران کا شدید ردعمل۔ تفصیلات کے مطابق ضلع چمن میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بدستوری جاری ہے ... ہفتے میں صرف تین دن دو گھنٹوں پر مشتمل بجلی فراہم کی جارہی ہے جو کہ ظلم و ناانصافی کی بدترین مثال ہے۔ بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے کاروبار ٹھپ، امور خانہ داری کا نظام متاثر، پانی کی قلت اور دیگر مسائل پیدا ہوگئے ہیں ...

گوادر، وزیراعلیٰ بلوچستان کا ہسپتال کیلئے اقدامات، ارشد گلگتی کا اظہار تشکر

گوادر (خ ن) میر عبدالغفور کلمتی ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین میر ارشد کلمتی نے میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر کے لیے ادویات کی فراہمی اور خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے حوالے سے اقدامات پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا ہے۔ میر ارشد کلمتی نے کہا کہ ہسپتال میں ادویات کی فراہمی اور طبی عملے کی کمی دور کرنے کے لیے اقدامات عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان اقدامات سے گوادر کے عوام کو علاج معالجے کی معیاری سہولیات میسر آئیں گی اور ہسپتال کی کارکردگی مزید بہتر ہوگی۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور محکمہ صحت کے حکام کی توجہ، تعاون اور عوام دوست اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ گوادر میں صحت کی سہولیات کی بہتری اور عوام کو بروقت علاج کی فراہمی کے لیے ایسے اقدامات قابل تحسین ہیں۔

گنداخہ: دیہات میں مویشیوں کو گوگی مرض پھیلنے کا خطرہ، فوری اقدامات کا مطالبہ

... ہے۔ اس مرض سے متاثرہ جانوروں کی ہلاکت کا خدشہ بڑھ گیا ہے جس سے زمینداروں اور مویشی پالنے والوں کو بھاری مالی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ متعلقہ حکام اور محکمہ لائیو اسٹاک سے اپیل ہے کہ صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متاثرہ علاقوں میں ویٹرنری ٹیمیں روانہ کی جائیں، جانوروں کا معائنہ کیا جائے اور بیماری کی درست تشخیص کے بعد علاج اور بچاؤ کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جائیں۔

گنداخہ: سکول میں واحد استاد اور 58 طلبہ نے 52 پودے لگا دیے

گنداخہ (آن لائن) گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول مرزا خان جمالی میں شجرکاری مہم، استاد اور 58 طلبہ نے 52 پودے لگا دیے۔ گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول مرزا خان جمالی میں ماحولیاتی بہتری اور اسکول کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے شجرکاری مہم کا انعقاد کیا گیا، جس میں اسکول کے واحد استاد عبداللہ اور 58 طلبہ نے بھرپور حصہ لیتے ہوئے مجموعی طور پر 52 پودے لگائے۔ اس موقع پر استاد عبداللہ جمالی کی رہنمائی میں طلبہ نے شجرکاری مہم میں جوش و جذبے کے ساتھ حصہ لیا اور پودوں کی حفاظت و دیکھ بھال کا عزم کیا۔ اس اقدام کا مقصد نہ صرف اسکول کے ماحول کو خوبصورت بنانا ہے بلکہ بچوں میں درختوں سے محبت، ماحولیاتی تحفظ اور اجتماعی ذمہ داری کا شعور بھی اجاگر کرنا ہے۔ اسکول میں لگائے گئے پودے مستقبل میں تناور درخت بن کر طلبہ کو ٹھنڈی چھاؤں فراہم کریں گے اور تعلیمی ...

خضدار: اسپتال میں ماہر ڈاکٹروں اور ادویات کی قلت، شہری ایکشن کمیٹی متحرک

آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے وفد کا اسپتال دورہ، بنیادی مسائل کا جائزہ

ایم ایس کی بریفنگ، کمیٹی کا چارٹر آف ڈیمانڈ تیار کرکے حکام کو پیش کرنے کا فیصلہ

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed Serial 1000 PKR. **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 03rd November, 2026 during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 03rd November 2026 till 09:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 10:00 AM. Address: Executive Engineer Urban Planning & Development Department Makran Division At Kech Phone no: 0852414060 Fax no: 0852414060
Email: xenurbanmakran@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER Urban Planning & Development Department Makran Division at Kech

DPRQ/PRQ No.1951/20-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ایڈھاک بنیادوں پر آسامیاں خالی ہیں

محکمہ اسکول ایجوکیشن، حکومت بلوچستان، گورنمنٹ بوائز/گرلز مڈل، ہائی اور ہائیر سیکنڈری اسکولوں میں سائنس، ریاضی اور انگریزی مضامین پڑھانے کے لئے سیکنڈری اسکول ٹیچرز (سائنس/جنرل)(BPS-17) کی خالی آسامیوں کو پُر کرنے کے لئے ایڈہاک بنیادوں پر ضلع بارکھان کے لوکل/ڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ ایڈہاک بنیادوں پر اساتذہ کرام کی تعیناتی محکمہ اسکول ایجوکیشن، حکومت بلوچستان، کی منظور شدہ ایڈہاک ٹیچنگ اسٹاف ریکروٹمنٹ پالیسی 2026 کی روشنی کے عین مطابق ہوگی۔

نمبر شمار	آسامی کا نام معہ گریڈ	بنیادی تعلیمی قابلیت	تعداد آسامی
1	سیکنڈری اسکول ٹیچر (سائنس فزکس) (B-17)	BS (فزکس) 4 سالہ کسی مستند یونیورسٹی سے یا ماسٹرز ڈگری ان فزکس کسی مستند یونیورسٹی سے	07
2	سیکنڈری اسکول ٹیچر (سائنس کیمسٹری) (B-17)	BS (کیمسٹری) 4 سالہ کسی مستند یونیورسٹی سے یا ماسٹرز ڈگری ان کیمسٹری کسی مستند یونیورسٹی سے	03
3	سیکنڈری اسکول ٹیچر (سائنس/بائیولوجی) (زوالوجی/باٹنی) (B-17)	BS (زوالوجی) 4 سالہ/BS (باٹنی) 4 سالہ کسی مستند یونیورسٹی سے یا ماسٹرز ڈگری ان زوالوجی/باٹنی کسی مستند یونیورسٹی سے	06
4	سیکنڈری اسکول ٹیچر (سائنس/ریاضی) (B-17)	BS (ریاضی) 4 سالہ/BS (شماریات) 4 سالہ/بیچلر آف انجینئرنگ (BE) کسی مستند یونیورسٹی سے یا ماسٹرز ڈگری ان ریاضی یا شماریات کسی مستند یونیورسٹی سے	28
5	سیکنڈری اسکول ٹیچر (جنرل/انگلش) (B-17)	BS (انگلش) 4 سالہ کسی مستند یونیورسٹی سے یا ماسٹرز ڈگری ان انگلش کسی مستند یونیورسٹی سے	60

Note:
1. In case there is non-availability of candidates with BS / MSc in Mathematics for Mathematics post then candidate with BS/MSC in Physics will be considered and vice versa within same UC however preference will given to the BS/MSC in relevant subject.
2. 1. In case there is non-availability of candidates with BS / MSc in Chemistry for Chemistry post then candidate with BS/MSC in Biology will be considered and vice versa within same UC however preference will given to the BS/MSC in relevant subject.
3. Only online application will be considered for recruitment submitted on WWW.JOBS.SED.GOB.PK.

ضروری ہدایات شرائط و ضوابط:۔ (1) ہر آسامی کے لئے صرف مطلوبہ تعلیمی قابلیت رکھنے والے امیدوار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ (2) صرف ضلع بارکھان کے لوکل/ڈومیسائل کے حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہوں گے۔ (3) عمر کی بالائی حد 55 سال سے زائد نہ ہو۔ (4) سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں۔ (5) تمام ریکروٹمنٹ خالصتاً حکومت بلوچستان سے منظور شدہ ایڈہاک ٹیچنگ اسٹاف ریکروٹمنٹ پالیسی 2026ء (ایڈہاک تعیناتی) کے تحت ہوگی۔ بلوچستان گورنمنٹ اور اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے دیگر قوانین/پالیسی/نوٹیفکیشن جو ریکروٹمنٹ پالیسی 2026ء (ایڈہاک تعیناتی) سے متصادم ہوں، اس ریکروٹمنٹ پر قابل عمل نہ ہوں گے۔ (6) آسامیاں ضلع بارکھان کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سے تصدیق شدہ معلومات کے مطابق مشتہر کی جا رہی ہیں لہٰذا صرف مشتہر شدہ آسامیوں کے مطابق درخواستیں وصول کی جائینگی اور اس میں کسی بھی قسم کا رد و بدل قابل قبول نہ ہوگی۔ اور اہل امیدواران اپنی معلومات محکمہ اسکول ایجوکیشن کی جاب پورٹل پر اپ لوڈ کرنے کے پابند ہونگے۔ خالی آسامیوں کی اسکول وار تفصیل محکمہ اسکول ایجوکیشن کی جاب پورٹل پر موجود ہیں۔ (7) تصدیق شدہ خالی آسامیوں کی اسکول وار میونسپل کارپوریشن/میونسپل کمیٹی/یونین کونسل فہرست محکمہ اسکول ایجوکیشن اور حکومت بلوچستان کی ویب سائٹ WWW.JOBS.SED.GOB.PK پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ (8) شہری علاقوں کی میرٹ لسٹ میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی کی حدود کے مطابق ہوگی جبکہ دیہی علاقوں کی میرٹ لسٹ یونین کونسل وار مرتب ہوگی۔ (9) معذور افراد کوٹہ اور اقلیتی کوٹہ کی علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ ضلع کی سطح پر مرتب ہوگی معذور افراد محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے جاری کردہ معذوری سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے اور کوئی ایسی معذوری قابل قبول نہ ہوگی جو تعلیمی عمل کو متاثر کرتی ہو۔ (10) میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، یونین کونسل اور تحصیل کی حدود کا تعین محکمہ لوکل گورنمنٹ کے مروجہ نوٹیفکیشن کے مطابق ہوگا۔ (11) میرٹ صرف تصدیق شدہ خالی آسامیاں جو مشتہر کی گئی ہیں کے مطابق کی جائے گی۔ نیز آسامیوں میں کمی بیشی کا اختیار محکمہ اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے پاس ہوگا۔ (12) 5% (پانچ فیصد) معذور اور 5% (پانچ فیصد) اقلیتی کوٹہ حکومتی قوانین کے مطابق ضلع وار عہدہ وار (میل و فی میل علیحدہ علیحدہ) آسامیاں کے مطابق مختص ہیں۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن اور حکومت بلوچستان کی ویب سائٹ WWW.JOBS.SED.GOB.PK پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ (13) سلیکشن کی صورت میں امیدوار کو ضلعی سلیکشن کمیٹی کے مطابق متعلقہ تعلیمی اداروں کے تصدیق شدہ اسناد کی چار (4) کاپیاں اور ایک حلفیہ بیان کہ اس کے تعلیمی/دیگر اسناد و کاغذات بوگس، جعلی یا HEC سے غیر منظور شدہ ادارے سے ہونے کی صورت میں باطل تصور ہوگا اور اس کی ملازمت بلا کسی نوٹس کے کسی بھی وقت برخاست کی جا سکے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائیگی۔ (14) یہ میرٹ لسٹ صرف ایک مرتبہ ریکروٹمنٹ کیلئے موثر ہوگی۔ (15) شادی شدہ خواتین امیدوار صرف اپنے خاوند کے لوکل/ڈومیسائل کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کی اہل ہونگی، شادی شدہ خواتین امیدواروں کی درخواست والد کے لوکل/ڈومیسائل پر کسی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔ خاوند کے لوکل/ڈومیسائل میں نام درج نہ ہونے کی صورت میں NADRA کا جاری شدہ کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ/شوہر کے نام سے منسوب شناختی کارڈ منسلک کرنا ہوگا۔ ورنہ غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت نااہل تصور ہوگی۔ (16) امیدوار کی سکونت کا تعین (اول) اس کے لوکل/ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے ایڈریس (دوئم) CNIC پر درج مستقل پتہ کی بنیاد پر کیا جائیگا۔ (17) ہر آسامی کیلئے مطلوبہ بنیادی تعلیمی قابلیت کے حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے۔ (18) محکمہ اسکول ایجوکیشن حکومت بلوچستان کسی ایک یا تمام آسامیوں پر منظوری یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ (19) ایڈہاک ٹیچنگ اسٹاف ریکروٹمنٹ پالیسی 2026ء کے تحت اساتذہ کی تعیناتی ایک سال سے زیادہ نہ ہوگی یا اس سے پہلے بھی ختم ہو سکتی ہے۔

Ranking Criteria or Weightage Formula for the post and preparation of final merit list

Merit	Marks
Weightage of prescribed Academic Qualification ***Note: Marks of the eligible candidates shall be calculated as follows:*** ***(i) Martriculation (SSC) = 20*** ***(ii) Intermediate (HSSC) = 20*** ***(iii) Bachelor's / Master's Degree in relevant Subject = 50*** ***Additional Marks for Higher Qualification*** ***(iv) M. Phil / MS in relevant Subject = 05*** ***OR*** ***(v) PhD in relevant Subject = 10***	***100***
Total Merit Marks	***100***

نوٹ: بنیادی اہلیت کیلئے امیدواروں کے مجموعی نمبر 50% ہونا چاہیے۔ 50% فیصد نمبر حاصل کرنے والے امیدواران فائنل میرٹ کیلئے تصور شمار ہونگے۔ ایڈہاک تعیناتیوں کو جلد از جلد پُر کرنے اور میرٹ کو یقینی بنانے کیلئے کوئی ٹیسٹ اور انٹرویو نہیں لیا جائیگا۔ مذکورہ بالا تعیناتیوں کا جائے تعیناتی سے کسی دوسری جگہ منتقلی (ٹرانسفر) نہیں ہو سکے گا۔

درخواست دینے کا طریقہ کار:۔ (1) تمام خواہشمند امیدواران اپنی درخواست بمعہ تعلیمی اسناد/کاغذات محکمہ اسکول ایجوکیشن کے مقرر کردہ جاب پورٹل WWW.JOBS.SED.GOB.PK پر اپنے کوائف اپ لوڈ کرنے کے پابند ہونگے۔ (2) سرکاری و نیم سرکاری، خود مختار ادارے سے وابستہ ملازمین محکمانہ توسط سے درخواستیں ارسال کریں اور مقرر کردہ جاب پورٹل پر اپنے کوائف کو بھی اپ لوڈ کرنے کے پابند ہونگے۔ (3) کوئی بھی فارم آخری تاریخ گزرنے کے بعد قابل قبول نہ ہوگا اور نہ ہی ادارہ دیر سے جمع ہونے والے فارم کا ذمہ دار ہوگا۔ **درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ 29 اکتوبر 2026ء ہے۔**

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بارکھان

PRQNo1980/20-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ ضیا لانگو 1

گیا ہے یہاں پر 90 لوگوں کو رکھا گیا ہے جن کے کاؤنٹر ٹیررازم کے حوالے سے جے آئی ٹی بنائی گئی ہے جو تحقیقات کرری ہے اور اس میں تقریباً 500 کیسز عدالت میں بھیجے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں فیس لیس عدالتیں قائم کی گئی ہیں، جبکہ سیف سٹی منصوبے، فرانزک ایجنسی، ڈرون یونٹ، انٹیلی جنس فیوژن سینٹر کا قیام، کوئٹہ سیکیورٹی بورڈ، جدید کیمروں کی تنصیب اور شاہراہوں کی سیکیورٹی کو بہتر بنانے سمیت کئی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ جن کے پایہ تکمیل تک پہنچنے کے بعد بہتر ثمرات حاصل ہوں گے۔ حمزہ شفقات کے مطابق دہشت گردی کے خلاف اقدامات پر 14 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کی گئی ہے اور گزشتہ 2 سالوں میں غیر قانونی مقیم 11 لاکھ افغان باشندوں کو واپس بھیجا ہے۔ اس کے علاوہ 9 سیف سٹیز کے علاوہ ماڈرن سٹیز بھی بنا رہے ہیں کوئٹہ اور گوادر سیف سٹی کو بھی بہتر بناتے ہوئے مزید 4 ہزار کیمروں کی تنصیب کی جارہی ہے انہوں نے بتایا کہ اس سال 60 ہزار سے زائد مختلف نوعیت کے سکیورٹی آپریشنز بھی کیے جاچکے ہیں۔ جن میں تقریباً 1100 دہشت گردوں کو ہلاک کرکے 450 کو گرفتار کیا ہے اس کے علاوہ کارروائیوں میں اب تک 551 جوانوں سمیت 101 پولیس کے جوانوں نے اس سال شہادت کا رتبہ پایا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ان آپریشنز میں ایف سی نارتھ اور سی ٹی ڈی نے وسیع پیمانے پر آپریشن کئے ہیں سی ٹی ڈی نے 250 دہشت گردوں کو گرفتار کیا اور 250 کو مارا ہے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ رکھنی شاہراہ کو سفر کیلئے محفوظ بنایا ہے گزشتہ کچھ عرصے سے مسافر گاڑیوں پر دہشت گردانہ واقعات میں کمی آئی ہے انہوں نے دعویٰ کیا کہ آئندہ تین سے چار ماہ کے دوران کوئٹہ کراچی اور کوئٹہ تفتان شاہراہوں کی سکیورٹی صورتحال میں نمایاں بہتری آئے گی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد بلوچستان کا موازنہ کے پی سے کیا جارہا ہے اور بعض سیاسی رہنماؤں، جن میں مولانا فضل الرحمن بھی شامل ہیں، جن کی جانب سے بلوچستان میں بھی ایمرجنسی کے مطالبات سامنے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کی پریس کانفرنس کا مقصد صوبے میں دہشت گردی اور امن وامان کی صورتحال سے متعلق حکومتی اقدامات سے عوام کو آگاہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف منظور ہونے والے تمام قوانین کو کابینہ اور صوبائی اسمبلی دونوں کی منظوری حاصل ہے۔ اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپوزیشن کو اعتماد میں لے کر قانون سازی کو یقینی بنایا۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی سیاسی قیادت نے بھی ایسے اقدامات یا مارچ کی سیاست نہیں کی جس سے انتظامی معاملات متاثر ہوں۔ اس موقع پر وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے مشیر خلیل جنا مجید کے بھائی کے اغواء کے واقعے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اس معاملے کو سنجیدگی سے دیکھ رہی ہے اور مغوی کی بازیابی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اور ایمرجنسی کے معاملے پر بلوچستان کا خیبر پختونخوا سے موازنہ کرنا درست نہیں۔ مولانا فضل الرحمان کے بیان پر ردعمل میں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس بیان کی سخت مذمت کرتی ہے، قومی سلامتی کے معاملات پر ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جائے۔ شہداء اور سکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو متنازعہ بنانا مناسب نہیں، موجودہ حالات میں ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑے ہونے کی ضرورت ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ جن علاقوں میں عوام کی حفاظت کیلئے آپریشن کرنے کے شور پارود میں کیمپ 5 ہزار خاندانوں پر مشتمل 30 ہزار نفوس کو محفوظ مقام اور حکومت کی جانب سے فراہم کی گئی رہائشی سہولت میں منتقل کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے گئے ہیں اور لوگوں کے لئے کھانے پینے کا سامان، رہنے کیلئے ٹینٹ اور وسائل فراہم کئے گئے ہیں اور لوگوں کو رضا کارانہ طور پر علاقے سے نقل مکانی کے لئے وقت دیا گیا تھا۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ 14 اگست پر دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنایا گیا جانی سے اپایا جانے والا اسلحہ جس میں امریکن ساختہ جدید اسلحہ موجود تھا اسکو تحویل میں لیا گیا انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں دہشت گردانہ واقعات سے نمٹنے کیلئے ریاست اور حکومت سخت اقدامات اٹھاتی ہے

بقیہ فیلڈ مارشل 2

ملاقات کی ہے۔ عاصم منیر ایران کے اعلیٰ حکام سے بات چیت کے لیے منگل کو تہران پہنچے تھے اور ان کے ساتھ اس دورے پر پاکستان کے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی بھی ہیں۔ واضح رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے ساتھ ساتھ فیلڈ مارشل بھی ایران اور امریکہ کے درمیان ثالثی میں مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں۔ جنگ بندی کے بعد فیلڈ مارشل عاصم منیر کا تہران کا یہ چوتھا سرکاری دورہ ہے۔ اس سے قبل دو ستمبر کو اپنے دورے؟ ایران کے دوران انھوں نے صدر مسعود پزشکیان، سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی، پارلیمان کے سپیکر محمد باقر قالیباف، وزیر خارجہ عباس عراقچی اور وزیر داخلہ سکندر مومنی سے ملاقاتیں کی تھیں۔ اب سے کچھ دیر قبل یہ خبر بھی ایرانی خبر رساں ادارے ارنا پر سامنے آئی تھی کہ پاکستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی کی کوششیں جاری رکھے گا۔ منگل کو تاجکستان کے دارالحکومت دوشنبے میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان حکومت کے 25 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان یہ سمجھتا ہے کہ علاقائی کشیدگی کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری سب سے موثر ذرائع ہیں۔ ایران کے دورے پر موجود پاکستان فوج کے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے تہران میں ایرانی پارلیمان کے اسپیکر باقر قالیباف سے ملاقات کی ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات میں باقر قالیباف نے کہا کہ ایران کی جانب سے امریکہ کو پیش کی گئی سات شرائط پورا ہونے تک امریکہ ایران کا اعتماد حاصل نہیں کر سکتا۔ باقر قالیباف نے کہا کہ ایران جنگ پسند نہیں ہے، لیکن وہ اپنے وطن اور قومی وقار کے دفاع کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر نے کہا کہ دھمکیاں اور فوجی مشقیں ایران کے سٹریٹجک فیصلوں پر اثر انداز نہیں ہو سکتیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ امریکہ ہی تھا جو غلط اندازوں اور ایران کے خلاف جنگ چھیڑنے کی وجہ سے خود ایک دلدل میں پھنس گیا اب یہ انھی کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس صورتحال سے نکلنے کے لیے ضروری اقدامات اٹھائیں ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے تہران میں پاکستان کے چیف آف ڈیفنس فورسز اور آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات کی ہے۔ عاصم منیر ایران کے اعلیٰ حکام سے بات چیت کے لیے منگل کو تہران پہنچے تھے اور ان کے ساتھ اس دورے پر پاکستان کے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی بھی ہیں۔ واضح رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے ساتھ ساتھ فیلڈ مارشل بھی ایران اور امریکہ کے درمیان ثالثی میں مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں۔ جنگ بندی کے بعد فیلڈ مارشل عاصم منیر کا تہران کا یہ چوتھا سرکاری دورہ ہے۔ اس سے قبل دو ستمبر کو اپنے دورہ؟ ایران کے دوران انھوں نے صدر مسعود پزشکیان، سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی، پارلیمان کے سپیکر محمد باقر قالیباف، وزیر خارجہ عباس عراقچی اور وزیر داخلہ سکندر مومنی سے ملاقاتیں کی تھیں۔ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی کی کوششیں جاری رکھے گا۔ منگل کو تاجکستان کے دارالحکومت دوشنبے میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان حکومت کے 25 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان یہ سمجھتا ہے کہ علاقائی کشیدگی کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری سب سے موثر ذرائع پاکستان کے چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل عاصم منیر تہران دورے پر پہنچے ہیں۔ ایرانی حکام کے مطابق ان کے دورے کا تعلق ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات سے بھی ہے تاہم اس کا بنیادی مقصد پاکستان اور ایران کے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانا اور تعاون میں اضافہ کرنا ہے۔

بقیہ رانا ثناء 3

کے دوران کہی۔ قبل ازیں دیگر سینیٹرز نے بھی اظہار خیال کیا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ہمارے سینیٹر مولانا عبدالواسع نے ابھی اجلاس میں کے پی اور بلوچستان کا موازنہ کیا، کے پی میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے صوبائی حکومت کا جو تعاون درکار تھا وہ نہیں کرری تھی، وزیراعلیٰ کے پی نے متعدد مرتبہ کہا کہ وہ آپریشن نہیں ہونے دیں گے جب کہ بلوچستان حکومت مسلح افواج اور وفاقی حکومت سے مکمل تعاون کررہی ہے، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ملک کے تمام لوگوں کو ہم خیال ہونا پڑے گا۔ رانا ثنا نے کہا کہ نواز شریف نے ان لوگوں کو بھی فون کیا جو باہر 126 دن تک دھرنا دیے بیٹھے تھے، مولانا عبدالواسع مولانا فضل الرحمان سے بات کریں، اگر تمام سیاسی جماعتیں اس معاملے پر مل کر بیٹھنے کے لیے تیار ہیں تو وزیراعظم آج بھی بیٹھنے کو تیار ہیں تاہم دہشت گردی کا مسئلہ جو ان کو درپیش ہے اس سے نمٹنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اسپیکر آفس جاکر وزیراعظم سے ملنے کو تیار نہیں، اپوزیشن لیڈر راجہ ناصر عباس کو کہا کہ آپ وزیراعظم سے مل لیں انہوں نے کہا کہ میں نہیں جاں گا میں نے کہا اسپیکر قومی اسمبلی کے دفتر چلے جائیں انہوں نے کہا کہ وہ اسپیکر کو مانتے ہی نہیں۔ رانا ثنا نے کہا کہ پہلے بھی جب پی ٹی آئی نے اسمبلیاں توڑیں اور نئے الیکشن کا مطالبہ کیا تو تمبر کے پہلے ہفتے میں الیکشن کا طے ہوگیا تھا، شاہ محمود قریشی نے کہا میں بانی پی ٹی آئی کو بتا کر آتا ہوں اس کے بعد شاہ محمود قریشی کو انکار ہوگیا، روزانہ پاک فوج کے کرنل جوان شہید ہورہے ہیں وہ لوگ مسلسل قربانیاں دے رہے ہیں

بقیہ ای پاسپورٹس 4

کی تاریخ میں تبدیلی کردی، اب اس نئے نظام کا آغاز 15 اکتوبر کے بجائے 23 اکتوبر 2026 سے ہوگا۔ پالیسی کے تحت 23 اکتوبر 2026 سے پاکستان بھر کے تمام پاسپورٹ دفاتر اور بیرون ملک قائم پاکستانی سفارتی مشنز سے نئے پاسپورٹ کے درخواست دہندگان کو صرف اور صرف ای پاسپورٹس ہی جاری کئے جائیں گے

بقیہ فضل الرحمان 5

انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال پر پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلاکر صورتحال سے آگاہ کیا جائے، کے پی میں جو عبوری کونسل بن رہی ہے یہ جے یو آئی کا کوئی رکن اس میں شامل نہیں ہوگا، اس وقت طاقتور قوتوں کے کہنے پر طاقت کا استعمال ہو رہا ہے، صدر مملکت نے آئین کے تقاضے پورے نہیں کیے ہم نے حکومت میں ہوتے ہوئے اختلاف بھی کیا ہم اپوزیشن میں ہوتے ہوئے اتفاق بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے فیصلوں سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں ہماری جماعت سیاسی مکالمے پر یقین رکھتی ہے حکومتی پالیسیوں پر تحفظات ہوں تو الزام تراشیوں کے بجائے سیاسی انداز میں جواب دیا جانا چاہیے ہمیں یا کسی کو شکایات ہیں تو پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلاکر بات کرلی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کے پی میں گورنر راج کو مسترد کرتے ہیں، گورنر راج کے لیے حکومتی بیانیہ بے بنیاد ہے کئی آپریشنز ہوئے مگر نتائج کیا نکلے؟ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے فاٹا کو صوبے میں شامل کیا، آج وہی مسلم لیگ (ن) سابق فاٹا کو مرکز میں دے چکی ہے

بقیہ گورنر 6

منزل کی بجائے ایک نئی ذمہ داری سمجھیں۔ اپنی تحقیق، تدریس اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے معاشرے میں تعمیری تبدیلی لانے کی کوشش جاری رکھیں۔ آپ کی کامیابی اس وقت زیادہ بامعنی ہوگی جب آپ کے علم اور تجربے سے سماج کے دوسرے لوگ بھی مستفید ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ویمن پروموٹ ٹیلنٹ کے زیر اہتمام بیوٹمز کوئٹہ میں تقریب تقسیم ایوارڈز کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بیوٹمز کے وائس چانسلر ڈاکٹر خالد حفیظ، پرو وائس چانسلر ڈاکٹر میر واس کاسی، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی، امیر خان مندوخیل اور سید طیب شاہ سمیت بیوٹمز کے فیکلٹی ممبرز، ریسرچرز اور طلباء کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان ویمن پروموٹ ٹیلنٹ نے معاشرے کے ان باصلاحیت اور باعمل افراد کی خدمات کو عوامی سطح پر اجاگر کرنے اور ان کی حوصلہ افزائی کرنے کا ایک لائق تحسین قدم اٹھایا ہے جو خدمت خلق کے جذبے سے سرشار ہو کر اپنے حصے کا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا ہمیں اپنے گھروں، تعلیمی اداروں، دفاتر اور معاشرتی زندگی میں بھی حوصلہ افزائی کے رجحان کو فروغ دینا ہوگا۔

بقیہ درخواست دائر 7

ایڈووکیٹ نے وفاقی آئینی عدالت میں درخواست دائر کی جس میں 11 اکتوبر 2026 کے ہنگامی حالت کے نوٹیفکیشن کو غیر قانونی، بدنیتی پر مبنی اور غیر آئینی قرار دینے کی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست میں آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت جاری نوٹیفکیشن کو چیلنج کیا گیا۔ درخواست میں وفاق، صدر پاکستان، گورنر خیبر پختونخوا، حکومت خیبر پختونخوا اور دیگر متعلقہ حکام کو فریق بنایا گیا ہے۔

بقیہ عبدالخالق اچکزئی 8

مقدمات، ان کے اہل خانہ کو درپیش سیکورٹی خدشات اور ملزمان کی عدم گرفتاری کے حوالے سے تفصیلی غور کیا گیا۔ اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی نے اجلاس میں دی گئی اپنی رولنگ کے تحت ڈی آئی جی خضدار رینج کو اسپیکر چیمبر میں طلب کیا تھا تاکہ مذکورہ واقعات میں پیش رفت، پولیس تحقیقات اور متاثرہ خاندانوں کے تحفظ کے اقدامات سے متعلق وضاحت حاصل کی جاسکے۔ اسپیکر نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ اسمبلی کے اجلاس میں اس معاملے پر ڈی آئی جی خضدار رینج کی طلبی کے باوجود ڈی آئی جی کے بجائے اے آئی جی کی آمد کو استحقاق کی خلاف ورزی کے تناظر میں دیکھا گیا۔ اسپیکر نے اجلاس میں کہا کہ ایسے واقعات بار بار اسمبلی میں زیر بحث آنا تشویش ناک ہیں۔ پولیس عوام اور ان کے منتخب نمائندوں کی محافظ ہے اور اس کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ ہمارے محافظ ہیں، اگر آپ ہی ہمیں تحفظ فراہم نہیں کر سکتے تو پھر ہم اس حوالے سے کیا کہہ سکتے ہیں۔ اجلاس کے دوران اے آئی جی آصف خان نے بتایا کہ اسمبلی جنگ اور ان کے اہل خانہ کو سیکورٹی فراہم کر دی گئی ہے۔

بقیہ طالبہ لاپتہ اعجاز 9

توڑ گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کو اس کے انکشافات اور نشاندہی پر برآمدگی کے لیے لے جایا جارہا تھا کہ راستے میں چھپے موٹر سائیکل سوار چار مسلح ملزمان نے اسے پولیس کی حراست سے چھڑوانے کی غرض سے پولیس ٹیم پر اندھا دھند فائرنگ شروع کردی۔

بقیہ اجلاس طلب 10

والا اجلاس سہ پہر 3:00 بجے کے لیے ملتوی کیا گیا تھا، تاہم اب شیڈول میں ترمیم کرتے ہوئے اجلاس کا وقت تبدیل کردیا گیا ہے۔ صوبائی اسمبلی کا یہ اہم اجلاس اب جمعرات کی صبح 11:00 بجے باقاعدہ شروع ہوگا، جس میں صوبے کے اہم قانون سازی اور عوامی امور زیر بحث آئیں گے۔

بقیہ روزگار کے مواقع 11

آگے بڑھ رہا ہے، بی ایس ڈی آئی پروگرام کے تحت نوجوانوں کے لیے مجموعی طور پر 32 ہزار سے زائد روزگار کے مواقع پیدا کئے گئے ہیں۔ اس پروگرام کے تحت قائم کردہ آئی جی سنٹرز میں 8 ہزار طلبا و طالبات کو تربیت بھی فراہم کی جائے گی۔

بقیہ قطر 12

کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان بحران کا واحد حل مذاکرات اور پرامن سفارت کاری ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق قطری وزارت خارجہ کے شعبہ ابلاغ و مواصلات کے ڈائریکٹر ابراہیم بن سلطان الہاجری نے کہا کہ بحران کا جلد پرامن حل نکالا جائے تاکہ خطے کے تمام ممالک کے مفاد میں ہے کیونکہ کشیدگی کے اثرات کسی ایک ملک تک محدود نہیں رہیں گے۔ انہوں نے زور دیا کہ ایران کو بین الاقوامی قوانین کے تحت سمندری جہاز رانی کی آزادی کا احترام کرنا چاہیے

بقیہ بھائی اغواء 13

شروع کردی جبکہ وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے مشیر خلیل جنا مجید کی رہائشگاہ پر جاکر ملاقات کی اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، بابر یوسفزئی بھی موجود تھے۔ وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے جنا مجید کے بھائی کے اغواء کے معاملے پر تفصیلات سے آگاہ کیا اور ان کی جلد بازیابی کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھانے کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ نظام متاثر 14

سعودی عرب کا ریاض ایئر ہر قسم کی پروازوں کے لیے تا حال بند ہے۔ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک کے دیگر ایئرپورٹ سے ریاض جانے والی تمام پروازیں منسوخ ہیں۔ جدہ، دمام، دبئی، شارجہ، قطر، ترکی جانے اور آنے والی ملکی و غیر ملکی ایئر لائنز کی 25 پروازیں تاخیر کا شکار ہوئیں۔

بقیہ بیرسٹر گوہر 15

کا بہانہ بنا کر گورنر راج لگایا گیا۔ پشاور ہائیکورٹ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف درخواستوں پر سماعت کے دوران عدالت میں دلائل دیتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ دہشتگردی ناسور ہے اور ختم ہونی چاہیے، دہشتگردی پر کوئی دو رائے نہیں ہے، ہم پرامن ہیں، دہشتگردی کے خلاف ریاست کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک ہی دن میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ ہوئی، ہمارے 12 اراکین قومی اسمبلی اور 13 اراکین صوبائی اسمبلی اٹھائے گئے، ہمارے دفاتر گرائے گئے، ترقیاتی کاموں کی افتتاحی تختیاں توڑی گئیں، ہم سے مینڈیٹ لیا گیا۔

بقیہ قیمتوں میں اضافہ 16

میں 88 پیسے فی لیٹر اضافہ کردیا گیا جس کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت میں 382 روپے 2 پیسے فی لیٹر ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیزل کی قیمت میں بھی 53 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے

بقیہ ہائیکورٹ بار 17

اللہ لانگو ایڈووکیٹ، سینئر وکیل ملک امین اللہ کاکڑ، سلیم لاشاری ایڈووکیٹ، نصیب اللہ ترین ایڈووکیٹ، عبداللہ خان کاکڑ ایڈووکیٹ، اسد اچکزئی ایڈووکیٹ، ملک منیر سکندر ایڈووکیٹ، نصیر ننگرونی ایڈووکیٹ، خالد مینگل ایڈووکیٹ، قاسم مندوخیل ایڈووکیٹ سمیت دیگر وکلاء نے کہا ہے کہ وکلاء برادری نے ہمیشہ ذاتی اور گروہی مفادات کو پس پشت ڈال کر وکلاء اور بار کے اجتماعی مفادات کے لئے اقدامات اٹھاتے ہوئے انہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کیا ہے۔

بقیہ اظہار تشویش 18

میں انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ فار اسٹریٹجک اسٹڈیز (آئی آئی ایس ایس) کے زیر اہتمام جنوبی ایشیا میں جوہری ڈیٹرنس اور اسٹریٹجک استحکام سے متعلق 11 ویں ٹریک 1.5 ورکشاپ سے خطاب میں پاکستان کی نیشنل کمانڈ اتھارٹی کے مشیر اور اسٹریٹجک پلانز ڈویژن (ایس پی ڈی) کے سابق ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) مظہر جمیل نے پاکستان میں سرگرم دہشت گرد گروہوں کے لیے بھارت کی مبینہ حمایت پر تشویش کا اظہار کیا۔

بقیہ جواب طلب 19

ہی دن میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ ہوئی، اسی دن ایڈوائزری کونسل تشکیل پائی، 38 ڈپٹی کمشنر تبدیل ہوئے، ہمارے 12 اراکین قومی اسمبلی، 13 اراکین صوبائی اسمبلی اٹھائے گئے۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ ہمارے دفاتر گرائے گئے، ترقیاتی کاموں کی افتتاحی تختیاں توڑی گئیں، دیگر جماعتوں کے ترقیاتی منصوبوں کی تختیاں چھوڑ کر ہماری کیوں توڑی جارہی ہیں، ہم سے مینڈیٹ لیا گیا، گھروں پر چھاپے مارے جارہے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ ایمرجنسی اور گورنر راج معطل کیا جائے۔ چیئرمین تحریک انصاف نے کہا کہ ایک ٹولہ ہے جو پی ٹی آئی اور دیگر سیاسی جماعتوں میں غلط فہمیاں پیدا کر رہا ہے

بقیہ خواجہ آصف 20

میں خواجہ آصف نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان نے سخت گفتگو کی اور میں نے مولانا کے سخت بیانات پر سیاسی تنقید کی ہے۔

بقیہ وزیر خزانہ 21

ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ٹیکس نظام میں بہتری کیلئے اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے، ٹیکس کا دائرہ بڑھانے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں، ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو بڑھانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس اصلاحات کے باعث جی ڈی پی کی شرح میں اضافہ ہوا ہے، معاشی اصلاحات سے شرح نمو بہتر ہوئی ہے، اصلاحات کے ذریعے معاشی استحکام کی جانب گامزن ہیں، پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح ہے

بقیہ سنگ بنیاد 22

جانب اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق شیزاد اینڈ شاہ پرائیویٹ فارم کمپنی لمیٹڈ پاکستان کے گوادر فری زون میں قائم کیا جانے والا ایک سرمایہ کاری کا منصوبہ ہے

بقیہ پاکستان، انکار 23

پاکستان ویٹرنز کرکٹ ایسوسی ایشن فواد اعجاز خان نے کہا ہے کہ حکومتی اجازت نہ ملنے پر ورلڈ کپ میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اوور 50 کرکٹ ورلڈ کپ 23 جنوری سے 7 فروری 2027 تک حیدرآباد دکن میں شیڈول ہے۔

بقیہ دفاعی مشن 24

اور تنصیبات کو حوثی حملوں سے بچانے میں مدد دیں گے۔ رپورٹ کے مطابق برطانیہ سعودی عرب کو اٹلس اے 400 ایم ٹرانسپورٹ طیارہ اور فوجی مشیر بھی فراہم کرے گا۔ برطانیہ نے ستمبر میں بھی سعودی عرب کو اضافی فوجی امداد فراہم کرنے کا اعلان کیا تھا، جس میں رائل ایئر فورس کا وویجر فضائی ایندھن بھرنے والا طیارہ شامل تھا تاہم اس وقت لڑاکا طیاروں سے متعلق اعلان نہیں کیا گیا تھا۔ دوسری جانب، سعودی عرب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے حوثیوں کی جانب سے داغا گیا

بقیہ لیاقت بلوچ 25

نے مطالبہ کیا کہ وزیر اعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے معاملات الگ ہیں۔ لیاقت بلوچ نے تاکید کی کہ قومی سیاسی اور جمہوری قیادت بلوچستان سے اپنے آپ کو بالکل لاتعلق نہ رکھے۔ نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی اور سابق وفاقی وزرا اسد عمر، فواد چوہدری، دانیال عزیز، ندیم افضل چن اور خرم دستگیر سے ملاقاتیں کیں۔

بقیہ کوئٹہ دھماکہ 26

ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم ملزمان کی جانب سے میاں غنڈی میں پل کے نیچے نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے قریب سے گزرنے والی پولیس کی گاڑی میں سوار ہدایت اللہ، عبدالغفار، دلاور خان سمیت 5 اہلکار زخمی ہوگئے اور گاڑی کو شدید نقصان پہنچا زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ طارق فضل چوہدری 27

ایمرجنسی جیسے اقدامات کیے گئے، دہشت گردی کے خلاف جنگ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہے گی، پی ٹی آئی سے مذاکرات میں کوشش تھی کہ دہشت گردی کے خلاف ہم ایک پیج پر آئیں، صوبائی سطح پر موثر تعاون کے بغیر دہشت گردی کا مقابلہ کرنا ممکن نہیں تھا۔

بقیہ اہلکار بازیاب 28

بیاسار رکھنے اور پولیس کی ملازمت چھوڑنے کے لیے دباؤ ڈالنے کے واقعات بیان کئے۔ مستونگ پولیس کے ڈی ایس پی رفیق حمزہ نے اہلکاروں کی بازیابی کی تصدیق کی۔ پولیس کے ایک افسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر اہلکاروں کی تعداد 22 بتائی، جبکہ ابتدائی طور پر پولیس نے 20 اہلکاروں کے اغوا کی اطلاع دی تھی۔

بقیہ محمود اچکزئی 29

میں خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی و گورنر راج کے فیصلے کو چیلنج کرنے کے موقع پر تحریک تحفظ آئین پاکستان کے دیگر اکابرین علامہ راجہ ناصر عباس، بیرسٹر گوہر خان، سلمان اکرم راجہ کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس غیر جمہوری، غیر آئینی اور زور زبردستی کی بنیاد پر قائم حکومت کے اس فیصلے کو اس لئے چیلنج کیا کہ ہم چاہتے ہیں کہ فیصلے عدالت میں ہوں، اگر خدانخواستہ عدالتیں اپنا کردار ادا نہ کیا تو پھر فیصلے سڑکوں پر اور خطرناک ہوں گے۔ ہماری کسی کے ساتھ کوئی ذاتی دشمنی نہیں، پشاور ہماری تحریکوں، بڑی بڑی جدوجہد کا مرکز رہا ہے، جب سے پاکستان بنا ہے، جمہوری و غیر جمہوری قوتوں کی لڑائی جاری ہے۔ پاکستان ایک رضا کارانہ فیڈریشن ہے جس میں بہت ساری اقوام و عوام رہتے ہیں، پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی، پنجابی رہتے ہیں یہاں کوئی کسی کا آقا اور کوئی کسی کا غلام نہیں۔

بقیہ ڈاک ٹکٹ 30

کے، تحقیقات کے لیے پنجاب، اسلام آباد اور سندھ میں 8 خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی تھیں۔ خانیوال سے تعلق رکھنے والے ملزم فہیم اکرم نے مبینہ طور پر ایک ویب سائٹ تیار کی۔

بقیہ ایس ایچ او شہید 31

اومیرآ خان اور پنیل کو نشانہ بنایا گیا، جو موقع پر ہی شہید ہوگئے۔

بقیہ زیر کفالت 32

کے مطابق وسیم عباس کی بہن کو بھی چند ماہ کے لیے وہاں رکھا گیا تھا۔ اطلاعات کے مطابق وسیم کے قتل کے بعد چھوٹے بھائی اور کزن کو گھر لے آئے تھے۔

بقیہ انگلینڈ کو شکست 33

انگلینڈ کی ٹیم 215 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔ عرفات منہاس نے 6 وکٹیں لیں اور ایک رن آؤٹ کیا۔ راولپنڈی میں کھیلے جانے والے میچ میں انگلینڈ نے پاکستان کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بولنگ کا فیصلہ کیا۔ پاکستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 302 رنز کا ٹوٹل بورڈ پر سجایا۔ اننگز کے آغاز میں ہی قومی ٹیم کو جارح مزاج بلے باز فخر زمان پہلی ہی گیند پر جبکہ 8 رنز بنانے کے بعد دوسرے اوپنر صائم ایوب بھی آؤٹ ہوگئے۔ بابر اعظم 34، سعود بیگ 35 اور گزشتہ میچ کے سنچری میکر سلمان علی آغا 16 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ 133 کے مجموعے تک قومی ٹیم 5 وکٹوں سے محروم ہوئی۔

بقیہ وفاقی صنعتی تعاون 34

وزیر دفاع یا شاہ گورنر دستخط کی تقریب میں شرکت کے لیے بدھ کو قطر روانہ ہوں گے۔ پاکستان اور قطر نے داخلی سیکیورٹی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے، سیکیورٹی پارٹنرشپ مضبوط بنانے اور علاقائی امن و استحکام کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ اتفاق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور قطر کے وزیر داخلہ و داخلی سلامتی فورس (لخویہ) کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی کے درمیان ہونے والی ملاقات میں کیا گیا۔ ملاقات میں داخلی سیکیورٹی سے متعلق مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے، دونوں ممالک کی وزارت داخلہ کے درمیان روابط مستحکم بنانے اور باہمی شراکت داری کو مزید موثر بنانے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ بیرونی قرضے 35

44 کروڑ 96 لاکھ ڈالر کا بیرونی قرضہ لیا گیا، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کی نسبت 3 ارب 63 کروڑ ڈالر زیادہ قرضہ حاصل کیا گیا۔

بقیہ نیا ٹیرف 36

کی درخواست نیپرا میں جمع کرادی، اگلا سال بھی بجلی صارفین پر بھاری ہی رہے گا۔

بقیہ اطلاعات 37

جاچکا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ بدھ (14 اکتوبر) کو سعودی عرب کے سرکاری میڈیا کے ذریعے ایک بنگلہ دیشی خاتون اور ایک مرد کو دی گئی سزائے موت پر عملدرآمد کی خبر سامنے آئی تھی۔ سعودی عرب کے سرکاری خبر رساں ادارے نے ملک کی وزارت داخلہ کے بیان کے حوالے سے رپورٹ کیا تھا کہ بنگلہ دیشی مرد اور خاتون پر الزام تھا کہ انہوں نے مکہ کی ایک مسجد کے اندر مخش حرکت کا ارتکاب کیا تھا۔ سعودی حکام کے مطابق سیکیورٹی حکام نے دونوں کو گرفتار کیا تھا اور بعدازاں عدالت نے جوڑے کے خلاف فیصلہ جاری کیا جس میں ان پر عائد الزامات کی توثیق کی گئی۔ سعودی وزارت داخلہ نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ عدالت نے جرم کی سنگینی، مسجد کے تقدس کی خلاف ورزی اور ان حالات کے باعث یہ سزائیں سنائیں جن میں یہ افعال کیے گئے تھے

بقیہ آٹو پالیسی 38

آئی ایم ایف کی تجویز مسترد کیے جانے کی اطلاع ہے، جبکہ مختلف اقسام کی الیکٹرک گاڑیوں کے لیے الگ الگ سیلز ٹیکس کی شرحیں تجویز کی گئی ہیں۔ دستاویز میں بتایا گیا کہ 2026 سے 2031 تک بیٹری الیکٹرک گاڑیوں پر ایک فیصد، رینج ایکسٹینڈڈ الیکٹرک گاڑیوں پر 6 فیصد اور پلگ ان ہائبرڈ گاڑیوں پر 9 فیصد سیلز ٹیکس رکھنے کی تجویز منظور کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ 75 ہزار ڈالر سے زائد مالیت کی الیکٹرک گاڑیوں پر 10 فیصد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز بھی شامل ہے۔ نئی پالیسی کے تحت الیکٹرک گاڑیوں کی درآمدی ڈیوٹیز میں کمی کی جائے گی، جبکہ 15 ہزار ڈالر سے کم مالیت کی چھوٹی الیکٹرک گاڑیوں کے لیے کم ٹیرف متعارف کرانے کی تجویز دی گئی ہے۔ پالیسی دستاویز میں کہا گیا کہ آٹو سیکٹر میں مسابقت بڑھانے کے لیے درآمدی ڈیوٹیز میں مرحلہ وار کمی کی جائے گی اور 31-2030 تک ٹیرف 15 فیصد تک لانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ الیکٹرک گاڑیوں کی خریداری آسان بنانے کے لیے فنانسنگ کی حد 30 لاکھ روپے سے بڑھا کر ایک کروڑ روپے اور قرض کی مدت تین سال سے بڑھا کر پانچ سال کرنے کی تجویز بھی منظور کی گئی ہے

بقیہ امان اللہ کنرانی 39

کا حصہ صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم خان کھوسہ کی کاوش اور صوبائی حکومت کے جام کمال سے لیکر میر سرفراز بگٹی کی توجہ کے باعث تکمیل کی طرف گامزن ہے تاہم اس سے آگے سندھ کے حصے میں کام کو وسعت دینے کیلئے ماضی میں IK کے دور میں سروے کیلئے ٹنڈر بھی ہوئے تھے بعد میں وفاق کے بجٹ میں ابھی تک اس کا حصہ نہ مل سکا اس روڈ کی تکمیل سے براستہ کشمور سے موٹروے تک رسائی آسان ہوگی کوئٹہ سے پنجاب و خیبر پختونخوا سفر کرنے والوں کو جیکب آباد، سکھر سے گزر کر کشمور موٹروے انٹر چینج تک پہنچنے کیلئے 150 کلو میٹر مسافت کم ہوجائے گی اور 2 گھنٹے کا سفر کم ہوجائے گا یہ روڈ ڈیرہ بگٹی کے علاوہ 4 گیس فیلڈ سوئی، اوچ، پیر کوہ اور لونی کو بلوچستان سے مربوط کرے گا جبکہ حالیہ وفاقی PSDP میں کشمور سوئی روڈ تو شامل ہے مگر صحبت پور تا کشمور روڈ غائب ہے اگر چہ ہمیں سوئی روڈ پر اعتراض نہیں ہے مگر ڈیرہ بگٹی کے لوگ بلوچستان و سندھ کے درمیان مواصلاتی رابطہ کیلئے کشمور کی بجائے اس ہائی وے کے استعمال کو زیادہ ترجیح دیں گے کیونکہ یہاں دونوں صوبوں میں بگٹی قبائل کثیر تعداد میں آباد ہیں جبکہ سوئی سے کشمور دیگر متحارب قبائل ہیں جہاں سوائے ضروری سفر برائے علاج و معالجہ رحیم خان جانا ہوتا ہے باقی تجارتی و علاقائی و زرعی اجناس کے منڈیوں تک رسائی صحبت پور کشمور حائل روڈ سے ہی ممکن ہے وفاق، بلوچستان و سندھ کو مشترکہ طور پر اس بین الصوبائی روڈ جو بہتر تعمیر سے بین الاقوامی بلحاظ افادیت اہمیت کا حامل بن جائے گا لہٰذا تمام حکومتوں کو اس کی تعمیر کو وسیع تر مفاد میں خصوصی دلچسپی لیکر سرعت کے فیصلہ کن اقدام کرنا چاہئے تاکہ معاشی و تجارتی سرگرمیاں تیز ہوں علاقائی باہمی روابط و بھائی چارہ مضبوط ہو جس سے خطے میں امن کے قیام میں مدد ملے کی خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔

بقیہ ہمایوں خان ناصر 40

استعمال ہونے والے مختلف کیمیکلز اور دیگر سامان برآمد کرلیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ڈسٹرکٹ پولیس لورالائی کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ گلی شبوزئی کے پہاڑ کے دامن میں آئس تیار کرنے کی فیکٹری قائم کی جا رہی ہے۔ اطلاع ملنے پر قائم مقام ایس ڈی پی او میٹر سرکل ہمایوں خان، انچارج سی آئی اے پولیس لورالائی محمد انور اور ایس ایچ او تھانہ جناح شہید شیر محمد پر مشتمل پولیس ٹیم تشکیل دی گئی، جس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مذکورہ مقام پر چھاپہ مارا۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران ایکٹو کاسٹک سوڈا فلیکس (NaOH) کی دو بوریاں، اومان/ایفیڈرا بوٹی کی 15 بوریاں، ایسیٹون، ہائیڈروکلورک ایسڈ سمیت مختلف خطرناک کیمیکلز برآمد کیے گئے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق برآمد ہونے والا سامان آئس کی تیاری میں استعمال کیا جانا تھا۔ ایس ڈی پی او ہمایوں خان ناصر نے بتایا کہ واقعہ کا مقدمہ تھانہ جناح شہید لورالائی میں درج کرلیا گیا ہے، جبکہ فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے خصوصی پولیس ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے

بقیہ فوڈ اتھارٹی 41

کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر 60 مراکز کا معائنہ کیا۔ فوڈ سیفٹی قوانین اور مقررہ معیار کی خلاف ورزی پر 20 یونٹس کو بھاری جرمانے عائد کئے گئے جبکہ 22 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کرتے ہوئے مقررہ مدت میں خامیاں دور کرنے کی ہدایت کی گئی وزڈل ڈپٹی ڈائریکٹر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی سربراہی میں ہونے والی کارروائیوں کے دوران گوشت کی دکانوں، ہوٹلز، جنرل اسٹورز، بیکنگ یونٹس اور سموسہ پکوڑا شاپس کی خصوصی چیکنگ کی گئی۔ معائنے کے دوران حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی، ناقص صفائی، زائد المیعاد اشیائے خورد و نوش، ملاوٹی دودھ، غیر معیاری رنگوں اور دیگر خلاف ورزیوں کا جائزہ لیا گیا۔ فوڈ اتھارٹی ٹیم نے گوشت کی دکانوں پر گوشت کو غیر صحت بخش طریقے سے رکھنے، مکھیوں سے بچاؤ کے لیے حفاظتی جالی نہ ہونے، گندے برتنوں اور غیر صاف ریفریجریٹرز پر کارروائی کی۔ ہوٹلز میں دودھ میں پانی کی ملاوٹ، خراب تیل، گندے برتن، کھلے کوڑا دان، ناقص پانی اور کیڑوں سے بچاؤ کے ناکافی انتظامات پر جرمانے عائد کیے گئے اسی طرح جنرل اسٹورز پر بغیر لائسنس کاروبار، زائد المیعاد اشیائے خورد و نوش، ممنوعہ MSG اور کیمیکلز کو غذائی اشیاء کے ساتھ رکھنے کی خلاف ورزیوں پر کارروائی کی گئی۔

بقیہ علی مدد جتک 42

معززین سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں حلقہ انتخاب کے دوستوں نے صوبائی وزیر کو اپنے مسائل، عوام کو درپیش مشکلات اور مختلف امور سے آگاہ کیا گیا۔ حاجی میر علی مدد جتک نے تمام امور غور سے سنے اور مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ عوامی خدمت کے مشن کو پوری لگن اور خلوص کے ساتھ جاری رکھیں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ عوام اور ان کے درمیان مضبوط رابطہ ہی موثر عوامی خدمت کی بنیاد ہے وہ اپنے حلقے کے عوام اور دوستوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہنے پر یقین رکھتے ہیں تاکہ عوامی مسائل کی بروقت نشاندہی اور ان کے حل کیلئے ضروری اقدامات کئے جاسکیں۔ حاجی میر علی مدد جتک نے مزید کہا کہ جتک ہاؤس عوام کیلئے ہمیشہ کھلا ہے اور حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے افراد اپنے مسائل اور شکایات کے سلسلے میں بلاجھجک رابطہ کر سکتے ہیں۔ عوام کی خدمت ان کے لئے اعزاز بھی ہے اور ذمہ داری بھی، جسے وہ پوری دیانت داری اور خلوص کے ساتھ نبھاتے رہیں گے۔ ملاقات کے دوران اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ عوامی رابطوں کو مزید موثر بنایا جائے گا اور حلقہ؟ انتخاب کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے باہمی مشاورت اور تعاون کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ (S&GAD) 43

جبکہ ایڈیشنل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمان، ایڈیشنل سیکرٹری کیبنٹ عبدالصبور خان، ریگولیشن ایلیسپرٹ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن محمد رفیق اور ڈپٹی سیکرٹری قانون احسان برکت بھی اجلاس میں موجود تھے اجلاس کے دوران بلوچستان ٹیکنیکل انفارمیشن...

بقیہ ربابہ خان بلیدی 44

بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے اس امر پر زور دیا کہ خواتین کی ترقی اور بااختیاری کیلئے عملی اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے تاکہ صوبے کی خواتین کو تعلیم، ہنر مندی، روزگار اور معاشی سرگرمیوں میں آگے بڑھنے کے بہتر مواقع میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی سماجی و معاشی ترقی صوبے کی مجموعی ترقی سے وابستہ ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان موثر رابطہ کاری اور مربوط حکمت عملی ضروری ہے۔ صوبائی مشیر نے محکمہ کے جاری منصوبوں پر پیش رفت کا مسلسل کے ساتھ جائزہ لینے، دستیاب وسائل کے موثر استعمال اور عوامی فلاح کے منصوبوں پر عملدرآمد میں شفافیت کو یقینی بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ خواتین کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں بااختیار بنانے کیلئے شروع کئے گئے اقدامات کے ثمرات مستحق خواتین تک پہنچانے کیلئے محکمہ جاتی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ ترقی نسواں خواتین کی فلاح و بہبود، معاشی خود مختاری اور سماجی ترقی کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا، جبکہ جاری منصوبوں کی موثر نگرانی اور بہتر انتظامی حکمت عملی کے ذریعے خواتین کیلئے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا کرنے پر توجہ دی جائے گی۔ سیکرٹری محکمہ ترقی نسواں شیر شاہ طلوزئی نے صوبائی مشیر کو محکمہ کے امور اور جاری اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے متعلقہ منصوبوں پر پیش رفت اور محکمہ کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے کئے جانے والے اقدامات سے متعلق بریفنگ دی۔

بقیہ مولانا عبدالرحمان 45

مختلف علاقوں میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر نکاسی آب کی نالیوں میں جمع گندگی اور گرد و غبار نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے تعفن اور آلودگی کے باعث مختلف بیماریوں کے پھیلاؤ کے خدشات بھی بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طویل عرصے سے بارشیں نہ ہونے کے باعث گرد و غبار میں اضافہ ہوا ہے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے صفائی کے موثر انتظامات نہ ہونے کے سبب گلیوں سڑکوں اور محلوں میں کچرا جمع ہو رہا ہے۔ نکاسی آب کی نالیاں گندگی سے بھر چکی ہیں جس سے نہ صرف شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے بلکہ صحت عامہ کے مسائل بھی جنم لے رہے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ کوئٹہ صوبے کا دارالحکومت اور اہم شہری مرکز ہے اس کے باوجود صفائی ستھرائی کے بنیادی انتظامات کی یہ صورتحال متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن اور دیگر متعلقہ حکام شہر بھر میں ہنگامی بنیادوں پر صفائی مہم شروع کریں کچرے کے ڈھیروں کو فوری طور پر ٹھکانے لگائیں نکاسی آب کی نالیوں کی صفائی یقینی بنائیں اور گرد و غبار پر قابو پانے کیلئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں۔

بقیہ رحمت صالح بلوچ 46

تجارت کی فوری بحالی کیلئے وفاقی حکومت سے موثر انداز میں رجوع کیا جائے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ افغان سرحد پہلے ہی بند ہے، جبکہ اب پاک ایران سرحد تفتان اور ردان کے راستوں سے تجارت بھی بند کردی گئی ہے، جس کے باعث بڑی تعداد میں تجارتی گاڑیاں پھنس گئی ہیں اور درآمدات و برآمدات کا سلسلہ معطل ہو کر رہ گیا ہے سرحدی راستوں کی بندش سے نہ صرف تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو مشکلات کا سامنا ہے بلکہ اس کے منفی اثرات بلوچستان کی معیشت، زراعت اور عام لوگوں کی روزمرہ زندگی پر بھی مرتب ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ سرحدی تجارت کی بندش کے باعث گاڑیوں میں موجود پھلوں اور سبزیوں کے خراب ہونے کا خدشہ ہے، جس سے زمینداروں اور تاجروں کو کروڑوں روپے کے نقصان کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

بقیہ سلیم احمد کھوسہ 47

کے استعمال پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا اور متعلقہ حکام اس منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنائیں ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات نے کوئٹہ شہر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں جن میں چمن پھاٹک، تاؤنکہ پھاٹک فیلوز اور زیر تعمیر چشمہ پل کے دورے کے موقع پر کیا جہاں انہوں نے تعمیراتی کام کی تفصیلی جائزہ لیا اور منصوبے کی پیش رفت تکمیل کے مراحل اور درپیش مسائل کے حوالے سے متعلقہ حکام سے بریفنگ حاصل کی اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان، چیف انجینئر کوئٹہ زون عبدالرحیم ننگوئی، چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ، سپرنٹنڈنگ انجینئر کوئٹہ محمد وسیم، حیدر ایگزیکٹو انجینئر روڈز کلاک زون قاضی ثناء اللہ سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے دورے کے دوران سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے صوبائی وزیر کو منصوبے کی موجودہ صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ مقامی آبادی کے متعلق امور اور بعض تکنیکی مسائل کے باعث تعمیراتی کام میں تاخیر کا سامنا کرنا پڑا تاہم ان مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا گیا ہے انہوں نے بتایا کہ پل کی تعمیر کا کام تسلسل کے ساتھ جاری ہے

بقیہ منشیات کے خاتمے 48

جاری ہیں۔ یہ کارروائیاں اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف)، ضلعی انتظامیہ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اشتراک سے کی جا رہی ہیں، جن کا مقصد منشیات کی کاشت اور اس کے پھیلاؤ کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کرنا ہے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی ٹیمیں متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر مختلف مقامات پر کارروائیوں میں مصروف ہیں انسداد منشیات مہم کے تحت مشترکہ کوششوں کا مقصد قانون کی عملداری یقینی بنانا اور بلوچستان کو منشیات سے پاک بنانے کی کوششوں کو موثر بنانا ہے۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بلوچستان نے انسداد منشیات کیلئے متعلقہ اداروں کے ساتھ مشترکہ کارروائیوں اور مربوط اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔

بقیہ وفاقی آئینی عدالت 49

قائداعظم نے کہا سول سروس کو کبھی کسی سیاسی دباؤ، سیاسی جماعت یا سیاستدان کے اثر میں نہ آئیں۔ قائداعظم نے کہا تھا کہ حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں مگر سول سروس ریاست کی ریڑھ کی ہڈی ہے جو قائم رہتی ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے فیصلے میں کہا کہ قائداعظم نے کہا کہ افسران بلاخوف وخطر اور دیانتداری کے ساتھ ریاست اور عوام کی خدمت کریں۔ قائداعظم نے کہا سیاستدانوں کی مداخلت سے بدعنوانی، رشوت ستانی اور اقربا پروری جیسے مہلک امراض جنم لیتے ہیں۔ واضح رہے کہ اپیل کنندہ نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے ڈویژن بینچ کے 15 فروری 2022 کے فیصلے کو چیلنج کیا تھا جب کہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے بی پی ایس 19 سے بی پی ایس 20 میں ترقی نہ دینے اور جونیئر افسران کی ترقی کو درست قرار دیا تھا۔ مقدمے کے مطابق تنویر احمد جابر 1999 میں سی ایس ایس امتحان پاس کرکے پولیس سروس آف پاکستان (PSP) میں شامل ہوئے۔ اپیل کنندہ کو 22 جون 2007 کو گریڈ 18 اور 16 جنوری 2015 کو گریڈ 19 میں ترقی دی گئی تھی۔ نیب ریفرنس نمبر میں سزا کے باعث 2018 اور 2019 میں ترقی موخر کی گئی اور پھر سندھ ہائی کورٹ نے 8 نومبر 2019 کو اپیل کنندہ کو ریفرنس سے بری کیا۔ بعد ازاں سندھ ہائی کورٹ سے بریت کے بعد افسر کو 24 جنوری 2020 کو ملازمت پر بحال کیا گیا۔ جنوری 2020 میں سنٹرل سلیکشن بورڈ کے چوتھے اجلاس میں افسر کی ترقی کا معاملہ دوبارہ زیر غور آیا اور نیب کے ایک اور ریفرنس کے زیر التوا ہونے پر افسر کو سپرسیڈ کر دیا گیا

2026، کی مختلف شقوں پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا بل کا بنیادی مقصد صوبے میں بدعنوانی، اختیارات کے ناجائز استعمال اور سرکاری امور میں بے ضابطگیوں سے متعلق عوامی مفاد میں معلومات فراہم کرنے والے افراد کو قانونی تحفظ فراہم کرنا ہے، تاکہ شہری بلاخوف و خطر متعلقہ حکام تک درست معلومات اور شکایات پہنچا سکیں کمیٹی کے اراکین نے بل کی مختلف شقوں پر تفصیلی بحث کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ عوامی مفاد میں نیک نیتی کے ساتھ معلومات فراہم کرنے والے افراد کو ممکنہ انتقامی کارروائی، ہراسانی، امتیازی سلوک اور دیگر نقصان دہ اقدامات سے تحفظ فراہم کرنا ضروری ہے اس کے ساتھ ساتھ درست اور مستند معلومات فراہم کرنے والوں کی حوصلہ افزائی، مناسب انعامات کے طریقہ کار اور جھوٹی، بے بنیاد یا بدنیتی پر مبنی شکایات کرنے والوں کے خلاف کارروائی سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ بخت محمد کاکڑ 50

جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کے طبی اداروں کی بہتری، ہسپتالوں میں ضروری سہولیات کی فراہمی اور عوام کو علاج و معالجے کی بہتر خدمات کی فراہمی کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ حکومت کی کوشش ہے کہ غریب اور مستحق مریضوں کو علاج کے حصول میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور انہیں اپنے ہی صوبے میں بہتر طبی سہولیات میسر آئیں۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صحت ایک بنیادی انسانی ضرورت ہے اور حکومت اس شعبے میں بہتری لانے کے لیے دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لانے کے لیے پرعزم ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کی بہتری، طبی عملے کی ذمہ داریوں اور مریضوں کی دیکھ بھال کے نظام کو مزید موثر بنانے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ دور دراز علاقوں کے عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی بھی خصوصی اہمیت رکھتی ہے، تاکہ کسی شہری کو محض فاصلے یا مالی مشکلات کی وجہ سے علاج سے محروم نہ رہنا پڑے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے اور عوام کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے تمام ممکنہ وسائل استعمال کیے جائیں گے۔

بقیہ (BISP) 51

سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور ان مسائل کے حل کیلئے اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر چیئرپرسن روبینہ خالد نے مسائل کے حل کے حوالے سے اپنے تعاون اور متعلقہ اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات میں سید عبدالمنان آغا اور عبدالرحمان کاکڑ بھی موجود تھے۔

بقیہ ثمینہ ممتاز زہری 52

کے حل کیلئے سنجیدگی، خلوص اور مسلسل محنت ضروری ہے انہوں نے کہا کہ عوام کا اعتماد کسی بھی عوامی نمائندے کا سب سے بڑا سرمایہ ہوتا ہے اور اس اعتماد کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ عوامی مفادات کو ہر معاملے میں ترجیح دی جائے عوام کو درپیش مشکلات کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور معاشرتی مسائل کے خاتمے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لانا وقت کی اہم ضرورت ہے ان کا کہنا تھا کہ عوامی خدمت محض دعوؤں تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ اس کے مثبت اثرات عام آدمی کی زندگی میں بھی نظر آنے چاہئیں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مزید کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولیات کی بہتری عوام کی اہم ضروریات میں شامل ہیں ان شعبوں میں بہتری لانے کیلئے اجتماعی کوششوں، موثر منصوبہ بندی اور متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا ضروری ہے

بقیہ تھانہ سونا خان 53

مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ منظور احمد رند 54

کیمرہ مین امین اللہ مینگل اپنی گاڑی میں پریس کلب جارہے تھے تو کوئٹہ کے جی پی او چوک پر نامعلوم افراد نے خاتون رپورٹر عطیہ اکرم کو ہراساں کیا شوہر کو دھمکیاں دیں منع کرنے پر خاتون رپورٹر کے شوہر کیمرہ مین امین اللہ مینگل کو زدوکوب کیا گھر سے آنکھ سے آنکھ ملانے کی دوڑ میں اس وقت موقع پر پولیس اہلکار بھی موجود تھے مگر اس کے باوجود ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوئے بی یو جے قیادت نے آئی جی پولیس ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ اور پولیس کے دیگر اعلیٰ حکام سے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے حملہ کرنے والے ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ محمد عبدالقادر 55

اگست کے مقابلے میں 10 فیصد زیادہ ہیں۔ یہ ملکی تاریخ کی دوسری بلند ترین ماہانہ سطح ہے، جبکہ مالی سال 27-2026 کی پہلی سہ ماہی، جولائی تا ستمبر، میں آئی ٹی برآمدات ایک ارب 25 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ فری لانسرز کی کارکردگی بھی حوصلہ افزا ہے۔

بقیہ پشتونخوا میپ 56

کے مرکزی سیکرٹری نواب خان ایاز جوگیزئی، مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی اطلاعات آرگنائزر اسفندیار کاکڑ، مالیات آرگنائزر محمود اچکزئی، زونل سینئر معاون مزمل شاہ اور ضلع کوئٹہ کے ضلعی سیکرٹری یار محمد بریال نے خطاب کیا جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض واسع سنزر اور راحمین اچکزئی نے انجام دیے جبکہ پروگرام کی صدارت پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن سائنس کالج کے علاقائی سیکرٹری منور خان کاکڑ نے کی مقررین نے کہا کہ پشتو اکیڈمی جس کی بنیاد خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی نے رکھی تھی

بقیہ قاری مہراللہ 57

میں شدید سردی کے موسم میں گیس لوڈشیڈنگ المناک حوادث اور اموات کا باعث بنے گی جس کی ذمہ داری گیس انتظامیہ پر عائد ہوگی بلوچستان میں درجہ حرارت منفی سینٹی گریڈ تک گرنے کے ساتھ ہی برفانی ہوائیں اور شدید سردی کی لہر میں گیس لوڈشیڈنگ عوام کیلئے بڑا مسئلہ پیدا کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیس کی عدم فراہمی کے باعث شہری مہنگے داموں ایل پی جی (LPG) سلنڈر یا کوئلہ استعمال کرنے پر مجبور ہیں

بقیہ مولانا عبدالقادر لونی 58

مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ سعودی عرب، حرمین شریفین کی سلامتی و تحفظ دنیا بھر کے مسلمانوں کا اہم ترین دینی فریضہ ہے حرمین شریفین دنیا بھر کے مسلمانوں کی عقیدت، ایمانی جذبات اور روح کا مرکز ہے حرمین شریفین مقدس سرزمین پر کسی بھی قسم کی بیرونی جارحیت کو پورے عالم اسلام کی سلامتی پر حملہ تصور کیا جائے گا حرمین شریفین کی پاسداری و حفاظت صرف ایک جغرافیائی ذمہ داری نہیں بلکہ پورے عالم اسلام کی روح اور سلامتی سے جڑا ہوا معاملہ ہے اس پر امت مسلمہ تمام

ترسیاسی و جغرافیائی اختلافات بالائے طاق رکھتے ہوئے ایک 'بنیان مرصوص' کی طرح سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر کھڑی ہوگی۔

بقیہ پشتونخوا میپ 59

اطلاعات سیکرٹری وحدت افغان نے انجام دیے اجلاس سے پشتونخوا ایس او کے صوبائی سیکرٹری وارث افغان، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی نے خطاب کیا، جبکہ اجلاس میں پارٹی کی صوبائی ایگزیکٹو کے اراکین ندا سکندر اور رزاق بڑیچ، ضلعی ایگزیکٹو کے اراکین عصمت ترین، نور آغا، عبداللہ آغا اور محمد رسول ترین، جبکہ پشتونخوا ایس او کی صوبائی ایگزیکٹو کے اراکین سید بایزید آغا، زوہیب کبزئی، حلیم لویال، زرینہ خیلوا ک، شفیق دلشان اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔

بقیہ ایچ ڈی پی 60

ستخواہی اور ضلع ہرنائی کے لوگ اکبر بھرتی کئے گئے جس کے خلاف اس وقت ایچ ڈی پی کے اراکین اسمبلی نے اسمبلی فلور پر شدید احتجاج کرتے ہوئے اسے کوئٹہ کے بیروزگار نوجوانوں کی حق تلفی قرار دیا تھا آج بھی وہی سلسلہ شروع ہے گذشتہ 3 سالوں سے کوئٹہ کے نوجوانوں کے ساتھ بدترین زیادتی اور انکی حق تلفی ہو رہی ہے

بقیہ جمال شاہ کاکڑ 61

اثرات مرتب ہوتے ہیں اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بلوچستان کے پارٹی کارکنوں کیلئے پارٹی سیکرٹریٹ کے قیام اور شولیتوں کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا جمال شاہ کاکڑ نے ان کی خدمات پارٹی سرپرستی اور بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے ذاتی دلچسپی لینے اور ہمدردانہ رویہ پر ان کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔

بقیہ ایک شخص ہلاک 62

قبیلے کے دو گروپ میں مسلح تصادم اور شدید فائرنگ سے ایک شخص ایلو خان ولد محمد نواز ہلاک جبکہ دو زخمی ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور واقعہ میں ہلاک وزخمیوں کو سول ہسپتال صحبت پور منتقل کردیا جبکہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چار افراد کو حراست میں لیکر حالات پر قابو پالیا گیا۔

بقیہ احسن اقبال 63

کی صلاحیت موجود ہے، تاہم اس کے لیے جامع منصوبہ بندی، موثر پالیسیوں اور مختلف شعبوں کے درمیان بہتر رابطے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی عدم استحکام اور پالیسیوں میں تبدیلیوں نے ملک کی معاشی منصوبہ بندی کو متاثر کیا ہے۔

بقیہ سائبر سکیورٹی 64

آپریشنز سینٹر بین الاقوامی معیار اور بہترین عالمی طریقہ کار کے مطابق کام کرے گا۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے چیئرمین نادرا کو آئی ٹی اصلاحات اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے استعمال پر بریفنگ دی۔ خدمات کی فراہمی میں بہتری اور کاروباری آسانی کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال بڑھایا جارہا ہے۔ کیپٹل مارکیٹ کے تمام اداروں کو سائبر خطرات سے نمٹنے کے لیے ایک مشترکہ فریم ورک میں شامل کیا جائے گا۔

بقیہ جان محمد بلیدی 65

دوسرے کے ساتھ تعلق اور رشتہ داری ہے اور ایسی طرح گوادر بھی عمان کے سلطان کی زیر حکمرانی رہا ہے لیکن جب گوادر واپس بلوچستان اور پاکستان میں شامل ہوا تو گوادر کے سینکڑوں لوگوں کے پاس عمانی شہریت ہے حکومت پاکستان کو چاہیے کہ وہ عمان کے ساتھ دوہری شہریت کا معاہدہ کرے تاکہ گوادر کے لوگوں کو مسائل میں مشکلات کا سامنا نہ ہو گوادر کے مقامی شہری بیک وقت عمان اور پاکستان دونوں کی شہریت رکھتے ہیں حالیہ حکومتی اقدامات سے وہ بری طرح متاثر ہیں ان کے بینک اکاؤنٹس بند ہوگئے ہیں

بقیہ مولانا عبدالواسع 66

جمعیت کی سیاست محض اقتدار کے حصول کیلئے نہیں بلکہ اسلام کی سربلندی، آئین کی بالادستی، جمہوری اقدار کے تحفظ، عوامی حقوق کی پاسداری اور ملک میں حقیقی جمہوریت کے قیام کیلئے ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک نظریاتی، دینی اور عوامی جماعت ہے، جس کی جڑیں عوام میں گہری ہیں، اس جماعت نے ہر دور میں نامساعد حالات، سیاسی انتقامی کارروائیوں اور مختلف چیلنجز کا ثابت قدمی سے مقابلہ کیا ہے اور اپنے اصولی موقف پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا جمعیت علماء اسلام کی قیادت اور کارکنوں نے ہمیشہ آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے سیاسی جدوجہد کی ہے اور جمہوری طریقے سے عوام کی آواز ایوانوں تک پہنچانے کا فریضہ انجام دیا ہے

بقیہ ہدایت الرحمان بلوچ 67

اقدامات کا مقصد ہسپتال میں بنیادی سہولیات بہتر بنانا اور جیونی سمیت گرد و نواح کے علاقوں کے عوام کو ان کی دہلیز پر طبی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ توقع ظاہر کی جارہی ہے کہ بہت جلد ہسپتال میں بیرونی مریضوں کے معائنے کے شعبے (او پی ڈی) اور ہنگامی طبی خدمات کا آغاز بھی کردیا جائے گا

بقیہ طلال چوہدری 68

دیں گے تو پھر ایسے ہی نتائج آئیں گے۔

بقیہ ولی محمد نورزئی 69

بیواؤں، یتیم خواتین میں قرعہ اندازی کے ذریعے 300 سے زائد پلاٹس کی فائل تقسیم کرنے کے موقع پر بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر حافظ محمد ادریس مغل، میر قدیم محمد حسنی، سید حبیب اللہ شاہ چشتی، نوابزادہ مظفر شاہوانی، سید زوہیب ایڈووکیٹ، فاطمہ خان، فردوس بی بی، شہناز بی بی شہلائی بی حاجی ہدایت اللہ، افضل محمد نورزئی سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا۔ حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ ہم نے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے مستحق غریب، یتیم، خواتین اور دیگر لوگوں کی مشکلات دور کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کیا ہے اور کرتے رہیں گے۔ میری روز اول سے یہی کوشش رہی ہے کہ لوگوں کی بھرپور طور پر مدد کرکے انہیں مسائل سے چھٹکارا دلائیں انہوں نے کہا کہ میں نے پہلے بھی تنظیم کے توسط سے لوگوں کی بھرپور مدد کی ہے اور آئندہ کرتے رہیں گے

بقیہ تاپی کی پیشکش 70

پاکستانی سفیر فیصل ترمذی کا کہنا تھا کہ افغانستان سے پاکستان میں دراندازی کی جاتی ہے، افغانستان ایک ایسی گرہ ہے جسے پاکستان اور روس کھولنے کی کوشش میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روس طالبان پر اپنی سرزمین دوسروں کے خلاف استعمال نہ ہونے دینے پر زور دیتا ہے، روسی وزیر داخلہ کا حالیہ دورہ اس بات کا ثبوت ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان کوئی اختلاف نہیں۔ فیصل ترمذی نے اپنے خطاب میں امید ظاہر کی کہ آئندہ سال روسی صدر پیوٹن شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں شرکت کے لیے پاکستان آئیں گے۔ دوطرفہ تعلقات کو بہتر سے بہتر بنایا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ سابق پاکستانی سفیر مسعود خان نے کہا کہ اب پاکستان کو بھارت یا افغانستان کے تناظر میں نہیں بلکہ ایک آزاد شراکت دار کے طور پر دیکھنے کی ضرورت ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف نے آٹو پالیسی 2026-31 کی منظوری دیدی

ہزار ڈالر سے زائد مالیت کی الیکٹرک گاڑیوں پر 10 فیصد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز

آٹو پارٹس بنانے والی کمپنیوں کی برآمدات 3-2030 تک 1.2 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر

پالیسی میں مقامی پیداوار کے اہداف پورے نہ کرنے والی کمپنیوں سے مراعات واپس لینے کی تجویز شامل

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے آٹو پالیسی 2026-2031 کی منظوری دے دی ہے۔ پالیسی دستاویز کے مطابق پاکستان کے آٹو سیکٹر کی برآمدات 6 ارب ڈالر تک بڑھانے، مقامی پیداوار میں اضافے، درآمدی ڈیوٹیز میں مرحلہ وار کمی اور الیکٹرک گاڑیوں کے استعمال کو فروغ دینے کے اہداف مقرر کیے گئے ہیں۔ نئی آٹو پالیسی میں الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کرنے کی .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو صوبائی مشیر کھیل مینا مجید کے بھائی کے اغواء کے حوالے سے بات چیت کررہے ہیں

صحبت پور تا کشمور روڈ تکمیل کی جانب گامزن ہے' امان اللہ کنرانی

روڈ کی تکمیل کیلئے وفاق' سندھ و بلوچستان کی حکومتوں کو اقدام اٹھانا چاہئے' سابق صدر سپریم کورٹ بار

جھل مگسی پور (ان لائن) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن پاکستان کے سابق صدر سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی نے ایک بیان میں وفاق و صوبائی حکومتوں کو متوجہ کرتے ہوئے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ Strategical صحبت پور تا کشمور روڈ بلوچستان .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی' آئس تیار کرنے والی فیکٹری پر چھاپہ' کیمیکلز و دیگر سامان برآمد

فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے خصوصی پولیس ٹیم تشکیل دے دی گئی' ایس ڈی پی او

لورالائی (آن لائن) ایس ڈی پی او/ایس ایچ او سٹی ہمایوں خان ناصر نے سی آئی اے پولیس کے دفتر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ لورالائی پولیس نے خفیہ اطلاع پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے گلی شبوزئی کے پہاڑی علاقے میں آئس (کرسٹل میتھ) تیار کرنے کیلئے قائم کی جانے والی مبینہ فیکٹری پر چھاپہ مارا' جہاں سے آئس کی تیاری میں .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب' بی ایف اے کی کارروائیاں جاری' 20 فوڈ یونٹس پر بھاری جرمانے عائد

بزنس آپریٹر بی ایف اے کے ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنائیں' حکام

لورالائی (خ ن) ژوب میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں' 20 فوڈ یونٹس پر بھاری جرمانے' 22 کو اصلاحی نوٹسز جاری' زائد المیعاد اشیاء خوردونوش' ملاوٹی دودھ' ناقص صفائی' غیر معیاری رنگوں اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیوں پر کارروائی بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ژوب فوڈ سیفٹی ٹیم نے لورالائی اور ژوب میں مختلف فوڈ بزنس یونٹس کے خلاف .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

بی آئی ایس پی کی چیئرپرسن روبینہ خالد سے پیپلز پارٹی کے سابق سینیٹر روزی خان ملاقات کر رہے ہیں

گورنر جعفر خان مندوخیل ایجوکیشن یونیورسٹی میں وومن پرموٹ ٹیلنٹ کے زیراہتمام تقریب سے خطاب کررہے ہیں

چشمہ پل کے تعمیراتی کام میں مزید تیزی لائی جائے' میر سلیم کھوسہ

معیار اور میٹریل کے استعمال پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں' صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات

صوبائی وزیر کا کوئٹہ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ' زیرتعمیر چشمہ پل کے دورے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ چشمہ پل کی تعمیراتی کام میں مزید تیزی لائی جائے تاکہ علاقے کے عوام کو درپیش مشکلات کا جلد از جلد خاتمہ ممکن بنایا جا سکے انہوں نے واضح کیا کہ پل کی تعمیر میں معیار اور میٹریل .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

سابق صوبائی وزیر تعلیم سردار نثار علی ہزارہ انتقال کر گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سابق صوبائی وزیر تعلیم سردار نثار علی ہزارہ انتقال کر گئے مرحوم' سردار محمد عیسیٰ خان مرحوم کے صاحبزادے سردار محمد حسین کے ماموں مرحوم۔ سردار سعادت علی ہزارہ مرحوم کے بڑے بھائی۔ تیمور علی۔ محمد علی کے والد کرنل (ر) علی مہدی کے سسر۔ میجر (ر) حاجی اعجاز۔ محمد اکبر کے ماموں سردار حیدر ہزارہ کے تایا۔ حاجی فدا حسین حاجی نثار و سجاد علی کے بہنوئی کی میت بروز جمعرات تدفین کیلئے اٹھائی جائے گا اللہ پاک مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا اور پسماندگان کو صبر جمیل عنایت فرمائے آمین۔

قلعہ عبداللہ میں بھنگ کی کاشت کیخلاف 3 روز سے آپریشن جاری

مقصد منشیات کی کاشت کیلئے موثر اقدامات ہیں' محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں منشیات کے خاتمے اور بھنگ کی کاشت کے خلاف جاری انسداد منشیات مہم کے تحت محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بلوچستان کی جانب سے ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے دوبندی میں گزشتہ تین روز سے مختلف مقامات پر کارروائیاں اور چھاپے .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بلیدہ سے 2 نامعلوم افراد کی نعشیں برآمد

کوئٹہ (آن لائن) بلیدہ کے علاقے سے 2 نامعلوم افراد کی نعشیں برآمد ہوئیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز بلیدہ کے علاقے میں واقعہ مندی سے 2 نامعلوم افراد کی نعشیں ملیں جنہیں فائرنگ کرکے قتل کیا گیا ہے نعشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں جنہیں ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے مردہ خانے میں موجود مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

تربت پولیس کی مشکوک موٹرسائیکل سواروں پر ہوائی فائرنگ' علاقے میں خوف و ہراس

تربت (آن لائن) پولیس کی مشکوک موٹر سائیکل سواروں پر ہوائی فائرنگ' علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا تفصیلات کے مطابق مغرب کی نماز کے بعد تربت کے ڈبل روڈ فٹ بال چوک ایریا میں مشکوک موٹر سائیکل کو پولیس گشتی موٹر سائیکل ٹیم نے رکنے کا اشارہ کیا نہ رکنے پر ہوائی فائرنگ کردی مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو گلی غریب آباد ایریا تک پیچھا کرتے ہوئے دوبارہ ہوائی فائرنگ کردی گئی' مشکوک افراد موٹر سائیکل پر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے پولیس نے نامعلوم مشکوک موٹر سائیکل سواروں کی تلاش شروع کردی' پولیس ذرائع کے مطابق کوئی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی پولیس واقعہ کی مزید تحقیقات کررہی ہے۔

بلوچستان سے پارٹی میں اہم شخصیات کی شمولیت خوش آئند ہے' ایاز صادق

بلوچستان میں کارکنوں کیلئے پارٹی سیکرٹریٹ کا قیام اور شمولیتوں کا سلسلہ خوش آئند ہے' تعاون جاری رکھیں گے' سپیکر قومی اسمبلی

رکن قومی اسمبلی کی سپیکر چیمبر میں ملاقات' احسان اللہ خاکسار کا مسلم لیگ ن میں شامل ہونے کا اعلان' رہنماؤں کا خیرمقدم

کوئٹہ / اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے اسمبلی سیکرٹریٹ اسپیکر چیمبر میں خصوصی ملاقات کی اس موقع پر معروف سیاسی شخصیت احسان اللہ خاکسار بھی موجود تھے صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ نے انہیں بلوچستان کے تنظیمی معاملات کے بارے میں بریفنگ دی ملاقات میں باقاعدہ احسان اللہ خاکسار کی مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کے فیصلے کا خیرمقدم کیا گیا کوئٹہ میں جلد بہت بڑے گرینڈ شمولیتی جلسے کا انعقاد کیا جائیگا انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں اہم سیاسی و قبائلی شخصیات کی پارٹی میں شمولیت سے بلوچستان کی سیاسی ماحول پر مثبت .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ کو زیرتعمیر چشمہ پل کے حوالے سے بریفنگ دی جارہی ہے' سیکرٹری بابر خان بھی موجود ہیں

پٹرولیم قیمتوں کا تعین 7 دن کی اوسط پر ہوتا ہے' علی پرویز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے پٹرولیم علی پرویز ملک نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین سپلائی برقرار رکھنے' ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی روکنے کیلئے عالمی منڈی کی قیمتوں کے تناظر میں کیا جاتا ہے۔ منگل کو رکن قومی اسمبلی عالیہ کامران کے توجہ دلاؤ نوٹس پر انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین 7 دن کی اوسط پر ہوتا ہے' ہم پٹرول درآمد کرتے ہیں۔۔۔

پہنور سہنڑی' مسلح گروپوں کے درمیان فائرنگ' 1 ہلاک' 2 زخمی

بروقت کارروائی میں 4 افراد گرفتار' حالات پر قابو پالیا گیا' پولیس

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) پہنور سہنڑی دو گروپوں میں شدید فائرنگ ایک شخص ہلاک دو زخمی ہوگئے پولیس کی کارروائی چار افراد گرفتار کر لیے گئے۔ پولیس کے مطابق ضلع صحبت پور کے علاقے عادل پور پولیس تھانے کی حدود پہنور سہنڑی میں گاجانی .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں 100 ارب ڈالر کی برآمدات کی صلاحیت ہے' احسن اقبال

جامع منصوبہ بندی' موثر پالیسیوں اور شعبوں کے درمیان بہتر رابطے کی ضرورت ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو پائیدار معاشی ترقی کیلئے برآمدات پر مبنی معیشت کو فروغ دینا ہوگا آئندہ دس سال میں ملکی برآمدات 100 ارب ڈالر تک پہنچانے کا ہدف حاصل کرنا ہوگا۔ وفاقی دارالحکومت میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان میں اس ہدف کو حاصل کرنے .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

سائبر سیکیورٹی کی مضبوطی کیلئے جدید سیکورٹی آپریشنز سینٹر قائم

سینٹر بین الاقوامی معیار اور بہترین عالمی طریقہ کار کے مطابق کام کرے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سائبر سیکیورٹی کو مضبوط بنانے کیلئے جدید سیکیورٹی آپریشنز سینٹر قائم کر دیا گیا۔ چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر نے سیکیورٹی آپریشنز سینٹر کا افتتاح کیا۔ معلوماتی اثاثوں کی حفاظت اور سائبر خطرات کی بروقت نشاندہی ممکن ہوگی۔ افتتاحی تقریب میں چیئرمین ڈاکٹر کبیر احمد سدھو اور کمشنرز نے شرکت کی۔ سیکورٹی .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

شناختی کارڈز کی بندش سے مسائل جنم لے رہے' جان محمد بلیدی

گوادر کے لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے اس لئے حکومت پاکستان دوہری شہریت کا معاہدہ کرے

ریاست مشکل سے نجات کیلئے ضروری اقدام اٹھائے' سینٹ میں توجہ دلاؤ نوٹس پر خطاب

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر سینیٹر جان محمد بلیدی نے سینٹ آف پاکستان میں مکران اور رخشاں ڈویژن کے لوگوں کے بلاک شناختی کارڈز پر توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں شناختی کارڈز کی بندش سے مسائل جنم دے رہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان برصغیر کا حصہ نہیں رہا ہے پاکستان سے قبل وہ ایک الگ ریاست تھی جس کے بارڈز ایران اور افغانستان سے ملتے تھے تو دونوں جانب کے لوگوں کا ایک .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری ملازمین سیاستدانوں کے ترجمان نہ بنیں' وفاقی آئینی عدالت کا اہم فیصلہ

سیاستدانوں کی مداخلت سے بدعنوانی' رشوت ستانی اور اقرباپروری جیسے امراض جنم لیتے ہیں' جسٹس علی باقر نجفی

قائداعظم نے کہا تھا حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں مگر سول سروس ریاست کی ریڑھ کی ہڈی ہے جو قائم رہتی ہے' ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت نے قائداعظم کے اصول پر اہم فیصلہ سناتے ہوئے قرار دیا ہے کہ سول سرونٹس سیاستدانوں کے اثر میں نہ آئیں۔ وفاقی آئینی عدالت نے پولیس سروس کے افسر تنویر احمد طاہر کی ترقی کی اپیل مسترد کردی۔ آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل خارج کر دی۔ یہ تحریری فیصلہ جسٹس علی باقر نجفی نے جاری کیا ہے۔ فیصلے میں قائداعظم محمد علی جناح کی اپریل 1948 میں پشاور میں سول افسران سے کی گئی تاریخی تقریر کو ملازمین کے لیے اصول بنایا گیا ہے۔ عدالتی فیصلے کے مطابق .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل راولپنڈی کی ویزا فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل راولپنڈی نے انسانی اسمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم تیمور خان کو گرفتار کر لیا۔ ملزم پر شہری کو ترکی کا ورک ویزا دلوانے کے بہانے 5 لاکھ روپے ہتھیانے کا الزام ہے۔ انکوائری نمبر 2026/462 مکمل ہونے کے بعد ملزم کے خلاف ایف آئی آر نمبر 2026/271 درج کی گئی۔ کیس میں ملوث دیگر ایجنٹس کے کردار کا تعین دوران تفتیش کیا جائے گا۔ جبکہ کیس کی تفتیش انسپکٹر عاشر آرون کر رہے ہیں۔ ایف آئی اے اسلام آباد زون انسانی اسمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائیاں جاری رکھنے اور شہریوں کو بیرون ملک ملازمت کے نام پر ہونے والے فراڈ سے محفوظ رکھنے کیلئے پرعزم ہے۔

حکومت طبی سہولیات کیلئے موثر اقدامات اٹھارہی ہے' بخت محمد کاکڑ

سرکاری ہسپتالوں میں علاج و معالجے کی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے

کوشش ہے غریب و مستحق مریضوں کو علاج کے حصول میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے' وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو معیاری اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے موثر اقدامات اٹھا رہی ہے' صحت کے شعبے میں بہتری اور سرکاری ہسپتالوں میں علاج و معالجے کی سہولیات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے یہ بات انہوں نے بیان .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سے سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ کی ملاقات

روبینہ خالد کی جانب سے مسائل کے حل کے حوالے سے تعاون و متعلقہ اقدامات کی یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی چیئرپرسن روبینہ خالد سے منگل کو پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء و سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران سینیٹر روزی خان کاکڑ نے بلوچستان میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مستفید ہونے والی خواتین کو درپیش مسائل اور مشکلات .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی خدمت ہماری سیاست کی اولین ترجیح ہے' ثمینہ ممتاز زہری

ہماری سیاست کا بنیادی مقصد معاشرے میں مثبت تبدیلی لانا ہے' سینیٹر

کوئٹہ (یو این اے) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ عوامی خدمات ہماری سیاست کی اولین ترجیح ہیں کیونکہ سیاست کا بنیادی مقصد عوام کی خدمت' ان کے مسائل کا حل اور معاشرے میں مثبت تبدیلی لانا ہے عوامی نمائندگی ایک اہم ذمہ داری ہے جس کا تقاضا ہے کہ عوام کی ضروریات کو سمجھتے ہوئے ان کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت کا جذبہ ہی ایک کامیاب اور موثر سیاسی طرز عمل کی بنیاد ہے' جبکہ عوامی مسائل .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت پر بہتان تراشی کسی صورت مثبت سیاسی رویہ نہیں' مولانا عبدالواسع

جمعیت کی پرامن آئینی' جمہوری اور سیاسی جدوجہد کو بہتان تراشی کے ذریعے مسخ کرنے کی کوششیں ناکام ہوں گی' صوبائی امیر

جماعت نے ہر دور میں نامساعد حالات اور مختلف چیلنجز کا ثابت قدمی سے مقابلہ کیا' اصولی موقف پر سمجھوتہ نہیں کریں گے' سینیٹر

ہمارے مخالفین جب سیاسی میدان میں ناکام ہو جاتے ہیں تو وہ بے بنیاد الزامات کا سہارا لیتے ہیں' آغا محمود شاہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ منفی پروپیگنڈے' جھوٹے الزامات اور بے بنیاد من گھڑت بیانوں کے ذریعے عوام کے دلوں سے جمعیت علماء اسلام کی عظمت' محبت اور اعتماد کو ختم نہیں کیا جا سکتا جمعیت علماء اسلام کی پرامن آئینی' جمہوری اور سیاسی جدوجہد کو جھوٹ اور بہتان تراشی کے ذریعے مسخ کرنے کی تمام کوششیں ناکام ہوں گی' کیونکہ .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر علی مدد جتک سے اگی ربانگا و پر علاقے کے معتبرین ملاقات کررہے ہیں

نمائندگی کا اصل مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہے' علی مدد جتک

مسائل کا حل اولین ترجیح' عوامی خدمت کے مشن کو لگن اور خلوص کے ساتھ جاری رکھیں گے' صوبائی وزیر

ہمارے اور عوام کے درمیان مضبوط رابطہ ہی موثر خدمت کی بنیاد' جس پر ہم یقین رکھتے ہیں' رہنماء پی پی پی

اپنی ذمہ داریاں دیانت داری اور خلوص کے ساتھ نبھاتے رہیں گے' جتک ہاؤس میں دوستوں و علاقہ معززین سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر حاجی میر علی مدد جتک نے کہا ہے کہ عوامی خدمت' لوگوں کے مسائل کا حل اور حلقہ انتخاب کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں عوامی نمائندگی کا اصل مقصد لوگوں کی مشکلات کو سمجھنا' ان کے مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کرنا اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار جتک ہاؤس کوئٹہ میں حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے دوستوں او .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

انڈیپنڈنٹ پینل میں شمولیت کرنیوالوں کے اعزاز میں استقبالیہ سے ہائیکورٹ بار کے صدر عطاء اللہ لانگو' میزبان ملک امین کاکڑ' سلیم لاشاری' نصیب اللہ اور دیگر خطاب کررہے ہیں

کوئٹہ' تھانہ سونا خان کے قریب فائرنگ سے 1 شخص قتل

اسماعیل ہزار گنجی جارہا تھا' نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے

کوئٹہ (آن لائن) تھانہ سونا خان کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا' نعش ہسپتال منتقل کردی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز اسماعیل نامی شخص ہزار گنجی جارہا تھا کہ نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کردی جس سے وہ موقع پر ہلاک ہوگیا' نعش ہسپتال منتقل کی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا مزید کارروائی .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

خاتون رپورٹر کو ہراساں کرنا قابل مذمت ہے' بی یو جے

نامعلوم افراد نے خاتون رپورٹر کے شوہر کیمرہ مین امین اللہ مینگل کو زدوکوب کیا' منظور رند

واقعہ میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے' شاہ حسین ترین' اراکین مجلس عاملہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے صدر منظور احمد رند' جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین اور کابینہ و مجلس عاملہ کے اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں نجی نیوز چینل کی خاتون رپورٹر عطیہ اکرم اور امین اللہ مینگل کیساتھ پیش آنے والے واقعہ کی مذمت اور تشویش کا اظہار کیا ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ خاتون رپورٹر عطیہ اکرم اور اس کے شوہر .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

شیخ راشد ہسپتال کی بحالی کیلئے اقدامات جاری ہیں' مولانا ہدایت الرحمن

جیونی کے شیخ راشد بن محمد بن راشد المکتوم ہسپتال کو مکمل فعال اور شمسی توانائی کا نظام مکمل کرلیا گیا' رکن اسمبلی

اقدامات کا مقصد جیونی سمیت گردونواح کے علاقوں کے عوام کو دہلیز پر طبی سہولیات فراہم کرنا ہے' صوبائی امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان' حق دو تحریک اور رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی کوششوں سے جیونی کے شیخ راشد بن محمد بن راشد المکتوم ہسپتال کی بحالی اور اسے مکمل فعال بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں ہسپتال میں شمسی توانائی کا نظام نصب کرنے کا کام مکمل کرلیا گیا ہے' جبکہ عمارت کی مرمت اور پانی کی فراہمی کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق' ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر بلوچ کی سربراہی میں ہسپتال میں شمسی توانائی کا نظام نصب کرنے کا کام مکمل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ہسپتال کی عمارت کی مرمت کا کام بھی شروع کر دیا گیا ہے' جبکہ پانی کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے سپلائی کنکشن لگانے کا عمل جاری ہے۔ ان .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن سائنس کالج یونٹ کے زیراہتمام منعقدہ شمولیتی پروگرام میں نواب جوگیزئی و دیگر شریک ہیں

پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں اضافے خوش آئند ہے' محمد عبدالقادر

حکومتی سہولت کاری کو یکجا کرکے پاکستان عالمی ڈیجیٹل معیشت میں مقام بہتر بنا سکتا ہے' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں اضافے کو معیشت کیلئے خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں' نجی شعبے کی محنت اور حکومتی سہولت کاری کو یکجا کرکے پاکستان عالمی ڈیجیٹل معیشت میں اپنا مقام مزید بہتر بنا سکتا ہے۔ ستمبر 2026 میں پاکستان کی آئی ٹی برآمدات 43 کروڑ 50 لاکھ ڈالر رہیں' جو گزشتہ سال کے اسی مہینے سے 18 فیصد اور .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

معلومات فراہم کرنیوالے افراد کا تحفظ ناگزیر ہے' قائمہ کمیٹی ایس اینڈ جی اے ڈی

سرکاری اداروں میں شفافیت کے فروغ اور انتظامی امور میں بہتری کیلئے موثر قانون سازی وقت کی اہم ضرورت ہے' سید ظفر علی آغا

قانون سازی کا مقصد ایسا منصفانہ نظام تشکیل دینا ہے جس میں شہریوں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے' چیئرمین کمیٹی

منعقدہ اجلاس میں بلوچستان مخبر تحفظ بل 2026 کا تفصیلی جائزہ' اراکین میر جہانزیب مینگل' شاہدہ روف اور عبدالمجید بادینی نے شرکت کی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن (S&GAD) کا اجلاس اسمبلی کے کمیٹی روم میں چیئرمین کمیٹی سید ظفر علی آغا کی زیرصدارت منعقد ہوا' جس میں بلوچستان مخبر تحفظ بل 2026 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین میر جہانزیب مینگل' شاہدہ روف اور پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی عبدالمجید بادینی نے شرکت کی .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ' صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پشتو اکیڈمی کی بنیاد شہید عبدالصمد خان اچکزئی نے رکھی تھی' پشتونخوامیپ

اکیڈمیز کیخلاف ایکٹ کسی بھی جمہوری فرد' تنظیم کو قبول نہیں' نواب ایاز جوگیزئی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن سائنس کالج علاقائی یونٹ کے زیر اہتمام سائنس کالج کوئٹہ کے گراؤنڈ میں نئے آنے والے طلباء کے اعزاز میں ایک پروقار ویلکم پارٹی اور شمولیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کے مہمان خصوصی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی تھے تقریب میں 200 سے زائد طلباء نے پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن میں شمولیت اختیار کی۔ نئے طلباء کو خوش آمدید کہا گیا تقریب سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

سردیوں میں گیس کی عدم فراہمی صارفین کیلئے عذاب سے کم نہیں' قاری مہر اللہ

کوئٹہ میں منفی درجہ حرارت کے دوران گیس کی مسلسل سپلائی یقینی بنائی جائے' ضلعی امیر جمعیت ن

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا قاری مہر اللہ جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین سینئر نائب امیر مولانا محمد احمد حقانی نائب امیر مولانا شاہ محمد مفتی رحمت اللہ حقانی' مولانا رحمت اللہ حقانی مولانا عبدالغفور کرخی نے کہا بلوچستان .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین کی ترقی کیلئے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے' ڈاکٹر ربابہ بلیدی

خواتین کی سماجی و معاشی ترقی صوبے کی مجموعی ترقی سے وابستہ ہے' صوبائی مشیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو سیکرٹری محکمہ ترقی نسواں شیر شاہ کلوئی نے محکمہ کے انتظامی' ترقیاتی اور جاری منصوبوں سمیت مختلف محکمہ جاتی امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران محکمہ ترقی نسواں کی مجموعی کارکردگی' خواتین کی سماجی و معاشی ترقی' انہیں بااختیار بنانے کے اقدامات اور جاری منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر خواتین کو معاشی طور پر خود مختار بنانے' ان کیلئے روزگار اور ہنرمندی کے مواقع میں اضافے اور معاشرے میں ان کی موثر شمولیت کیلئے محکمہ کے کردار پر .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

شام میں انتشار پھیلانے کی کوشش' ترک صدر کا اسرائیل کو انتباہ

انقرہ (م ڈ) ترکی کے صدر رجب طیب اردگان نے شام میں انتشار پھیلانے کی کوشش پر اسرائیلی حکومت کو خبردار کردیا ہے۔ ترک صدر اردگان نے انقرہ میں ایک تقریر میں کہا کہ ہمیں شام سے اچھی خبریں موصول ہورہی ہیں لیکن اسرائیل وہاں بھی افراتفری پھیلانے کی پوری کوشش کررہا ہے۔

پی ٹی آئی پر پابندی کی آئین میں بے شمار گنجائش موجود' طلال چودھری

ہم ایسا کام نہیں کرنا چاہتے اور نہ ہی ہم کے پی میں گورنر راج لگانا چاہتے ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے کہا ہے کہ تحریک انصاف پر پابندی سے متعلق آئین میں ایسی بے شمار گنجائش ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سیاسی حکومت ہوتے ہوئے ہم ایسا کام نہیں کرنا چاہتے' ہم گورنر راج بھی نہیں لگانا چاہتے تھے۔ طلال چودھری کا کہنا تھا کہ 14 سال میں تحریک انصاف نے دہشت گردی کو کوئی مسئلہ سمجھا ہی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اڈیالہ بھی بی گالہ یا مراد سعید کے ہاتھوں میں پوری حکومت .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

موسم سرما میں ایل این جی کی طلب پوری کرنے کیلئے اہم فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے موسم سرما میں ایل این جی (گیس) کی طلب پوری کرنے کیلئے اہم فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے درآمدی ایل این جی کے 18 کارگوز خریدنے کا فیصلہ کیا ہے۔۔۔

حرمین شریفین کی سلامتی مسلمانوں کا اہم دینی فریضہ ہے' جمعیت نظریاتی

مقدس سرزمین پر بیرونی جارحیت کو عالم اسلام کی سلامتی پر حملہ تصور کیا جائے گا' مولانا عبدالقادر لونی

مسلم ممالک کے حکمران سعودی عرب کی خودمختاری' سلامتی اور پائیدار امن کیلئے مشترکہ فوج تشکیل دیں' مولانا محمود الحسن قاسمی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی صوبائی امیر خیبر پختونخوا مولانا قاضی گل الرحمان کیال صوبائی امیر بلوچستان مولانا قاری مہر اللہ صوبائی امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ فاروقی صوبائی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈاہیر مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف سرپرست اعلی مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ایل پی جی کی قیمت تاریخ کی بلندترین سطح پر پہنچ گئی

لاہور (بیورو رپورٹ) ایل پی جی کی قیمت تاریخ کی بلندترین سطح پر پہنچ گئی۔ چیئرمین ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن عرفان کھوکھر کے مطابق پہاڑی علاقوں میں ایل پی جی 600 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے جبکہ گھریلو سلنڈر 7200 روپے میں فروخت ہورہا ہے۔ عرفان کھوکھر کے مطابق پنجاب اور خیبر پختونخوا میں گیس 500 روپے کلو میں فروخت ہورہی ہے۔۔۔

صفائی کی ابتر صورتحال وبال جان بن چکی' مولانا عبدالرحمان رفیق

نالیوں میں جمع گندگی اور گرد و غبار نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی' مین اللہ شمس

کوئٹہ شہر میں ہر طرف تعفن' بیماریوں میں اضافہ ہو رہا ہے' مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق' جنرل سیکرٹری حاجی مین اللہ شمس' سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد' سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد' عبدالصمد حقیار' مفتی محمد ابوبکر' عبدالباری شہزاد' اختر جان مری' مولانا جمال الدین حقانی' مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطاء محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر اور گردونواح میں صفائی کی ابتر صورتحال شہریوں کیلئے وبال جان بن چکی ہے شہر کے .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کی خدمت میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے' ولی نورزئی

ہم نے ہمیشہ مستحق افراد کی مشکلات دور کرنے کیلئے کردار ادا کیا' پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود

آج ہم نے قرعہ اندازی کے ذریعے 300 مستحقین میں پلاٹ تقسیم کئے' تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنماء و پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ وہ انسانیت کی خدمت اور معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کی بحالی کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے پہلے بھی میں نے رضاکارانہ طور پر خدائی خدمت گار تنظیموں کے ساتھ تعاون کیا ہے اور اس تنظیم کے ساتھ بھی میرا روز اول سے ہی تعلق ہے اور اس کو آخری دم تک نبھائیں گے تاکہ لوگوں کی مشکلات کم کرکے انہیں مسائل سے چھٹکارا دلاسکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے زیڈ کے الپائن ویلاز نوحصار کے مستحقین .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر



کوئٹہ' پشتونخوا ایس او ضلع کوئٹہ کے عہدیداروں کے اجلاس سے پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر نصراللہ زیرے' وارث خان افغان' خوشحال و دیگر خطاب کررہے ہیں

پشتونخوا ایس او کوئٹہ کی ضلعی کانفرنس 10 نومبر کو ہوگی' پشتونخوامیپ

پشتونخوا ایس او پشتونخوا قومی تحریک کی اہم طلبہ تنظیم ہے' نصراللہ زیرے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کوئٹہ کے ذمہ دار عہدیداروں کا ایک اہم اجلاس زونل سیکرٹری وارث افغان کی صدارت میں منعقد ہوا' جس میں تنظیمی امور' ضلع کوئٹہ میں تنظیم کو مزید فعال و منظم بنانے' طلبہ کے مسائل' سیاسی' نظریاتی تربیت اور آئندہ کے تنظیمی لائحہ عمل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پشتونخوا ایس او ضلع کوئٹہ کا ضلعی کانفرنس 10 نومبر کو منعقد کیا جائے گا اجلاس کی نظامت کے فرائض پشتونخوا ایس او کے .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر



چیئرمین مجلس قائمہ سید ظفر علی آغا مسودہ قانون whistleblowerProtection بابت اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مستحق بیروزگاروں کی حق تلفی کا سلسلہ جاری ہے' ایچ ڈی پی

دوسرے اضلاع کے لوگ درجہ چہارم کی پوسٹ پر کوئٹہ میں بھرتی کئے جارہے ہیں

مسلط اراکین اسمبلی خود اسمبلی فلور کرپشن و اقرباء پروری کا اقرار کررہے ہیں' بیان

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں صوبائی محکموں میں اقرباء پروری' سفارش' آسامیوں کی فروخت اور کرپشن کے دیگر تمام ذرائع کے استعمال' صوبائی اسمبلی کے سیشن کے دوران جعلی حکومتی اراکین کے درمیان ایک دوسرے پر نوکریوں کی فراہمی میں بدعنوانیاں کرنے کی خبروں پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ کے قابل' محنتی' مستحق بیروزگار نوجوانوں کی حق تلفی کا سلسلہ کئی دہائیوں سے جاری ہے 2019ء کے دوران 300 کے قریب کوئٹہ کے درجہ چہارم کے ملازمین کی آسامیاں محکمہ واسا اور پبلک ہیلتھ میں ضلع زیارت .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

روس نے پاک افغان کشیدگی کے خاتمے کیلئے ثالثی کی پیشکش کردی

پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی کشیدگی کا جلد حل اور گزرگاہوں کی بحالی چاہتے ہیں

سرحدی بندش سے پاک افغان بلکہ وسط ایشیائی ممالک اور روس کی تجارت متاثر ہو رہی ہے' البرٹ

اسلام آباد (این این آئی) روس نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی کے خاتمے میں تعاون کی پیشکش کردی۔ روس کے سفیر البرٹ پی خوریف نے انسٹیٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز اسلام آباد میں پاک روس تعلقات کے موضوع پر خطاب کے دوران کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی کشیدگی کا جلد حل اور سرحدی گزرگاہوں کی بحالی چاہتے ہیں۔ البرٹ پی خوریف نے کہا کہ سرحدی بندش سے نا صرف پاک افغان بلکہ وسط ایشیائی ممالک اور روس کے ساتھ بھی تجارت متاثر ہو رہی ہے۔ روس میں تعینات .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی سرحد کی بندش سے درآمدات و برآمدات کا سلسلہ معطل ہے' نیشنل پارٹی

سرحدوں کی بندش کے منفی اثرات بلوچستان کی معیشت و زراعت پر مرتب ہو رہے ہیں' رحمت صالح بلوچ

سرحدی علاقوں میں اشیاء ضروریہ کی قلت اور مہنگائی بڑھنے کا خدشہ بھی پیدا ہو گیا' ڈپٹی پارلیمانی لیڈر

صوبائی حکومت عوام کے معاشی مفادات کے تحفظ کیلئے اس اہم مسئلے کو فوری طور پر وفاق کے سامنے اٹھائے' رکن اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے پاک ایران سرحد کی بندش اور سرحدی تجارت کی معطلی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش معاشی مشکلات' زمینداروں کے نقصانات اور سرحدی علاقوں میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری کے خدشات کے پیش نظر سرحدی .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر